دیگر

برائے نفاق طلسم مندرجہ ہذا کو لکھ کر اندر چاہ غرق کرے خدا چاہے تو اندر ہفتہ جدائی ہو جائے گی اور وہ طلسم یہ ہے۔

ک ۹۹۹ ۱۱۱ ۹۹۸۱۱ ۹۱۹۶ م

دیگر

اگر منظور ہے کہ درمیان دو شخصوں کے عداوت دیرینہ ہو جائے تو چاہیئے کہ گولر کے پتے پر اس طلسم کو لکھے اور نذر آتش کرے۔ طلسم کے لکھنے اور آگ میں جلانے کی ساعت مریخ یا زحل کی ہو اور یہ عمل متواتر سات روز تک ہونا چاہیئے۔

۲۲۱۳۱ ۱۱۱۸ ۴

درمیان فلاں بن فلاں و فلاں بن فلاں کے عداوت ہو

دیگر

برائے بغض و عداوت آخر ماہ میں بروز یکشنبہ مریخ کی ساعت میں لکھے اور اس کو پرانی قبر میں دفن کرے۔ نقش ہذا مجرب ہے اور کئی عاملین کے تجربات میں آچکا ہے۔ سید علی صاحب بلگرامی کی خاندانی بیاض سے بصد شکریہ نقل کیا گیا موصوف خود بھی اس نقش کے مداح ہیں۔

طلسم یہ ہے:-

۱۵۱۱۶۱ ۱۳ ۱۱۱ دوا

دیگر

برائے عداوت یا ایسے شخص کے جو مکان سے نہ نکلتا ہو۔ اور آمادہ بہ سرکشی ہو، اس نقش کو لکھ کر اس کی ایسی گزرگاہ پر زیر زمین دفن کرے جو شخص مطلوبہ کے نانگھنے یعنی پھلانگنے میں آوے البتہ اس کا خیال رکھے کہ زوال ماہ ہو دن دوشنبہ اور ساعت زحل کی ہو کالا دانہ سلگا کر دس کے ہندسے کر کے ۹ پر ختم کرے دشمن چلا جاوے گا

۹	۲	۷
۴	۶	۸
۵	۱۰	۳

العجل العجل العجل الساعۃ الساعۃ الساعۃ

دیگر اگر منظور رہے کہ درمیان دو یا کئی آدمیوں کے بغض پیدا ہو جائے تو اس طلسم کو معہ چار نام کے لکھ کر پرانی قبر میں دفن کرے انشاءاللہ کامیابی ہوگی اور وہ یہ ہے:۔

۱۱۶ ۹۱۱ ۹۱۳ ۱۱ ۱۱ ۱۱

بغض وعداوت ہو درمیان فلاں بن فلاں وفلاں بن فلاں

دیگر نقش مندرجہ ہذا برائے عداوت بہت سے عاملین کا آزمایا ہوا ہے کبھی خطا نہیں کرتا جیسا کہ قلمی بیاض جناب سید علی صاحب میں تحریر ہے برائے عداوت منگل یا اتوار ساعت مریخ میں تحریر کر کے دشمن کے یا جن شخصوں کے درمیان عداوت کرانی منظور ہو گھر میں یا ان کے پلنگ میں رکھ دے عداوت ہو جائے گی۔

۹۳۳ [۸]	۹۳۷ [۱۱]	۹۴۹ [۱۴]	۹۲۶ [۱]
۹۳۹ [۱۳]	۹۲۷ [۲]	۹۳۲ [۷]	۹۳۸ [۱۲]
۹۲۸ [۳]	۹۴۲ [۱۶]	۹۳۵ [۹]	۹۳۱ [۶]
۹۳۶ [۱۰]	۹۳۰ [۵]	۹۲۹	۹۴۱ [۱۵]

دیگر یہ ایک گراں قدر طلسم ہے برائے عداوت معہ چار نام کے لکھ کر فتیلہ بنائے اور کڑوے تیل میں جلائے اور یہ عمل متواتر تین روز تک کرے سید علی صاحب فرماتے ہیں کہ میرے تجربات میں اس عمل سے اب تک مجھ کو ناکامی نہیں ہوئی۔

ک ۱۰ ۱۱۵۶۱۵ ح ۱

ک ۱۶۱۱۹۶۱۱۱۲ صہ لہ ح ۲

ک ۵۱۵۸ ۱۱۱۵۸ ۱۸۱ ع س ح ۳

دیگر برائے بغض اس طلسم کو ساعت زحل یا مریخ میں بروز منگل لکھے اور کڑوے تیل میں جلائے اور اس کو فتیلہ بنا لے اور رات بھر جلاوے عداوت عظیم پیدا ہوگی

ع ۹۲ ۱۱۸ ع ۱۸۱۱ ع۱۱ ״

ع ۱۶۴۱ ۲۱۱ عو ۱۱۱ ع ״

ک ۹۲۶۱۱ ۵۶۱۱۱۴ ۱۲ ح ۱۱ ط

دیگر برائے عداوت کے لکھ کر متصل آگ کے دفن کرے باہمی نفاق پیدا ہو کر رہے گا اور وہ طلسم یہ ہے جو آزمودہ ہے۔

۱۱حد ط ط ع ع ع ع حد عسو ۲

درمیان فلاں بن فلاں وفلاں بن فلاں بغض ہو۔

دیگر برائے عداوت نقش مندرجہ ہذا بروز ہفتہ یا منگل۔ اگر ہفتہ ہے تو ساعتِ زحل اور اگر منگل کا دن ہے تو مریخ کی ساعت بہتر ہوگی لیکن مرتبی نقش مذکورہ کے سلسلے میں اس امر کا ضرور خیال رکھے کہ دن ڈھل رہا ہو اور مہینے کی آخری تاریخیں ہوں اس وقعت ذہن میں اپنے مقصد کو مدنظر رکھتے ہوئے اس نقش کو غضبناک ہو کر تحریر کرے اور چھ سے سات بجے کے اندر اندر

۱۶	۳	۲	۱۳
۵	۱۰	۱۱	۸
۹	۶	۷	۱۲
۴	۱۵	۱۴	۱

پرانی قبر میں یا دشمن کے صدر دروازے کی چوکھٹ کے نیچے گاڑ دے صبح و شام کی قید نہیں ہے۔

دیگر نقش مندرجہ ہذا برائے پیدا کرتے عداوت تیر بہدف کام کرتا ہے بروز ہفتہ یا منگل ساعتِ زحل یا مریخ میں لکھ کر پرانی قبر میں یا دشمن کے مکان کے صدر دروازے کی چوکھٹ کے نیچے دفن کر دے دو دوستوں میں عداوت ڈالنے کے لیے تیر بہدف کام کرے گا۔

۷۵۴	۷۶۸	۷۶۵	۷۶۱
۷۶۶	۷۶۰	۷۵۵	۷۶۷
۷۵۹	۷۶۳	۷۷۰	۷۵۶
۷۶۹	۷۵۷	۷۵۸	۷۶۴

دیگر اگر منظور ہو کہ درمیان دو دیرینہ دوستوں کے ایسا نفاق پیدا ہو جائے کہ دونوں ایک دوسرے کی صورت سے متنفر ہو جائیں اور پھر یکجائی نہ ہو سکے تو چاہیئے کہ بروز ہفتہ یا منگل لبساعت مریخ ایک کانٹا ساہی کا جس کو سہ بھی کہتے ہیں حاصل کرے اور نقش مندرجہ ہذا اس سیاہی سے پر کرے اس میں قدرے سرکہ اور عرق لہسن ملا لیا گیا ہو۔ نفاق کا تصور قائم کرتے ہوئے اسی ساہی (سہ) کے کانٹے سے دو نقش پر کرے اور ان دونوں دوستوں کے گھر کے اندر زمین میں دفن کرکے قدرتِ خدا کا مشاہدہ کرکے ایسی خانہ جنگی ہوگی کہ جو دیکھنے اور سننے میں نہ آئی ہوگی اور پھر ان میں دائمی جدائی ہو جائے گی۔

۱۰۵۸	۱۰۷۲	۱۰۶۸	۱۰۶۵
۱۰۶۹	۱۰۶۴	۱۰۵۹	۱۰۷۱
۱۰۶۳	۱۰۶۶	۱۰۷۴	۱۰۶۰
۱۰۷۳	۱۰۶۱	۱۰۶۲	۱۰۶۷

دیگر نقش ہذا دشمن وچغل خوروں کی زبان بندی کے حق میں اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔ اگر منظور ہے کہ حاسدین اور دشمنوں کی زبان ہمیشہ کیلیے بند ہو جائے تو نقش ہذا کو چاندی کے پتر پر کندہ کرا کر انگوٹھی میں جڑوا لے اور پہنے رہے نجاست اور گندگی سے بچاتا رہے انشاءاللہ دشمنوں کی زبان بدگویوں کی بند ہو جاگی

۷۸۶

ح	م	ع	س ق
س	ق	ح	م ع
م	ع	س	ق ح
ع	س	ق	ح م

دیگر یہ نقش دشمنوں اور حاسدین کی زبان بند کرنے میں تیر بہدف کام کرتا ہے جب ضرورت مجبور کرے تو حسب قاعدہ اس نقش کو لکھ کر بعد کرنے موم جامہ دریا کے اندر پانی میں ڈال کر اوپر سے ایک بھاری پتھر تعویذ پر رکھ دے تاکہ پانی اسے نہ بہا سکے انشاء اللہ زبان دشمنوں اور بدگویوں کی بند ہو جائے گی۔ نقش یہ ہے ←

ں ع ۲	۱۱م	لا ۱۳	س ع
ھ ۱۳	ص ۴	د ۳	و ۱۳
ط ۷	فلاں بن فلاں	ی ۱۰	ح ۳
ف ۹	۱۱	ع ۸	۶۱۵

دیگر بابت بندی زبان دشمناں نقش ہذا تیر بہدف کام کرتا ہے چاہیئے کہ زوال ماہ میں بروز منگل بہ ساعت مریخ اس نقش کو حسب قاعدہ جیسا کہ بارہا تجربہ کیا جا چکا ہے مرتب کرے اور دشمن کے سرہانے جہاں کہ سوتا ہے دفن کر دے۔ جب کہ تعویذ نکالا نہ جائے گا زبان دشمن کی بند رہے گی۔

۱۳ ۲۳۱۲	۸ ۲۳۰۷	۲ ۲۳۰۰	۱۱ ۲۳۱۰
۱۰ ۲۳۰۹	۳ ۲۳۰۱	۵ ۲۳۰۴	۱۶ ۲۳۱۵
۷ ۲۳۰۶	۱۴ ۲۳۱۳	۱۲ ۲۳۱۱	۱ ۲۳۹۹
۴ ۲۳۰۳	۹ ۲۳۰۸	۱۵ ۲۳۱۴	۶ ۲۳۰۵

دیگر یہ نقش برائے ڈالنے عداوت مفید ہے حسب قاعدہ لکھے نقش کے نیچے نام دشمن و اس کی ماں کا تحریر کر کے حرف مطلب لکھے اور پرانی قبر میں دفن کرے انشاءاللہ تعالیٰ دشمن کو معقول سبق ملے گا۔

۱۴۳۶	۱۴۴۹	۱۴۴۶	۱۴۴۳
۱۴۴۷	۱۴۴۲	۱۴۳۷	۱۴۴۸
۱۴۴۱	۱۴۴۴	۱۴۵۱	۱۴۳۸
۱۴۵۰	۱۴۳۹	۱۴۴۰	۱۴۴۵

قاعدہ زبان بندی

یا قابض بند کردم زبان وعقل و گوش وہوش و دل و جگر فلاں بن بن فلاں در حق بن فلاں لکھ کر اعداد حروف غیر منقوط تیار کرے۔ مثال اعداد حروف غیر منقوط تیار کرے۔ مثال اعداد حروف غیر منقوط (۵۴۳) ہیں تو اس کے تین مثلث تیار کرے۔ ایک مثلث دو پتھروں کے درمیان رکھ کر خوب مضبوط باندھے اور اپنے مکان کے گوشہ تاریک میں دفن کردے اور اس پر ایک وزنی پتھر اور رکھ دے اور دوسرا نقش مچھلی کے منہ میں رکھ کر اس کے منہ کو خوب کس کر باندھے اور مچھلی کو لب دریا دفن کردے اور اس پر ایک وزنی پتھر رکھ دے تاکہ پانی مچھلی کو بہا نہ لے جائے بلکہ مچھلی کے اوپر سے رواں رہے اور تیسرا نقش قبر کہنہ میں جو کھل گئی ہو اس کے اندر دفن کرے اور نقش حروف غیر منقوط کا جس کی تمثیل کا تذکرہ اوپر تحریر کیا گیا ہے (۵۴۳) کے حساب سے اس مثلث کو پُر کرے۔ نقوش حروف غیر منقوط کے نمونے یہ ہیں۔

نقش حروف غیر منقوط

۱۷۸	۱۸۳	۱۸۲
۱۸۵	۱۸۱	۱۷۷
۱۸۰	۱۷۹	۱۸۴

خاک میں دفن کرنے کا

۱۷۸	۱۸۵	۱۸۰
۱۸۳	۱۸۱	۱۷۹
۱۸۲	۱۷۷	۱۸۴

قبر میں دفن کرنے کا

۱۷۸	۱۸۵	۱۸۰
۱۸۳	۱۸۱	۱۷۹
۱۸۲	۱۷۷	۱۸۴

یہ نقش آبی ہے مچھلی کے منہ میں رکھ کر دریا میں دفن کرنے کے لیے ہے بقیہ دونوں نقوش خاکی ہیں۔

اوقات

ایسے نقوش کے تحریر کرنے کے اوقات یہ ہیں۔ قمر در عقرب میں یا بروز چہارشنبہ ساعت عطارد میں لکھنے کا کاغذ نیلا ہو اور نیلی ہی روشنائی بھی ہو اور لکھنے کے وقت منہ میں موم دانتوں میں دبا کر بند کرے اور اگر زیادہ قوی کرنا منظور ہو تو یَا قَابِضُ (۳۱۲۵) مرتبہ روزانہ پڑھے جب تک پڑھے گا کسی کا دعویٰ وغیرہ نہیں ہو سکتا ورنہ ضرورت نہیں اور گرد مثلث یہ آیت تحریر کرے اور جب لکھے تو سانس روک کر لکھے

لا یرجعون یا قابض ختم اللہ علی

۱۷۸	۱۸۵	۱۸۰
۱۸۳	۱۸۱	۱۷۹
۱۸۲	۱۷۷	۱۸۴

قلوبهم و علی سمعهم

مثال مع آیت کے یہ ہے اس چال سے دو نقش گھر اور قبر میں دفن کرنے کے لیے اور تیسرا آٹھویں خانہ سے بھر

دیگر بہ نقش مبارک ہزار در ہزار خوبیوں کا مالک ہے منجملہ ان کے حفاظت جان ومال و قیام عزت و آبرو کے دشمنوں اور بدگوییوں کی زبان بند کر دینے میں حکم ناطق رکھتا ہے اگر منظور ہو کہ زبان دشمن اور حاسدین کی بند ہو جائے تو اس نقش کو پُر کر کے دشمن اور اس کی ماں کا نام نقش کے نیچے لکھ کر زیر زمین مقام پاک وپاکیزہ لیکن ویران اور گوشہ ہو دفن کر دے جو نہ زیر قدم آ سکے اور نہ کسی نجاست سے ملوث ہو سکے۔

۷۸۶

۱۲۸۳	۱۲۸۶	۱۲۸۹	۱۲۷۶
۱۲۸۸	۱۲۷۷	۱۲۸۲	۱۲۸۷
۱۲۷۸	۱۲۹۱	۱۲۸۴	۱۲۸۱
۱۲۸۵	۱۲۸۰	۱۲۷۹	۱۲۹۰

دیگر نقش مندرجہ ذیل بہت سے خواص کا مالک ہے منجملہ ان کے دشمنان وحاسدین کی زبان بند کرنے میں تیر بہدف کام کرتا ہے چنانچہ جب ضرورت لاحق ہو نقش ہذا کو حسب ضابطہ پُر کرے اور کسی بھاری پتھر کے نیچے دبا دے، جب تک تعویذ پتھر کے نیچے دبا رہے گا زبان دشمن کی بند رہے گی۔

۱۱۶۱۵	۱۱۶۲۲	۱۱۶۲۵	۱۱۶۱۱
۱۱۶۲۴	۱۱۶۱۲	۱۱۶۱۸	۱۱۶۲۳
۱۱۶۱۳	۱۱۶۲۷	۱۱۶۲۰	۱۱۶۱۷
۱۱۶۲۱	۱۱۶۱۶	۱۱۶۱۴	۱۱۶۲۶

دیگر زبان بندی کے سلسلے میں یہ نقش بہتر کام کرتا ہے حسب ضرورت لکھ کر بازو پر باندھے زبان مخالفین کی بند رہے گی۔ آزمودہ ہے۔

بدوہ	اررہ	یاجبرائیل	یا علیؑ
دودھم	عمارکا	یامیکائیل	یا عزرائیل

دیگر نقش مندرجہ ہذا برائے حفاظت جان ومال اکسیر ہے۔ جب جان ومال کو نقصان پہنچنے کا احتمال ہو تو چاہیئے کہ نقش مندرجہ ہذا دو عدد تیار کرے ایک بصورت تعویذ موم جامہ کر کے بازو پہ باندھے اور دوسرا مال واسباب میں رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دونوں محفوظ رہیں گے۔ بروقت مرتبی نقش ان تمامی قواعد وضوابط کی پابندی لازمی ہے جو پچھلے اوراق میں لکھی جا چکی ہے۔

۷۸۶

۳۶۱۶	۳۶۱۹	۳۶۲۳	۳۶۰۸
۳۶۲۱	۳۶۱۰	۳۶۱۵	۳۶۲۰
۳۶۱۱	۳۶۲۴	۳۶۱۷	۳۶۱۴
۳۶۱۸	۳۶۱۳	۳۶۱۲	۳۶۲۲

باب ۳

دربیان عملیات و تعویذات بابت حُب

مندرجہ ذیل تعویذ نادرالوجود کو مٹی کے نئے پیالے پر لکھیں اور کنویں میں ڈالیں مطلوب فرطِ محبت سے بیقرار ہو گا۔ بہت کامیاب عمل ہے۔

ک	۱۱	عہ	۱۱	۷
۶	۱۱	۶	۱۱	۱۱

الی	۱۱	۱۱۹	۱۱	
عہ	۲	۷	ک	۲۸

ایضاً۔ اگر محبوب بے اعتنائی برت رہا ہو اور اس کو بیقرار کرنا مقصود ہو تو عمل ہٰذا پان پر لکھ کر محبوب کو کھلائیں پان کھاتے ہی بیتاب و بے قرار ہو گا لیکن شرط یہ ہے کہ پان پر لکھتے وقت بالکل تنہائی ہو تاکہ کوئی دیکھ نہ سکے۔ ۶۲ ۲ ط ۲ ع

ایضاً:۔ اگر زوجہ فرمانبردار نہ ہو اور ہمہ وقت سرکشی پر آمادہ رہتی ہو تو شوہر کو چاہیئے کہ وہ سورۂ زخرف کو لکھے اور اس کو دھو کر زوجہ کو پلائے انشاء اللہ فرمانبردار ہو گی۔

ایضاً:۔ جو کوئی رزجبہ پاک و طاہر شیرینی پہ ایک ہزار مرتبہ الودود پڑھ کر دم کرے اور جس کو کھلا دے محبت ہو گی۔ زن و شوہر میں باہمی محبت ہونے کے لیے یہی اسم کھانے پہ پڑھ کر دم کرے اور کھلائے محبت ہو گی۔

ایضاً:۔ جو کوئی ہر روز ایک ہزار بار الرحمن کی وظیفہ خوانی کرتا رہے گا جو کوئی اسے دیکھے گا عزیز و دوست رکھے گا۔

ایضاً۔ برائے پیدا ہونے محبت عروج ماہ میں اپنے ہاتھ کی ہتھیلی پہ نیک ساعت میں حسب ذیل الفاظ و علامات گرانقدر کو لکھ کر جس کو دکھائے گا عاشق ہو گا۔ اگر معشوق تک باوجود کوشش لبسیار رسائی نہ ہو سکے تو یہی علامات اسم پاک کورے سکورے پر لکھے اور دریا میں ڈال دے ان شاء اللہ کامیابی ہو گی شک نہ لاوے کہ موجب زیان کا ہوتا ہے یہ نسخہ بھی عطا کردہ سید علی صاحب کا ہے جوان کا آزمودہ ہے۔

اور وہ یہ ہے۔ لیکن اعتقاد شرط ہے۔

یا اللہ یا اللہ

حححححح

یا اللہ فلاں بن فلاں محبت میں فلاں بن فلاں کی بیقرار ہو کر جلد حاضر ہو۔

ایضاً:۔ حب کے بارے میں اس نقش معظم کی عاملین بہت زیادہ تعریف کرتے ہیں جس کے صحیح اور مشہور صفت ہونے کا ایک ثبوت یہ ہے کہ یہ نقش متعدد لوگوں نے قلمی بیاض میں دیکھا ہے اور تعریفیں کی ہیں طریقہ اس کا یہ ہے کہ روز سہ شنبہ بعد زوال آفتاب بلند مقام پر لوبان روشن کرے اور یہ

۹۲۴[۸]	۹۲۸[۱۱]	۹۳۱[۱۴]	۹۱۷[۱]
۹۳۰[۱۳]	۹۱۸[۲]	۹۲۳[۷]	۹۲۹[۲]
۹۱۹[۳]	۹۳۳[۱۶]	۶۲۶[۹]	۹۲۲[۶]
۹۲۷[۱۰]	۹۲۱[۵]	۹۲۰[۴]	۹۳۲[۱۵]

نقش لکھ کر ہُدہُد کی گردن میں لٹکا کر صحرا میں چھوڑ دیں اور نقش کے نیچے نام عاشق و معشوق یعنی فلاں بن فلاں محبت میں فلاں بن فلاں کے بیقرار ہو کر حاضر ہو۔

ایضاً:۔ یہ نقش محبت پیدا کرنے کے حق میں اکسیر ہے۔ طریقہ اس کا یہ ہے کہ بروز پنجشنبہ مشتری کی ساعت میں لکھے اور اپنے بازو پر باندھے اور دوسرے پنجشنبہ کو قبل طلوع آفتاب لکھ کر آب رواں میں ڈالے لیکن بھوج پتر پر لکھے مراد حاصل ہو گی اعتقاد پختہ رہنے پر ناکامی کا منہ نہیں دیکھنا پڑھتا۔

۲۲۴[۸]	۲۲۸[۱۱]	۲۳۱[۱۴]	۲۱۷[۱]
۲۳۰[۱۳]	۲۱۸[۲]	۲۲۳[۷]	۲۲۹[۴]
۲۱۹[۳]	۲۳۳[۱۶]	۲۲۶[۹]	۲۲۲[۶]
۲۲۷[۱۰]	۲۲۱[۵]	۲۲۰[۴]	۲۳۲[۱۵]

فلاں بن فلاں الحب فلاں بن فلاں

ایضاً:۔ یہ نقش بھی محبت باہمی پیدا کرنے میں اکسیر ہے ساعتِ مشتری میں جمعرات کے دن بہ رجوع قلب لکھے یا تو اپنے بازو پر باندھے یا ہوا میں لٹکائے مطلوب محبت سے بیقرار ہو کر دوڑتا ہوا آئے گا مجرب ہے اصول اور قاعدے کو فراموش نہ کرے

۱۱	۸	۱	۵۳
۲	۵۱	۱۳	۷
۵۴	۳	۶	۹
۵	۱۰	۵۳	۴

فلاں بن فلاں محبت میں فلاں بن فلاں کے بیقرار ہو احب یا جبرئیل

ایضاً:- واسطے محبت کے اس شکل کو عروج ماہ میں بروز جمعرات بہ ساعت مشتری لکھ کر اپنے پاس رکھے جس سے محبت مطلوب ہے وہ خود متوجہ ہوگا۔ شکل یہ ہے۔

یا اللہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم یا اللہ محبت ھو

حححح حححح حححح حححح حححح حححح حححح

حححح حححح حححح حححح حححح حححح حححح حححح

بسم اللہ الرحمن الرحیم یا اللہ

دیگر:- برائے تسخیر مطلوب یہ عمل بہت مجرب ہے چاہیئے کہ مطلوب کا تصور اچھی طرح قائم کرکے کہ گویا سامنے موجود ہے مع بسم اللہ الرحمن الرحیم کے ایک ہزار مرتبہ روزانہ یَا مُسْتَطِیْعُ حُبُّ وُدُوْدُ چالیس روز تک بلاناغہ پڑھتا رہے نتیجہ خاطر خواہ برآمد ہوگا۔

دیگر:- یہ نقش برائے تسخیر و فتوح ہر کار با مجرب ہے تعویذ تاریخ سعد میں بخورات کی روشنی میں درود شریف پڑھتا ہو مرتب کرکے اور بعد کرنے موم جامہ و دینے نذر پنجتن پاک علیہم السلام اپنے بازو پر باندھے اور جمعرات کو اسے خوشبو سے معطر کرتا رہے۔ نقش یہ ہے۔

ص	م	ل	ا
ل	ا	ص	م
ا	ل	م	ص
م	ص	ا	ل

دیگر:- برائے تسخیر یہ عمل بہت مجرب ہے اگر دشمنِ دیرینہ اور خطرناک بھی ہوگا تو صاحب عمل کا مطیع و منقاد بھی ہوگا۔ عمل ہذا کا ورد پانچ بار مع بسم اللہ الرحمن الرحیم و درود کے

کے بعد نماز فجر ہمیشہ کے لیے پڑھتا رہے اور اسی دعا کو لکھ کر بصورت تعویذ بازو پر باندھے انشاءاللہ محبوب خلائق ہوگا اور وہ دعائے مبارکہ یہ ہے بِسۡمِ اللّٰہِ رَبِّیَ اللّٰہُ اللّٰہ اللّٰہ تَوَکَّلۡتُ عَلَی اللّٰہِ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ حسبی اللّٰہ ونعم الوکیل وافوض امری الی اللّٰہ ان اللّٰہ بصیر بالعباد۔

دیگر:۔ یہ نقش تسخیر کے لیے بہت مجرب اور بارہا کا آزمودہ ہے تاریخ و دن اور ستارہ سعید کا لحاظ رکھتے ہوئے اس نقش کو پُر کرے اور اس کے نیچے نام طالب و مطلوب کا لکھے اور بازو پر باندھے کوئی وجہ نہیں کہ مطلوب مسخر نہ ہو۔

۱۵۷	۱۵۲	۱۵۹
۱۵۸	۱۵۶	۱۵۴
۱۵۳	۱۶۰	۱۵۵

دیگر:۔ یہ نقش بھی تسخیر قلب کے حق میں بے حد مفید ہے بروز جمعرات بساعت مشتری عروج ماہ میں بخورات سلگا کر بہ رجوع قلب لکھے اور بصورت تعویذ گلے میں ڈالے انشاءاللہ خطا نہ کرے گا مجرب ہے دھونی دیتا رہے۔

۱ ۵۸۲	۲ ۵۸۳	۷ ۵۸۸	۶ ۵۸۷
۳ ۵۸۴	۸ ۵۸۹	۹ ۵۹۰	۵ ۶۸۶
۳ ۵۸۴	۸ ۵۸۹	۶ ۵۸۷	۴ ۵۸۵

دیگر:۔ واسطے حب کے سورۃ اخلاص باموکل معہ بسم اللہ الرحمن الرحیم اور درود شریف کے سات مرتبہ پڑھ کر شیرینی یا سونگھنے کی چیز مثل پھول وعطر وغیرہ یا لاچی، سرمہ، کاجل اور پان وغیرہ پر دم کرے اور جیسی اشیاء کہ کھانے پینے یا سونگھنے کی ہو مطلوب کی ہو استعمال کرائے انشاءاللہ مطلوب جذبۂ محبت میں مبتلا ہو کر فرمانبردار ہوگا اور وہ سورۂ مبارکہ باموکل یہ ہے،

بسم اللہ الرحمن الرحیم ط قل ھو اللہ احد احب یا جبرائیل اللہ الصمد احب یا میکائیل لم یلد ولم یولد احب یا اسرافیل ولم یکن لہ کفوا احد احب یا عزرائیل بحق یا بدوح دبحق کٓھٰیٰعٓصٓ وبحق حٰمٓعٓسٓقٓ محبت بدرمیان فلاں بن فلاں و فلاں بن فلاں۔

دیگر:۔ یہ نقش محبت میں بے انتہا اثرات کا مالک ہے لیکن اعتقاد شرط ہے اگر یقین رکھتے ہوئے کہ ایمان بھی اسی کی اجازت دیتا ہے یہ نقش مرتب کر کے استعمال کیا گیا تو آپ پر یہ امر اچھی طرح واضح ہونا چاہیئے کہ پھر ناکامیابی کی وجہ کوئی پیدا ہو ہی نہیں سکتی۔ طریقہ اس نقش کے مرتب کرنے کا یہ ہے کہ اولاً بروز جمعرات بہ ساعت مشتری بعد ادائے نماز فجر اسی مصلّے پر

دو رکعت نماز حاجت بجالاوے اور جو اصول کہ تحریر کیے جا چکے ہیں ان کے پیش نظر اس نقش کو مرتب کر کے اور ایسے زن وشوہر کے بازو پر باندھے جن میں رمق بوئے محبت باقی نہ رہ گئی ہو پھر قدرت خدا کا مشاہدہ کرے کہ ایسی محبت پیدا ہوگی جس کا وہم وگمان بھی نہ ہوگا اور نقش کے نیچے یہ عبارت ضرور لکھے۔ احب یا جبرائیل بحق یا باسط۔ فلاں بن فلاں محبت میں فلاں بن فلاں کی بے قرار ہو کہ حاضر ہو۔

۷۸۶

۵۲	۱	۸	۱۲
۷	۱۲	۵۱	۲
۹	۶	۳	۵۴
۴	۵۳	۱۰	۵

دیگر:۔ یہ نقش برائے محبت بہت جلد اثر انداز ہوتا ہے، ساعت سعید میں مرتب کیا جاتا ہے یا تو بازو پر باندھا جاتا ہے اور یا اس درخت پر لٹکانا چاہیئے جس کے نیچے طالب یا مطلوب آکر بیٹھا کرتے ہوں۔

کہیعص حمعسق

۱	۱۱۰۱۴۲	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۱۰۱۴۱
۶	۹	۱۱۰۱۴۴ نام طالب ومطلوب حاضر ہو	۳
۱۱۰۱۴۳	۴	۵	۱۰

۷۸۶

۲ ۳۰۵۷۲	۱۳ ۳۰۵۸۴	۱۲ ۳۰۵۸۳	۷ ۳۰۵۷۷
۱۱ ۳۰۵۸۲	۸ ۳۰۵۷۸	۱ ۳۰۵۷۱	۱۴ ۳۰۵۸۵
۵ ۳۰۵۷۵	۱۰ ۳۰۵۸۱	۱۵ ۳۰۵۸۶	۴ ۳۰۵۷۴
۱۶ ۳۰۵۸۷	۳ ۳۰۵۷۳	۶ ۳۰۵۷۶	۹ ۳۰۵۸۰

یہاں مطلب لکھے

دیگر:- یہ نقش معظم ومکرم سورہ مبارکہ اذا وقعت الواقعہ کا ہے یہ نقش مبارکہ اس قدر کثیر التاثیر ہے کہ ہر مطلب اور ضرورت میں کام آتا ہے اس نقش کو بھی اسی اصول اور ضابطہ کار کے تحت جس طرح کہ اور نقوش پُر کیے جاتے ہیں اسے بھی پُر کرنا چاہیئے البتہ نقش کے نیچے غرض و غایت تحریر کی جائے گی۔ لکھ کر بازو پر باندھے مجرب ہے۔

۷۸۶

۱۴	۱۱	۴	۱۷
۵	۱۶	۱۵	۱۰
۱۹	۶	۹	۱۲
۸	۱۳	۱۸	۷

دیگر:- یہ نقش بھی حب کے واسطے اکسیر ہے ساعت زہرہ میں بروز جمعہ بعد نماز جمعہ مرتب کر کے مطلوب کے گھر میں ایک ایسے گوشہ میں دفن کرے جہاں بے حرمتی کا امکان نہ ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ جانبین میں محبت بہت زیادہ ہوگی آزمودہ ہے۔

ااااا	—	ہ	ج
ہ	ج	ہ	ھ
ہ	ھ	ہ	ے

دیگر:- یہ نقش ایسے زن وشوہر کی محبت کی فراوانی اور استحکام میں کام آتا ہے جن میں باہمی محبت پہلے کافی تھی لیکن اب بعد میں کسی وجہ سے زوال پذیر ہو رہی ہے تو چاہیئے کہ اس نقش کو لکھے اور دودھ کے شربت میں گھول کر دونوں کو پلا دے انشاء اللہ پہلی سی محبت عود کر آئیگی۔

۷۸۶

۵	۲	۷	ع
و	ی	ح	ط
ی لا	ن	۲	ا
لہ	فلاں	بن	فلاں

دیگر:- جو کوئی عورت اس نقش کو مہینے کی پہلی اتوار کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھے خاوند اس کا عاشق ہو اور اگر مرد لکھ کر باندھے زوجہ گرویدہ ہو۔ یہ نقش عاملین کا آزمودہ ہے جس کو گرویدہ کرنا منظور ہو تو اس کا اور اس کی ماں کا نام نقش میں اس طرح لکھے جیسا کہ نقش میں فلاں بن فلاں کے الفاظ میں دکھایا گیا ہے۔

	۷۸۶		اللہ الصمد	یامیکائیل
قل	ھو اللہ	فلاں	اللہ الصمد	یامیکائیل
احد	یاجبرائیل	بن فلاں	ولم	یکن لہ
لم یلد	ولم یولد	بمحبت فلاں	کفواً	احد
یا!	اسرافیل	بن فلاں	یا	عزرائیل

دیگر:- یہ عمل سورہ اخلاص کا معہ نقش کے دوسرے عنوان سے محبت کی منزل میں کام آتا ہے اس سے پہلے اسی سورۂ مبارکہ کا جو طریقہ تحریر کیا گیا ہے وہ اس طریقہ سے مختلف ہے، اسی صورت سے کئی مختلف طریقے حب ہی کی منزل میں اس سورۃ سے وابستہ ہیں جن کا تذکرہ بشرط موقع کیا جائے گا

لہٰذا بروقت ضرورت نقش مندرجہ بالا کو سعید ستارے کی ساعت اور اسی کے یوم حکومت میں باطہارت دیا وضو بخورات کی خوشبو میں تیار کرنے کے بعد موم جامہ کرکے سیاہ کپڑے میں سیاہ دھاگے سے سل کر اپنے دائیں بازو پر باندھے اور پھر اس سورہ پاک کی باموکل عمل خوانی چالیس روز تک ترک حیوانات ولذات کرتے ہوئے بعد کھینچے حصار کے روزانہ اس تعداد میں کرے کہ چالیسویں روز تعداد ایک لاکھ پچیس ہزار کی پوری ہو جائے تب عامل اس صورت کا ہوگا۔ پھر جیسا کہ موقع ہو، شیرینی شربت وغیرہ پر درود شریف بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ پڑھتے ہوئے پانچ بار دم کرکے مطلوب کو کھلائے یا پھول وغیرہ پر دم کرکے اس کو سنگھائے تو وہ محبت سے سرشار ہو کر حاضر ہوگا لیکن ہدایت یہ ہے کہ فعل حرام کے لیے نہ کرے ورنہ بجائے نفع کے نقصان کثیر میں مبتلا ہوگا اور گنہگار الگ ہوگا دعائے مبارکہ باموکل یہ ہے اعراب والفاظ آیت کلام پاک سے دیکھ کر درست کرلے اور پھر اس سورۃ کو باموکل اس طرح یاد کرے کہ اس سورۃ کا حافظ ہو جائے دوران عمل خوانی ہمبستری سے قطعی طور پر پرہیز کرے گا ورنہ خاندان کی تباہی یقینی ہے جھوٹ سے اجتناب کرے گا ورنہ تاثیر عمل جاتی رہے گی اور محنت مفت میں ضائع ہو جائے گی اور نتیجہ صفر رہے گا۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط قل ھو اللہ احد یا جبرئیل اللہ الصَّمَدُ یامیکائیل لم یلد ولم یولد یا اسرافیل ولم یکن لَہٗ کفواً احد یا عزرائیل۔

اتنا خیال رکھے کہ جس چیز پر دم کرے وہ زمین پر نہ گرنے پائے کہ وہ چیز پیر کے نیچے پڑے گی اور بے ادبی ہوگی دوئم دم کرتے وقت جب آخری لفظ یاعزرائیل پر پہنچے تو کہے فلاں بن فلاں یعنی طالب اور اس کی ماں کا نام لیوے پھر کہے الحب فلاں بن فلاں یعنی مطلوب اور اس کی ماں کا نام تعداد مقررہ تک لیتا رہے یہ دم کرنے کے وقت لیا جائے گا۔

دیگر:- بزرگان دین یعنی اہلبیت رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم میں سے ایک گراں قدر اور واجب التعظیم بزرگ سے منقول ہے کہ "این حروف را نوشتہ باب شستہ مطلوب را بنوشاند محبت بسیار شود و سے حلال محبت شود حرام نمی کند۔ حروف این ہستند۔ ترجمہ: حروف مندرجہ ہذا کو لکھ کر گھول کر مطلوب کو پلادے محبت بیت زیادہ ہوگی۔ لیکن حلال کے لیے کرے حرام کے لیے نہ کرے اور وہ حروف یہ ہیں۔

و دو د لا لا لا لا لا لا لا لا لا عجح عجح عجح عجح عجح عجح لاۤ لاۤ

دیگر:- اس طلسم کو لکھ کر معشوق کی خواب گاہ میں دفن کرے محبت زیادہ ہوگی۔

۱۲ ۱۱ ۸ ۶۱ ۱۱ ۱ غ

دیگر:- واسطے موافقت زن وشوہر کے جو ناموافق حالات ہیں رونما ہو گئے ہیں اس طلسم کو لکھ کر اپنے پاس رکھے حالات اصلاح پذیر ہو جائیں گے باہمی موافقت زیادہ ہوگی اور وہ یہ ہیں اعتقاد پختہ رکھے۔

۷۸۶

۷۲ ۶۲ ۱۳ ط لے   ا ما ہ حما ہا ہور   ۲۱۷ء ۱۳ ط یلیں عج ط

دیگر:- یہ عمل حب کی منزل میں نہایت مجرب اور سریع التاثیر ہے۔ اگر یہ عمل اعتقاد پختہ کے ساتھ قاعدہ کی پابندی کو ملحوظ رکھتے ہوئے اختیار کیا جائے تو طالب کو مطلوب اور مطلوب کو طالب بنا دیتا ہے یعنی عاشق معشوق ہو جاتا ہے اور معشوق کو عاشق ہو جاتا ہے اس عمل کے دو نقش ہیں ایک کا نام رک ہے اور دوسرے کا نام رفد ہے۔ "رک" عاشق سے اور "رفد" معشوق ہے، پس کسی کو اپنا عاشق کرنا چاہے تو اسم رک کا نقش لکھ کر سولہویں خانے کی پشت پر نام معشوق اور اس کی ماں کا لکھے اور اسم رفد کے سولہویں خانے کی پشت پر اپنا نام اور اپنی ماں کا نام لکھے اور نقش رک کو گھر میں مطلوب کے یا خواب گاہ میں دفن کر دے اور نقش رفد کو اپنے پاس رکھے، معشوق عاشق ہو اور اس نقش کو پہلی تا گیارہویں تاریخ تک جس تاریخ میں چاہے لکھے مگر ساعت نیک ضرور ہونا چاہیئے اور بوقت نماز صبح اول ساعت میں تحریر کرے اور کچھ شیرینی منہ میں رکھ لے اور دوسری ترکیب یہ ہے کہ میٹھے پکوان مثل حلوہ۔ شیر برنج۔ زردہ وغیرہ کو اولاً نقش رک لکھے اور آب خالص سے محو کر کے اس پکوان پر پانچ چھینٹے مارے اور ایسے ہی رفد پر عمل کرے

پر عمل کرے رفد والی چیز خود کھائے اور رک والی چیز شخص مطلوبہ کو کھلادے نقوش "رک" اور "رفد" یہ ہیں

نقش رفد

٦٣	٧٧	٧٤	٧٠
٧٥	٦٩	٦٤	٧٦
٦٨	٧٢	٧٩ پشت پر نام	٦٥
٧٨	٦٦	٦٧	٧٣

نقش رک

٤٧	٦١	٥٨	٥٤
٥٩	٥٣	٤٨	٦٠
٥٣	٥٦	٦٣ پشت پر نام	٤٩
٥٢	٥٠	٥١	٥٧

دیگر برائے حب: سورۂ مبارکہ زخرف کہ کلام مجید کے ۲۵ ویں پارے میں ہے حب کے حق میں اکسیر ہے۔ بروقت حاجت اگر خاوند اس سورہ مبارکہ کو لکھ کر پانی سے محو کر کے اپنی زوجہ نافرمان کو پلائے گا تو بلاشک وہ اس کی مطیع اور فرمانبردار ہوگی۔

دیگر برائے حب: تشنہ کامانِ محبت کے لیے جو جائز محبت کے حصول کے سلسلے میں اب تک ناکام رہ چکے ہیں چاہیئے کہ وہ اصولاً صوم و صلوٰۃ کی سختی سے پابندی کریں اور جب ان کو اس پر کامل عبور حاصل ہو جائے تو بعد وضو کسی نماز کے حسب دعا تین ہزار مرتبہ ایک جلسہ میں پڑھیں اور نقش مندرجہ ذیل حسب قاعدہ لکھ کر اپنے پاس رکھیں انشاء اللہ تعالیٰ کامیاب ہوں گے اور وہ دعا یہ ہے لیکن یہ عمل ناجائز محبت کے لیے نہ کیا جائے ورنہ کرنے والا معصیت میں مبتلا ہوگا۔

یَا حَبِیْبُ اُمْدُدْ بِرِیْحِ حُبِّ مُحِبَّتِیْ عَلٰی قَلْبِ فلاں بن فلاں (فلاں کی جگہ کا نام مطلوب اور بن فلاں کی جگہ نام اس کی ماں کا لیوے۔ نقش یہ ہے

٧٨٦

٢٨٣	٢٥٦	٢٩٢	٢٨٩
٢٥٣	٢٨٨	٢٨٣	٢٩٥
٢٨٧	٢٩٠	٢٩٨	٢٨٤
٢٩٧	٢٨٥	٢٨٦	٢٩١

فلاں بن فلاں

دیگر: اگر کسی عورت کا شوہر بدمزاج ہے اور وہ اپنی زوجہ سے الفت و محبت نہیں رکھتا یا کسی عورت میں یہ عیب پائے جاتے ہیں تو چاہیے کہ مرد اپنی زوجہ کے نام پر یا زوجہ اپنے شوہر کے لیے سورۂ یوسف کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور روزانہ بعد نماز فجر ۱۱ بار درود اول و آخر اور بعد میں اسی سورۂ کی تلاوت کرے اور سر سجدے میں رکھ کر ایک سو ایک مرتبہ ایک سانس میں یَا رَبُّ کا ورد کرے اور بخلوص دعا کرے چالیس روز کے اندر مراد پوری ہوگی

انشاء اللہ تعالیٰ۔ لیکن فعل حرام کے لیے نہ ہو۔ یہ طریقہ اعزہ سے محبت کے لیے بھی کیا جاسکتا ہے۔

حرز ہیکل:۔ یہ حرز ہیکل ان لوگوں کے حق میں بے حد مفید ہے جو اکثر و بیشتر بدنظری کا شکار ہو جاتے ہیں لہٰذا بروقت حاجت تاریخ طاق میں لیکن جو سعد ہو بخورات کی خوشبو میں قواعد مرتبی نقوش کو مدنظر رکھتے ہوئے اس حرز ہیکل کو لکھ اسورت تعویذ مریض کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ اور یہی حرز ہیکل اسی صورت سے لکھ کر طفل صغیر کے گلے میں ڈالی جائے گی۔ تو وہ نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

بسم اللہ الرحمن الرحیم

یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ

یا ولی یا ولی یا اللہ یا ولی یا ولی

اعوذ بکلمت اللہ التامات
واسمائہ الحسنیٰ کلھا عامۃ
من شر السامۃ والھامۃ
ومن شر عین لامۃ و
من شر حاسد اذا حسدہ

یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ

یا ولی یا ولی یا اللہ یا ولی یا ولی

یا اللہ یا اللہ یا اللہ یا اللہ

یا ولی یا ولی یا اللہ یا ولی یا ولی

ححححححح ححححححح ححححححح ححححححح ححححححح

ححححححح ححححححح ححححححح ححححححح ححححححح ححححححح ححححححح

دیگر: اگر کوئی مطلوب کی جائز محبت کا طالب ہے تو اس کو چاہیئے کہ بساعتِ مشتری بروز جمعرات اس حالت میں اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے جب کہ مطلوب سے ملاقات ناممکن اور اسے کچھ کھلانا پلانا امر محال ہو اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ مطلب پورا ہوگا لیکن یہ امر ملحوظ رہے کہ فعل حرام اور ناجائز نہ ہو ورنہ مرتکب گناہ ہوا اور آرزو بھی پوری نہ ہوگی۔

۷۸۶

۱۰۷۲۲	۱۰۷۱۴	۱۰۷۱۹
۱۰۷۱۶	۱۰۷۱۸	۱۰۷۲۱
۱۰۷۱۷	۱۰۷۲۳	۱۰۷۱۵

دیگر: اگر منظور ہے کہ زن و شوہر یا طالب و مطلوب میں محبت پیدا ہو جائے اور طرفین ایک دوسرے کے والہ و شیدا بن جائیں تو چاہیئے کہ بروز جمعہ ساعتِ زہرہ میں اس عبارت کو بخورات کی خوشبو میں لکھ کر بصورتِ تعویذ باندھے انشاء اللہ باہمی محبت میں اضافہ ہوگا اور اگر محبت پہلے سے نہیں ہے تو پیدا ہو جائے گی اور وہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ الف مُحَبَّتِیْ فِیْ قَلْبِیْ اذجعلی عنہ د ف الرجاء۔

دیگر: بابت کشائش رزق و فراوانی دولت: نقش مندرجہ ذیل ایسے لوگوں کے لیے مفید ہے جو غربت میں مبتلا ہوں۔ چاہیئے کہ عروج ماہ ساعتِ زہرہ، مشتری یا شمس، بروز جمعہ اتوار یا جمعرات کو انگشتری نقرہ پر اس نقش کو کندہ کرا کر اپنے پاس رکھے انشاء اللہ غربت دور ہو جائے گی اور مال و دولت و رزق میں کشادگی ہوگی اور وہ یہ ہے۔

۷۸۶

۷	۲	۳۶	۱۹
۳۲	۳۳	۳	۶
۱	۸	۹	۲۵
۲۷	۳۱	۵	۴

فراوانی رزق: اگر ضرورت اس امر کی حقیقتاً لاحق ہو گئی ہے اور وہ واقعی تنگی رزق کی وجہ سے پریشان ہے تو اس چاہیئے کو وہ بخضوع و خشوع صحیح طریقہ پر عبادتِ الٰہی کے بجالانے کا اپنے کو پابند بنائے، پھر نماز پنجگانہ میں سے کسی بھی وقت دو رکعت نماز حاجت بجالا دے اس کے بعد پانچ مرتبہ درود بصدق دل پڑھے اس کے بعد پانچ بار اس دعا کو پڑھے اور پھر پانچ بار درود پڑھے پھر سجدے میں جا کر اپنی حاجت ترقی و کشادگی رزق کی بارگاہ الٰہی میں

دعا مانگے یہ عمل اکیس روز تک بجالاوے انشاء اللہ رزق میں فراوانی ہوگی اس کے بعد روزانہ بعد نماز فجر پانچ بار درود اول و آخر درمیان میں ایک مرتبہ اس دعا کو پڑھا کرے جب تک پڑھتا رہے گا انشاء اللہ رزق میں کمی نہ ہوگی اور وہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یَامَاجِدُ یَاوَاجِدُ یَاکَرِیْمُ اَتَوَجَّہُ اِلَیْکَ بِمُحَمَّدٍ نَبِیِّکَ نَبِیِّ الرَّحْمَۃِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ یَامُحَمَّدُ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ اِنِّیْ اَتَوَجَّہُ بِکَ اِلَی اللّٰہِ رَبِّکَ وَرَبِّیْ وَرَبِّ کُلِّ شَیْءٍ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاَھْلِ بَیْتِہٖ وَاَسْئَلُکَ نَفْحَۃً کَرِیْمَۃً مِّنْ نَفَحَاتِکَ وَفَتْحًا یَسِیْرًا اَوْ رِزْقًا وَّاسِعًا اَلُمُّ بِہٖ شَعْثِیْ وَاَقْضِیْ بِہٖ دَیْنِیْ وَاسْتَعِیْنُ عَلٰی عِیَالِیْ۔

۷۸۶

۴۶۵	۴۶۸	۴۷۳	۴۵۸
۴۷۱	۴۵۹	۴۶۴	۴۶۹
۴۶۰	۴۷۴	۴۶۶	۴۶۳
۴۶۷	۴۶۲	۴۶۱	۴۷۳

دیگر:- اگر رزق کی طرف سے تنگ دست ہو گیا ہو اور سب تدبیریں بیکار ثابت ہو رہی ہوں تو اس وقت اس کو تدابیر روحانی سے کام لینا چاہیئے اور سب سے بہتر تدبیر یہ ہے کہ سب سے پہلے اوقات سعد میں نقش متعلقہ کو باقاعدہ پُر کرے اور پھر بخورات کی خوشبو میں تعویذ بنا کر بعد کرنے موم جامہ اپنے دائیں بازو پر باندھے پھر بعد ہر نماز پانچ پانچ بار اول و آخر درود پڑھے اور درمیان میں پانچ پانچ بار یہ دعا بلاناغہ پڑھے اگر طلب صادق ہے تو چالیس روز کے اندر ہی حالت بدل جائے گی اور وہ یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ۔

دیگر: کشادگی رزق کے بابت مؤلف کا ذاتی تجربہ ہے کہ بعد نماز عشاء اسی مصلّی پر جس پر کہ نماز تمام کی ہے سر سجدے میں رکھ کر بقدر یک سانس درود اور اس کے بعد بقدر یک سانس یَارَبُّ اور اس کے بعد بقدر یک سانس یَاوَھَّابُ کا وظیفہ بلاناغہ چالیس روز تک گردانے یا وہاب کے بعد جب سانس اکھڑ جائے تو یک لمحہ توقف کے بعد زیادتی رزق کی دعا اپنے پروردگار سے بخلوص نیت مانگے انشاء اللہ رزق کثرت کے ساتھ غیب سے حاصل ہوگا۔

دیگر:۔ جس وقت کہ تو رزق سے تنگ ہو اور وسعتِ رزق کے دروازے تجھ پر بند ہو جائیں اور کوئی تدبیر کام نہ کر رہی ہو تو اس وقت چاہیئے کہ عبادت میں کثرت کرے اور بعد نماز عشاء بارہ روز تک بہ پابندی وقت و مقام بلا ناغہ بارہ سو بار یَا بَدِیْعُ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ کا ورد کرے بعد ختم ورد روزانہ کشادگی رزق کی دعا مانگے انشاء اللہ رزق میں وسعت ہوگی۔

دیگر:۔ کشادگی رزق کے لیے چاہیئے کہ اکتالیس روز تک بلا ناغہ بہ پابندی وقت اور مقام بعد فارغ ہونے نماز عشاء کے سورۃ واللیل کی چالیس تلاوت کرے اور روزانہ نذر جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم حسب مقدرت دلادے اور اگر عسرت اس کی اجازت نہ دیتی ہو تو روزہ رکھے انشاء اللہ رزق بے حساب ملے گا۔

دیگر:۔ برائے ترقی رزق چاہیئے کہ بعد ہر نماز اسی مصلے پر فوراً ہی سات دفعہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْيَسْتَجِيْبُوْا لِيْ وَلْيُؤْمِنُوْا بِيْ لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُوْنَ ٥ پڑھے اور یہ عمل متواتر اکیس روز تک جاری رکھے انشاء اللہ رزق میں فراوانی ہوگی۔

دیگر:۔ اگر کسی تاجر کی دوکان پر اس کی اشیاء کی خرید و فروخت بند ہوگئی ہو یا اس میں کمی ہوگئی ہو۔ نقصان پر نقصان پہنچ رہا ہو تو چاہیئے کہ ہرن کی جھلی پر آیت مذکورہ کو لکھ کر اندر دوکان کے سامنے کی طرف ایسے مقام پہ آویزاں کرے کہ دوکان پر ہر آنے والے شخص کی نظر پڑ سکے انشاء اللہ تعالیٰ یہ بندشیں دور ہو جائیں گی اور وہ دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ٥

دیگر:۔ یہ نقش مبارک ترقی رزق کے حق میں اکسیر ہے چاہیئے کہ اکتالیس روز تک روزانہ سوا سو نقش آپ لکھ کر دریا میں ڈالتا رہے انشاء اللہ مدت مقررہ میں رزق میں فراوانی ہوگی اور وہ نقش یہ ہے۔

دیگر:- اگر رزق میں کمی پیدا ہو گئی ہے اور مفلسی دامن گیر ہوتی جا رہی ہے تو چاہیئے کہ نماز کا عادی بنے اول تو انشاء اللہ تعالیٰ اسی سے حالات بہتر ہو جائیں گے ورنہ ہر روز بعد ہر نماز ۳ بار کلمات ذیل کا ورد کرے مجرب ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ یَارَبِّ یَارَبِّ یَارَبِّ۔

بابت حصول حاجات

کوئی بشر ایسا نہیں ہے جو صاحب حاجت نہ ہو اور پھر ہر شخص اپنی ہی حاجت کو مقدم اور ضروری سمجھتا ہے اور اس امر کی کوشش کرتا ہے کہ اس کی ساری حاجتیں آن واحد میں اس کی منشا کے مطابق پوری ہو جائیں لیکن وہ یہ نہیں دیکھتا کہ اس کی ساری حاجتیں جائز بھی ہیں اور طریقہ طلب بھی درست ہے یا نہیں اپنی ناکامی پر نظر ثانی کرنے اور اپنی غلطی کو گرفت میں لانے کے لیے صاحب عمل تیار نہیں ہوتا۔ البتہ عمل کو بدنام کرتا رہتا ہے۔ لہٰذا آپ سب سے پہلے اپنی حاجت جائز کو دیکھیں ناجائز کو یک لخت بھول جائیں پھر صحیح طریقہ عمل کو اپنائیں پھر نتیجہ دیکھیں کہ بہتر ہوتا ہے یا نہیں۔

چنانچہ جب کوئی حاجت جائز درپیش ہو اور بظاہر پوری ہونے کی کوئی سبیل نظر آ رہی ہو تو چاہیئے کہ نماز فرض اور سنت کے بعد یعنی درمیان میں سورہ سبع مثانی (سورۃ الحمد) کو بلا ناغہ کچھ روز تک چودہ مرتبہ پڑھا کرے انشاء اللہ غیب سے سامان حاجت براری کا پیدا ہو گا۔

دیگر:- برائے فتح و کشادگی و تمام بلاؤں سے محفوظ رہنے و حاجت براری کے لیے کتابوں میں تحریر ہے کہ نقش بسم اللہ کو شرف آفتاب میں بھرے اور اس کو معطر کر کے اپنے پاس رکھے اور ہمیشہ باطہارت رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کوئی ایسی حاجت نہ ہو گی جو پوری نہ ہو بہت سے عاملین کا آزمودہ ہے اور وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
الرحیم	الرحمٰن	اللہ	بسم
اللہ	بسم	الرحیم	الرحمٰن
الرحمٰن	الرحیم	بسم	اللہ

دیگر:- برائے حاجت و دفع شدت کے چاہیئے کہ روزانہ بلاناغہ اس وقت تک مندرجہ ذیل دعا کی وظیفہ خوانی بعد نماز عشاء خلوت میں تنہا رو بہ قبلہ بیٹھے اور کرے اور بخورات روشن کر کے اول و آخر ۳ بار درود شریف اور درمیان میں ایک ہزار مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بِحَقِّ الْمُرِّیِّ وَالْمُسْتَمِعِ اَغِثْنِیْ بِحَقِّ اٰلِ طٰهٰ وَیٰسٓ - اس کے بعد سو مرتبہ کہے اُدْعُ الْعَظِیْمَ بِالْعَظِیْمِ وَاَنْتَ اَعْظَمُ مِنْ کُلِّ عَظِیْمٍ ۝ پس حاجت طلب کرے۔

دیگر: منقول ہے کہ جب کسی کو کوئی حاجت درپیش ہو پس اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرے غسل کر کے پاکیزہ کپڑے پہنے اور خوشبو لگا کر زیر آسمان دو رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ ہر دو رکعت میں بعد الحمد کے پندرہ مرتبہ سورۂ قل ہو اللہ اور ہر رکوع میں پندرہ مرتبہ یہی سورہ پڑھیں، رکوع کے بعد کھڑے ہو کر پھر پندرہ مرتبہ یہی سورہ پڑھیں، تمام سجدوں میں پندرہ مرتبہ یہی سورۂ پڑھیں اور سجدوں سے سر اٹھا کر پندرہ مرتبہ یہی سورۂ پڑھیں اور سلام کے بعد پندرہ مرتبہ یہی سورہ پڑھیں اور پھر سجدے میں یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ اِنَّ کُلَّ مَعْبُوْدٍ مِنْ لَدُنْ عَرْشِكَ اِلٰی قَرَارِ اَرْضِكَ فَهُوَ بَاطِلٌ سِوَاكَ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْحَقُّ الْمُبِیْنُ ۝ اِقْضِ لِیْ حَاجَةً حاجت کا نام لے کر کہے الساعہ الساعہ محمدؐ و آل محمدؐ کے وسیلے سے دعا کرے۔

دیگر:۔ جب کسی کو کوئی حاجت درپیش ہو تو اس کے حق میں سب سے بہتر وظیفہ ہے کہ بعد نماز فجر بروقت طلوع آفتاب دس بار سورۂ فجر اور دس بار سورۂ کافرون کی تلاوت بلا ناغہ تا برآری حاجت کیا کرے درمیان میں کسی سے بات نہ کرے۔ اوّل و آخر دس دس بار درود شریف پڑھے۔ دوران عمل خوانی جھوٹ اور غصہ سے پرہیز کرے انشاء اللہ طالبِ صادق پر حاجت جائنہ پوری ہوگی۔

دیگر:۔ اگر کبھی کسی کو کوئی مشکل درپیش ہو تو اس کو چاہیئے کہ وہ عبادتِ الہٰیہ کے ساتھ ساتھ درود بھی بہ کثرت پڑھا کرے پھر انشاء اللہ اس کی مشکل مشکل نہ رہے گی۔

دیگر:۔ اگر تجھ کو کوئی حاجت درپیش ہو تو چاہیئے کہ عروج ماہ میں شب جمعہ غسل کر کے دو رکعت نماز بجالائے اور ایک ہزار بار یا بدیع السمٰوات والارض کہے اور پھر حاجت کے پوری ہونے کی دعا مانگے انشاء حاجت پوری ہوگی مجرب ہے۔

دیگر:۔ بروز جمعہ بعد نماز عصر تا وقتِ غروبِ آفتاب جو کوئی شخص اپنی کسی مشکل کے حل اور اس کی آسانی کے لیے یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ۔ اس طرح کہے جیسے

کوئی نداکرتا ہے اسا کے بعد سجدے میں جا کر حاجت طلب کرے تو انشاءاللہ اس کی آرزو پوری ہوتی جستہ رہے۔

دیگر:- سب سے بہتر وظیفہ برآمدگی حاجات کا مؤلف کے نزدیک حسب ذیل ہے جو کئی مرتبہ کا آزمایا ہوا ہے۔ ہم نے جس طریقہ پر اس عمل کی وظیفہ خوانی کی ہے وہ حسب ذیل ہے جاننا چاہیئے کہ اس عمل کے اوقات دو ہیں ایک تو بعد نماز عشاء بخورات سلگائے اور اول و آخر ۵ بار درود حضرات محمد و آلِ محمد علیہم السلام پر بھیجے۔ اور درمیان میں ایکسو پانچ ۱۰۵ بار عمل مذکور کو پڑھے اور بعد عمل بارگاہ ایزدی سے حاجت کے پوری ہونے کی دعا مانگے اور دوسرا وقت عمل خوانی کا تین بجے شب کا ہے، بستر استراحت سے اٹھ کر غسل کرے بخورات سلگائے پھر دو رکعت نماز حاجت بجا لائے بعد سلام سر سجدے میں رکھ کر تین بار اول و آخر درود پڑھے اور درمیان میں ایکہزار بار اس عمل کی وظیفہ خوانی کرے۔ مؤلف کے تجربے میں یہ طریقہ سو فیصد ثابت ہوا ہے خطا نہیں کرتا البتہ صدق کی ضرورت ہے اور وہ عمل یہ ہے۔

یَا قَاهِرَ الْعَدُوِّ یَا وَالِیَ الْوَلِیِّ یَا مُظْهِرَ الْعَجَائِبِ یَا مُرْتَضٰی عَلِیُّ

دیگر:- برائے برآمدگی حاجات نقش مندرجہ ذیل بروز جمعرات بساعت شمس لکھ کر خوشبو سے معطر کرکے بصورت تعویذ اپنے دائیں بازو پر باندھے اور اسی روز سے بعد نماز عشاء ایکہزار بار اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝ کی وظیفہ خوانی شروع کردے اور یہ عمل اکیس ۲۱ روز تک جاری رکھے۔

۷۸٦

٦١٢	٦١٥	٦١٩	٦٠٥
٦١٨	٦٠٦	٦١١	٦١٦
٦٠٧	٦٢١	٦١٣	٦١٠
٦١٤	٦٠٩	٦٠٨	٦٢٠

دیگر:- بابت برآمدگی حاجات چاہیئے کہ اس عمل کو جو اس مقصد کے حق میں نہایت سریع التاثیر ہے اکیس ۲۱ روز تک قبل از طلوع آفتاب پرچہ کاغذ پر پاک سیاہی سے تحریر کرے اور بعد غروب آفتاب آبِ رواں میں نذر آب کرے بہتر ہے کہ آٹا دگندم میں گولی بنا کر ڈالے اور دعا کے اختتام پر اپنی حاجت تحریر کرے دوران تحریر درود پڑھتا رہے بخور کے سلگانے میں بخل نہ کرے دعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الْمَلِكِ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ اِلَى الرَّبِّ الْجَلِيْلِ مِنَ الْعَبْدِ الذَّلِيْلِ سَلَامٌ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

وَعَلیٰ جِبْرِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ عَلَیْھِمْ وَبِحَقِّھِمْ عَلَیْکَ اَنْ تُفَرِّجَ غَمِّیْ وَاَدُوْ تَکْشِفُ ھَمِّیْ وَکُرُبِیْ وَغَمِّیْ بِجُوْدِکَ وَفَضْلِکَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلیٰ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجْمَعِیْنَ ہ

دیگر:- نقش مندرجہ ہذا برائے برآمدگی حاجات نہایت سریع التاثیر ہے اوّلاً تو صاحبِ نقش کو کوئی مشکل پیش نہ آئے گی اور اگر کوئی مشکل پیش آئی تو بہت جلد حل ہو جائے گی۔ اس نقش کو پُر کر کے بازو پر باندھے۔

٧٨٦

٦٠٦١٠	٦٠٦٠٥	٦٠٦١٢
٦٠٦١٣	٦٠٦٠٩	٦٠٦٠٠
٦٠٦٠٦	٦٠٦١٤	٦٠٦٠٨

دیگر:- نقش بابت برآمدگی حاجات چاہیئے کہ جب کسی کو کوئی کار مشکل درپیش ہو تو اس کو چاہیئے کہ وہ اس دعا کو چالیس روز تک اتنی تعداد میں روزانہ پڑھے کہ چالیسویں روز ایک لاکھ پچیس ہزار کی تعداد پوری ہو جائے اس کے بعد جب کوئی حاجت درپیش ہو تو بعد نمازِ عشاء ستر بار پڑھے اور ہر ظالمین پر اپنا مطلب بیان کرے بعدا خدام حضرات محمد و آل محمد علیہم السلام کا واسطہ دے کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اپنی حاجت کے بر آنے کی دعا مانگے انشاء اللہ کارہائے مشکل آسانی کے ساتھ انجام پا جائیں گے، بعد برآمدگی حاجات نذر حضرت سردار انبیاء علیہ السلام کی حسب مقدرت بجا لاوے اور وہ دعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِحَقِّ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔

دیگر:- معلوم ہونا چاہیئے کہ خلاق عالم نے اپنے کلام بلاغت نظام میں انواع و اقسام کی تاثیریں پوشیدہ کر رکھی ہیں اور یہ اس معبود برحق کی عین محبت ہے اپنے بندوں پر کہ اس نے اپنے برگزیدہ بندوں کے ذریعے اختصاراً اظہار بھی فرمایا تا کہ وہ ضرورت کے وقت ان آیات مبارکہ کے ذریعہ سے ان کارہائے مشکلہ پر قابو پا سکیں جو بادی النظر میں ناممکن نظر آتے ہیں۔ چنانچہ ان آیات مبارکہ میں ایک گراں قدر سورہ یٰسین شریف بھی ہے۔ خواص سورہ کے بے پناہ ہیں۔ چونکہ یہ عنوان تقاضائے حاجت کے متعلق ہے لہٰذا اس عنوان کے تحت عرض ہے کہ جب آپ کو کبھی کوئی کار مشکل درپیش ہو تو اس سورہ مبارکہ کا ختم پڑھیے اور بارگاہِ الٰہی میں حضرات محمد و آل محمد علیہم السلام کا واسطہ دے کہ

اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں خلوص دل سے پوری ہونے کی دعا کیجئے اگر طلب صادق ہے تو آپ انشاءاللہ ضرور کامیاب ہوں گے۔ طریقہ ختم یہ ہے کہ ایک جلسہ میں پانچ یلسات آدمی مل کر بیٹھیں اور سورہ یٰسین بخلوص نیت ۲، بار پڑھیں اور یہ عمل چالیس دن تک جاری رکھیں۔ لیکن وقت و مقام اور تعداد اشخاص کا پورا پورا لحاظ رکھیں اوّل و آخر یکصد درود پڑھیں چالیسویں روز ۴۰۰ کی تعداد تلاوت پوری ہونی چاہیئے۔ انشاءاللہ کامیاب ہوں گے۔

دیگر:۔ اگر کوئی کار مشکل درپیش ہے اور وہ پایۂ تکمیل تک نہیں پہنچ رہا ہے تو ایسے شخص کو چاہیئے کہ وہ سورۂ مبارکہ فجر اور سورہ مبارکہ رحمٰن کو اپنا وسیلہ بنائے طریقہ اس کا یہ ہے کہ پہلے ہر دونوں سورۂ کو اعراب کے تحت صحت کے ساتھ اس قدر یاد کرے کہ یہ دونوں سورتیں حفظ ہو جائیں۔ جب حافظہ پختہ ہو جائے تو قبل بارہ بجے رات اٹھ کر مقام تنہائی میں دو رکعت نماز بہ خضوع و خشوع بجالاوے اور پھر سر سجدے میں رکھ کر پہلے پانچ بار درود پھر پانچ بار سورہ رحمٰن اس کے بعد پانچ بار سورۂ فجر پھر پانچ بار درود پڑھ کر اپنی حاجت کے پورے ہونے کی دعا کرے اور یہ عمل چالیس روز تک بجالائے۔ انشاءاللہ حاجت پوری ہوگی۔

دیگر: حاجت براری کے لیے حسب ذیل رباعی بعد ہر نماز کے پانچ۔ پانچ بار درود درمیان میں رباعی متذکرہ کو بخلوص نیت پڑھے انشاءاللہ حاجت پوری ہو گی۔ اس رباعی کے اوصاف کئی کتابوں میں نظر سے گزرے ہیں اور عاملین اس رباعی کے سریع التاثیر ہونے کے متقر ہیں۔ صاحب ضرورت رباعی مذکور کو الحاح وزاری کے ساتھ پڑھے اور وہ یہ ہے اس رباعی کی بزرگی صاف ظاہر ہے کہ ان اسمائے مبارکہ سے کی وجہ سے ہے۔ جن کی ذات مقدسہ سے ساری چیزیں وجود میں آئی ہیں۔

یارب بہ محمدؐ و علیؑ و زہراؑ یارب بہ حسینؑ و حسنؑ آل عبا

کز لطف برآر حاجتم در دو سرا بے منتِ خلق یا علی و اعلیٰ

برائے ذلت عدو

اگر کوئی دشمن خواہ اس کی دشمنی کسی نوعیت کی ہو، کسی کو برابر آزار پہنچا رہا ہو اور اپنی حرکاتِ ناشائستہ سے باز نہ آرہا ہو تو چاہیئے کہ روزانہ تین سو بار یَا جَبَّارُ الْمُذِلُّ لِکُلِّ شَیْءٍ عَزِیْزٌ سُلْطَانُہٗ۔

پڑھے۔ انشاء اللہ دشمن ذلیل و خوار ہو گا۔

دیگر:۔ نقش مندرجہ ہذا برائے ذلیل و خوار ہونے دشمن کے بہترین اثرات کا مالک ہے۔ بروز ہفتہ ساعتِ زحل میں لکھ کر دشمن کے سرہانے جہاں کہ وہ سوتا ہے دفن کرے خدا چاہے تو وہ حقیر و ذلیل ہو گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۹۵۱۷	۲۹۵۱۲	۲۹۵۱۹
۲۹۵۱۸	۲۹۵۱۶	۲۹۵۱۴
۲۹۵۱۳	۲۹۵۲۰	۲۹۵۱۵

دیگر:۔ یہ نقش بھی دشمن کو حقیر و ذلیل کرنے میں عجیب نہ ود اثر تاثیر کا مالک ہے۔ زوال ماہ میں بروز منگل ساعتِ مریخ میں لکھے اور دشمن کے گھر میں دفن کرے۔

۷۸۶

۱۹۴۳	۱۹۳۸	۱۹۴۵
۱۹۴۴	۱۹۴۲	۱۹۴۰
۱۹۳۹	۱۹۴۶	۱۹۴۱

دیگر:۔ درمیان نماز مغرب و عشاء کے چار رکعت نماز بجا لاوے اور ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ الم تر کیف کو بارہ مرتبہ پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ کو ستر مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ شر دشمن سے محفوظ رہے گا۔ اور اگر دشمن اپنی شرارت سے باز نہ آئے گا تو وہ تباہ و برباد ہو جائے گا۔

دیگر:۔ اگر کسی کو اس کے دشمن نے ستا رکھا ہے اور اس کے لیے امن کے راستے مسدود ہو چکے ہیں اور اس کی تمام کوششیں بیکار ہو چکی ہیں تو اس وقت اس کو چاہیئے کہ سورہ کو بہ اعتقاد صادق زوالِ ماہ میں دشمن کا تصور رکھتے ہیں کچی اینٹ پر لکھے اور اس کے نیچے اپنے اس دشمن کا نام مع اس کی ماں کے نام لکھ کر تباہ شد لکھ کر کسی ویران کنوئیں میں کہ پانی جس کا استعمال نہ ہوتا ہو ڈال دے تو جس طرح سے یہ اینٹ پانی میں گلتی جائے گی۔ دشمن انشاء اللہ تباہ ہو جائے گا۔ مگر چاہیئے کہ یہ عمل انتہائی مجبوری کے تحت کرے جب کہ دوسرا اور چارہ نہ ہو۔

دیگر:۔ اگر دشمن درپئے ایذا ہے اور وہ کسی عنوان سے قابو میں نہیں آ رہا ہے۔ اور ہمہ وقت ایذا رسانی پر آمادہ رہتا ہے تو شخص مظلوم چاہیئے کہ زوال ماہ میں

اور زوال وقت میں لکھ کر اپنے بازو پر باندھے اور ایک نقش کو اسی تاریخ سے روزانہ لکھ کر آٹے کی گولی میں رکھ کر نذر آب رواں کرے اور یہ عمل چالیس روز تک بلاناغہ عمل میں لاوے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۱۶	۱۰۸	۱۰۳
۱۱۰	۱۱۳	۱۱۵
۱۱۱	۱۱۷	۱۰۹

دیگر:۔ اگر دشمن بہت تنگ کر رہا ہے اور اپنی شرارت سے باز نہیں آتا تو چاہیئے کہ ہر نماز کے بعد تین سو تیرہ بار المہلک کا ورد سر کو سجدے میں رکھ کر کرے۔ انشاءاللہ اس کی ہمہ اقسام کی ایذا رسانیوں سے محفوظ رہے گا۔

دیگر:۔ دشمن کی نیش عقربی سے محفوظ رہنے کے لیے نقش مندرجہ ہذا کو شب تارہ میں صرف ستاروں کی روشنی میں زیر آسمان شب میں تحریر کرے جب کہ سب گھر والے سو رہے ہوں اور اس کو بصورت تعویذ بازو پر باندھے انشاءاللہ شر دشمن سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

۳۸۰	۳۷۲	۳۷۸
۳۷۴	۳۷۷	۳۷۹
۳۷۶	۳۸۱	۳۷۳

دیگر:۔ نقش مندرجہ ہذا دشمن کے حقیر اور ذلیل کرنے کے سلسلہ میں بہتر خواص کا مالک رہے چاہیئے کہ زوال کے ماہ میں سنیچر کے روز ساعت زحل میں تحریر کرے اور وقت بھرنے نقش کے دشمن کے حقیر ہونے کا تصور اپنے ذہن میں قائم کرے اور چالیس روز تک ایک نقش تازہ بتازہ مرتب کر کے آٹے کی گولی میں رکھ کر پابندی وقت کے آب رواں میں ڈالتا رہے انشاءاللہ دشمن حقیر و ذلیل ہوگا۔

۷۸۶

۴۰۲	۳۹۴	۴۰۰
۳۹۶	۳۹۹	۴۰۱
۳۹۸	۴۰۳	۳۹۵

دیگر:۔ بسبیل تذکرہ میرے ایک دوست نے ظاہر کیا کہ دشمن کو حقیر و ذلیل کرنے کے لیے بعد ہر نماز ستر بار یاقوی کا وظیفہ جاری کرے اور بعد ختم وظیفہ سربسجود ہو کر خلاق عالم کی بارگاہ میں دشمن کے ذلیل ہونے کی دعا مانگے کیوں عزت اور ذلت دینا اسی کے قبضہ و اختیار میں ہے۔

باب ۴

در بیان تزکیۂ نفس و ترک فواحشات و دیدار آنحضرت صلعم

عاملانِ کامگار تمطراز ہیں کہ ایک عامل کے لیے اگر حقیقتاً وہ عامل ہے تو تزکیۂ نفس ضروری ہے اور اگر تزکیۂ نفس نہیں ہے تو کم از کم یہ خاکسار تو ایسے کسی شخص کو عامل سمجھنے کے لیے تیار نہیں۔ البتہ وہ تھوڑے سے بہت کام چلاؤ تو ہو سکتے ہیں۔ لیکن عامل نہیں کہا جا سکتا۔ ہم یہاں پر اس بحث میں پڑنا نہیں چاہتے کیونکہ یہ مسئلہ مختصر بیانی سے حل نہیں ہوگا لہٰذا اصل عنوانات کو سپردِ قلم کرتے ہوئے قطع نظر کرتے ہیں، البتہ اگر آپ کے دل میں اس بات کی کرید ہے کہ عامل کسے کہتے ہیں ان کو کن کن اوصاف سے متّصف ہونا چاہیئے۔ عامل کی شناخت کیا ہے۔ نقلی اور اصلی عامل میں امتیازی فرق وغیرہ وغیرہ کی پوری تصویر معہ اصطلاحی الفاظ اور اس کے صحیح مفہوم سے آگاہ ہونے کے لیے آپ ہماری کتاب "اصلاح العملیات" کو اسی مکتبہ سے منگا کر ملاحظہ فرمائیں۔ یہ کتاب آپ کی تسکین خاطر کے لیے اپنے اندر پورا پورا جواب پوشیدہ رکھتی ہے۔ خیر۔ آمدم بر سرِ مطلب۔

معلوم ہونا چاہیئے کہ لفظ تزکیۂ نفس عربی ہے، اردو میں بھی مستعمل ہے اس کے معنی پاک کرنے کے ہیں۔ چنانچہ تزکیۂ نفس کا سمجھنا اب کوئی مشکل نہیں رہا لہٰذا اس امر کو آپ بخوبی ذہن نشین کرلیں کہ جب تک عامل کے اطوار و کردار اور خیالات پاکیزہ نہیں ہوں گے اس کا عمل، اس کی وظیفہ خوانی اور چلہ کشی وغیرہ سب بے کار نہ وہ خود کوئی فائدہ حاصل کر سکتا نہ دوسروں کو فائدہ پہنچا سکتا ہے لہٰذا ہر ایسے شخص کے لیے جو عملیاتی دنیا میں داخل ہو کر دوسروں کو فائدہ پہنچانا چاہتا ہے اس کو تزکیۂ نفس فرور کرنا چاہیئے جس کے بہت سے روحانی طریقے ہیں۔ چنانچہ ان میں چند ایک کا تذکرہ جاتا ہے جو چنداں مشکل بھی نہیں ہے اور اس پہ صدقِ دل سے عمل کرنے کے بعد اس منزل میں کوئی خامی باقی نہ رہ جائے گی۔

نمبر ۱:- اگر قلب کو روشن کرنے کی تمنا ہے اور آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا قلب تمام

برائیوں اور دنیاوی آلائشوں سے پاک رہے تو عبادتِ الٰہی زیادہ سے زیادہ بجا لانے کی کوشش کیجیے۔

نمبر ۲:۔ روزانہ بلاناغہ کلام ذیل کو بکثرت پڑھنے کی کوشش کیجیے اور وہ یہ ہے:
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یَاھُوَ یَا مَنْ ھُوَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ یَا مَنْ بِہٖ ھُوَ بِہٖ کُلِّ ھُوَ۔

نمبر ۳۔ ہر روز بلاناغہ ایک ہزار پانچ سو چھپن بار یَابَاقِیُ پڑھا کیجیے جو باعثِ تجلیات ہے

نمبر ۴:۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط کو روزانہ سات سو چھیاسی بار بلاناغہ ورد کیجیے۔ قلب منور ہو گا۔

نمبر ۵۔ حضرات محمدؐ و آلِ محمد علیہم السّلام پر بکثرت روزانہ درود بھیجیے شیاطین آپ پر آپ کے خیالات پر حاوی نہ ہونے پائیں گے اور نزولِ رحمتِ خداوندی ہو گا۔ مجرب ہے۔

نمبر ۶:۔ ہر روز بلاناغہ صدقِ دل سے سو مرتبہ صلوٰۃ اور ایک سو پانچ مرتبہ استغفار اور دس بار سورہ تمجید اور دس بار سورہ قدر پڑھیے۔ تزکیۂ نفس کے لیے اچھا وظیفہ ہے۔

نمبر ۷:۔ چاہیئے کہ ہر روز نماز کے بعد الحمد و آیۃ الکرسی و توحید و سورۂ قدر اور سورۂ ملک کی تلاوت کرے۔

نمبر ۸:۔ اگر نفس امارہ شہوانی خیالات کا خوگر ہو کہ سبب احتلام کا بن گیا ہے یا احتلام نہیں بھی ہوتا لیکن خیالات شہوانیہ پریشان کرتے رہتے ہیں اور ابلیس ایسے خیالات کو ہوا دینے کے لیے سرگرم عمل ہے تو چاہیئے کہ سورۃ المعارج کو سونے سے پہلے تلاوت کر لیجیے۔ انشاء اللہ تمامی مکروہات سے دور رہیں گے۔ اس سلسلے میں بہت سے عاملین متفق الرائے ہیں۔

نمبر ۹:۔ شب میں سونے سے پہلے پانچ بار سورۂ اخلاص کو پڑھ کر اپنے سینے پر دم کر لیا کریں۔ انشاء اللہ خیالات لایعنی پریشان نہ کریں گے۔

نمبر ۱۰:۔ عاملین رقمطراز ہیں کہ اگر منظور ہے کہ قلب منور ہو اور خیالات

پاک و پاکیزہ رہیں۔ تزکیہ نفس کو قوت ملے تو چاہیئے کہ نقش مبارک کو پاک و پاکیزہ ہو کر لکھے اور بصورت تعویذ اپنے بازو پر باندھے نیز اسی مبارک سورۃ کو پانچ بار پڑھ کر دم کر لیا کرے یہ تنویر قلب کے لیے بہترین عمل ہے۔

۷۸۶

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
الرحیم	الرحمٰن	اللہ	بسم
اللہ	بسم	الرحیم	الرحمٰن
الرحمٰن	الرحیم	بسم	اللہ

نمبر ۱۱۔ اگر دل عبادت کی طرف مائل نہ ہوتا ہو یا کچھ ہوتا ہوا اور کچھ نہ ہوتا ہو اور شیطان رخنہ اندازی کر رہا ہے تو چاہیئے کہ روزانہ ہر نماز کے بعد چودہ بار رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا تا آخر آیت تک پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ دل عبادت کی طرف مائل ہو جائے گا اور سارے شیطانی وسوسے باطل ہو جائیں گے عاملین کا آزمودہ ہے۔

نمبر ۱۲۔ اگر چاہتا ہے تو کہ رموز اور اسرار سے آگاہ ہو تو اکتالیس روز تک خلوت نشینی اختیار کر اور لباس پاک و پاکیزہ پہن، بستر خواب بھی پاک و پاکیزہ ہو۔ ہر روز رات کو نماز عشاء کے بعد اور نماز وتر سے پہلے سورۂ واللیل کی چالیس بار تلاوت کر پھر نماز وتر ادا کر پھر سورۃ واللیل کی تین بار تلاوت کر اس کے بعد اس آیہ کو از اول تا آخر قرآن پاک سے دیکھ کر تین بار صحت کے ساتھ تلاوت کر۔ اختصاراً حوالہ تحریر کیا جا رہا ہے تاکہ تلاش میں وقت نہ ہو اور آسانی سے کلام پاک اس کے بعد سورہ اور جو کچھ خواب میں نظر آئے اسے پوشیدہ رکھ۔ اسرار و رموز سے آگاہی ہو گی بہت سے عاملین نے اس مہر تصدیق ثبت کی ہے۔

نمبر ۱۳۔ اگر منظور ہے کہ قلب تیرا پاک و پاکیزہ خیالات سے مملو اور خیالات فاسدہ سے پاک و صاف ہو تو بعد نماز عشاء سورۂ رحمٰن اور بعد صبح سورۂ فجر کی تلاوت سے غافل نہ رہ انشاء اللہ تعالیٰ مراد دلی بر آئے گی۔ یہ عمل مؤلف کا آزمودہ ہے۔

نمبر ۱۴۔ عاملین فرماتے ہیں کہ اگر کسی امر کے بابت اطلاع یابی ضروری ہے تو چاہیئے کہ یاغفور کو یانام تین روز تک سات دفعہ روزانہ کسی پاک سنگریزے پڑھ کر دم کرے اور سنگریزے کو کسی کنوئیں کے اندر ڈال دیا کرے انشاء اللہ جس امر

پر مطلع ہونا چاہیے گا، اطلاع حاصل ہوگی۔ لیکن سنگریزے کو کوئیں کے اندر ڈالتے ہوئے نہ کوئی دیکھنے پائے اور نہ کوئی ٹوکنے پائے۔

نمبر ۱۵:۔ سونے سے پہلے کلام مذیل کو معہ درود مبارکہ کے ایک مرتبہ روزانہ پڑھ کر خود پر دم کر لیا کرے کبھی احتلام نہ ہوگا اور وہ اسم مبارکہ یہ ہے:۔

یَارَبِّ یَارَبِّ یَارَبِّ یَاکَرِیْمِ ۔ مجرب ہے۔

نمبر ۱۶:۔ معلوم ہونا چاہیئے کہ باوضو سونے سے اسباب خیر و برکت کے پیدا ہوتے ہیں اور قلب پاک و پاکیزہ رہتا ہے وسواس شیطانی اور خیالات لایعنی سے نجات ملتی رہے گی۔

۱۷:۔ شب میں سونے سے پہلے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بعدہٗ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْاِحْتِلَامِ وَمِنْ سُوْءِ الْاَحْلَامِ وَمِنْ اَنْ یَتَلَاعَبَ بِیَ الشَّیْطَانِ فِی الْیَقْظَۃِ وَالْمَنَامِ۔

نمبر ۱۸:۔ اولاً تین بار درود شریف درمیان میں ایک بار سورہ الحمد اس کے بعد ایک بار سورہ اخلاص اس کے بعد ایک بار سورۃ قل اعوذ برب الفلق اس کے بعد ایک بار قل یاایھا الکفرون اس کے بعد ایک بار سورۃ قل اعوذ برب الناس اور سب سے آخر میں پھر تین بار درود شریف پڑھے اور دم کر کے سو رہے انشاء اللہ قلب پر کوئی بار نہ ہوگا اور نہ وسواس شیطانی اسے پریشانی کریں گے۔

نمبر ۱۹:۔ اگر یَاوَدُوْدُ کا وظیفہ جاری رکھے اور اکثر روزہ سے رہا کرے تو تجھے اس امر پر یقین کامل رکھنا چاہیئے کہ رحمت الٰہی ہمہ وقت تیرے شامل حال رہے گی۔

نمبر ۲۰:۔ اگر منظور ہے کہ شیطانی خیالات تجھے مغلوب نہ کریں اور تیری گناہوں کی طرف رغبت نہ ہو تو بعد نماز عشاء اپنے بستر طاہر پر بیٹھ کر یَاعَلِیُّ کا اس قدر وظیفہ گردان کہ تجھ کو تعداد وظیفہ خوانی کی یاد نہ رہے اور نیند تجھ پر غالب آجائے۔

بیانِ ترکِ فواحشات

تزکیہ نفس کی منزل پر پہنچنے سے عامل کو اس منزل کے تمامی راستوں کو اپنے قوی ارادوں کے ساتھ طے کرنا ہوگا۔ یہ قطعی غیر ممکن ہے کہ ایک شرابی یا تارک الصلوٰۃ شخص بغیر تائب ہوئے

عامل نہیں بن سکتا۔ یا ایک زانی یا جواری میں وہ صفت پیدا ہو ہی نہیں سکتی جو ایک عامل پائی جانی چاہیئے لہٰذا معلوم ہونا چاہیئے کہ جب تجسس شوقِ عمل اس منزل پر پہونچے تو وہاں بہر کمال صبر و سکون کے ساتھ ان دعاؤں کی رہبری حاصل کرنی چاہیئے جو عامل کو برے کاموں سے بچاتی اور اچھے کاموں کا اس کے دل میں ایک بہتر جذبہ پیدا کرتی ہیں چنانچہ ان میں سے چند ایک کا تجربہ حسب ذیل ہے۔

نمبر ۱:۔ اگر کسی شخص سے فواحشات کی عادت ترک کرانی منظور ہے تو اس کو چاہیئے کہ مہینے کے پہلے جمعہ کے دن جبکہ لوگ نماز جمعہ میں مصروف ہوں مقام تنہائی میں بیٹھ کر تانبے کے برتن پر اس آیت مبارکہ کو لکھے اور لکھنے سے پہلے ایک دفعہ کہے تَابَ اللّٰہُ عَلٰی فلاں بن فلاں پھر برتن متذکرہ میں اسی آیت کو لکھے اور پھر پاک پانی سے عبارت کو محو کرے اس کے بعد یہی آیت ایکسو ۱۰۱ بار پڑھ کر اس پانی پر دم کرے اور تین رات و دن یہ پانی اس شخص کو پلائے جب جب کہ اس کو پیاس لگے انشاء اللہ شخص بدکار کی طبیعت پرہیزگاری کی طرف مائل ہو جائے گی اور وہ آیہ مبارکہ یہ ہے۔ اِنَّ رَبَّكَ يَعْلَمُ اَنَّكَ تَقُوْمُ اَدْنٰى مِنْ ثُلُثَيِ الَّيْلِ وَنِصْفَهٗ۔ کلام پاک سے دیکھ کر صحت کے ساتھ یاد کرے۔

نمبر ۲:۔ کسی کو بری عادتوں سے تائب کرانا چاہے تو اس کو چاہیئے کہ آیہ مندرجہ ذیل کو ایک پاک صاف شیشہ کے غیر استعمالی برتن پر لکھے پھر اس آیت کو آب باراں کے پاک پانی سے محو کر کے یہی آیت نوّے ۹۰ بار پڑھ کر اس پانی پر دم کرے اور یہی دم شدہ پانی شخص بدکار کو پلاوے انشاء اللہ افعال قبیحہ سے توبہ کرے گا اور چند ہی بار اس پانی کے پینے سے پرہیزگاری کی زندگی بسر کرنے لگے گا اور وہ آیت یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيْرِ وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ وَالْمُنْخَنِقَةُ وَالْمَوْقُوْذَةُ وَالْمُتَرَدِّيَةُ وَالنَّطِيْحَةُ وَمَآ اَكَلَ السَّبُعُ اِلَّا مَا ذَكَّيْتُمْ وَمَا ذُبِحَ عَلَى النُّصُبِ وَاَنْ تَسْتَقْسِمُوْا بِالْاَزْلَامِ ذٰلِكُمْ فِسْقٌ اَلْيَوْمَ يَئِسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ دِيْنِكُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِ ط اَلْيَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ وَرَضِيْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِيْنًا ط فَمَنِ اضْطُرَّ فِيْ مَخْمَصَةٍ غَيْرَ مُتَجَانِفٍ لِّاِثْمٍ فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

نمبر ۳:- بوقت بعد نیم شب سورہ مومنون اور سورہ اخلاص کو پاک نئے سفید کپڑے پر تحریر کرے اور شخص بدکار کے سینے پر باندھ دے انشااللہ وہ بدکاری چھوڑ دے گا

نمبر ۴:- آیت مندرجہ ذیل کو کسی شخص پرہیزگار کے پاک و طاہر کپڑے پر باوضو یا طہارت ساعت مشتری یا ساعت زہرہ میں پوست آہو یعنی ہرن کی پاک جھلی پر لکھ کر لپیٹ لے اور بصورت تعویذ شخص بدکار کے باندھے انشااللہ وہ بدکاری چھوڑ دے گا۔

نمبر ۵:- آیت مندرجہ ذیل کو جو کی روٹی پر لکھ کر جس بدکار شخص کو کھلایا جائے گا وہ بلا شبہہ پرہیزگاری کی طرف مائل ہو جائے گا۔ اور وہ یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا وَاتَّقُوا اللّٰہَ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

دیگر:- نقش معظم ہذا سورہ دہر کا ہے۔ اوصافِ اس نقش برگزیدہ کے بہت ہیں مختصر یہ کہ جو کوئی اس نقش کو بااصول طریقہ پر لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اس کے گناہ معاف ہو جائیں گے اور اسے توفیق توبہ حاصل اور وقتاً فوقتاً بہت سے فوائد ظہور پذیر ہوتے رہیں گے۔

۷۸۶

۱۹۳۹۶	۱۹۴۰۰	۱۹۴۰۳	۱۹۳۸۹
۱۹۴۰۲	۱۹۳۹۰	۱۹۳۹۵	۱۹۴۰۱
۱۹۳۹۱	۱۹۴۰۵	۱۹۳۹۸	۱۹۳۹۴
۱۹۳۹۹	۱۹۹۳	۱۹۳۹۲	۱۹۴۰۴

دیگر:- یہ نقش بزرگ سورہ مطففین کا ہے اگر عروجِ ماہ میں بروز جمعرات ساعت مشتری میں لکھ کر ایک نقش گلے میں ڈالے اور ایک کو آب طاہر سے محو کر کے پی لے دوسرے روز سے ایک نقش لکھ کر روز پیتا رہے اور یہ عمل بہ پابندی وقت اکیس روز تک بلاناغہ کرتا رہے۔ واضح ہو کہ یہ نقش دیپنے والا مشک زعفران اور گلاب کے محلول سے چینی کی پلیٹ پر لکھا جائے گا۔

۷۸۶

۱۲۱۷۶	۱۲۱۷۹	۱۲۱۸۳	۱۲۱۶۹
۱۲۱۸۲	۱۲۱۷۰	۱۲۱۷۵	۱۲ ۸۰
۱۲۱۷۱	۱۲۱۸۵	۱۲۱۷۷	۱۲۱۷۴
۱۲۱۷۸	۱۲۱۷۳	۱۲۱۷۲	۱۲۱۸۴

دیگر:- اس گراں قدر نقش کی تعریف جس قدر کی جائے وہ کم ہے۔ مختصر وصف اس نقش مبارکہ کا یہ ہے کہ جو کوئی خود اس نقش کو باطہارت و باوضو اصولی طور پر لکھ کر اپنے پاس رکھے گا انشااللہ اس کے ایمان میں لغزش نہ پیدا ہوگی اور وہ کسی فعل

تبلیغ کا مرتکب نہ ہوگا۔ اس کا ضمیر خود بری باتوں کے ارتکاب کرنے سے مانع آئے گا اور خصوصاً یہ کہ بروز حشر شفاعت حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نصیب ہوگی۔ اس نقش کو باوضو بطرح عروج ماہ میں لکھے۔

۷۸۶

۵۰۰۸۰	۵۰۰۹۴	۵۰۰۹۱	۵۰۰۸۸
۵۰۰۹۲	۵۰۰۸۷	۵۰۰۸۱	۵۰۰۹۳
۵۰۰۸۶	۵۰۰۸۹	۵۰۰۹۶	۵۰۰۸۲
۵۰۰۹۵	۵۰۰۸۳	۵۰۰۸۵	۵۰۰۹۰

دیگر:۔ یہ نقش مبارکہ ایک دوسرے طریقہ پر سورۃ الہمزۃ کا ہے۔ جو کوئی اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اور روزانہ اس کی زیارت سے باوضو ہوکر مشرف ہوا کرے گا تو اس کا اس قدر ثواب پائے گا گویا کئی آدمیوں نے مل کر آنحضرتؐ پر مدتوں رات دن درود بھیجا ہو۔ ایمان کی پختگی کا ضامن ہے۔ خوف الٰہی سے طبیعت گناہ کی طرف راغب ہی نہیں ہوتی۔ بہترین نعمتیں نازل ہوتی رہتی ہیں۔

۷۸۶

۲۱۴۴	۲۱۵۸	۲۱۵۵	۲۱۵۲
۲۱۵۶	۲۱۵۱	۲۹۴۵	۲۱۵۷
۲۱۵۰	۲۱۵۳	۲۱۶۰	۲۱۴۶
۲۱۵۹	۲۱۴۷	۲۱۴۹	۲۱۵۴

دیگر:۔ یہ نقش مبارکہ سورۃ القریش کا ہے۔ اوصاف اس نقش کے بہت ہیں۔ مختصر یہ کہ ہر روز بعد نماز فجر ایک بار سورۂ فجر پڑھنے کے بعد جو کوئی اس نقش کی زیارت سے مشرف ہوگا اس نے گویا طواف خانۂ کعبہ کا کیا اور طواف خانۂ کعبہ کا ثواب حاصل کرنا کوئی معمولی بات نہیں ہے اس کی معمولی صفت ایمان کی پختگی ہے۔

۷۸۶

۱۵۶۸	۱۵۸۲	۱۵۷۹	۱۵۷۵
۱۵۸۰	۱۵۷۴	۱۵۶۹	۱۵۸۱
۱۵۷۳	۱۵۷۷	۱۵۸۴	۱۵۷۰
۱۵۸۳	۱۵۷۱	۱۵۷۲	۱۵۷۸

دیگر:۔ یَا رَبِّ یَا اللّٰہُ یَا رَبِّ یَا اَللّٰہُ یَا رَبِّ یَا اَللّٰہُ سر سجدے میں رکھ کر جو کوئی شخص بخضوع و خشوع ایک ہزار بار بعد نماز عشاء بلاناغہ چالیس روز تک بصورت نعرہ لگاتے کے کہے تو انشاء اللہ قلب منور ہو جائے گا اور جب قلب میں روشنی پیدا ہو جائے گی تو پھر ارتکاب گناہ کی جرأت پیدا ہو ہی نہیں سکتی۔ بہت جلیل القدر وظیفہ ہے

... کے حصول کیلئے بھی اس کا ورد کیا جاتا ہے۔

دیگر:۔ یہ نقش سورۂ انشقاق
کا ہے۔ جہاں اور اوصاف اس نقش سے
وابستہ ہیں وہاں صاحب نقش کو اللہ تعالیٰ
قوتِ صبر عطا فرماتا ہے۔ اس نقش کے
پاس رکھنے اور اس آیہ مبارکہ کی تلاوت
سے توفیق توبہ بھی حاصل ہوتی ہے اور
یہ نقش اس سورۂ مبارکہ کا دوسرے طریقہ پر ہے۔

۷۸۶

۷۲۲۷	۷۲۳۱	۷۲۳۴	۷۲۲۰
۷۲۳۳	۷۲۲۱	۷۲۲۶	۷۲۳۲
۷۲۲۲	۷۲۳۶	۷۲۲۹	۷۲۲۵
۷۲۳۰	۷۲۲۴	۷۲۲۳	۷۲۳۵

دیگر:۔ یہ نقش مبارکہ بہت بڑے اوصاف کا مالک ہے جس کی تشریح قوتِ انسانی
سے باہر ہے۔ مختصر یہ کہ عروج ماہ میں
پہلی جمعرات کو دن میں روزہ رکھے اور
شام کو قبل افطار ۷۰ امرتبہ درود شریف
پڑھ کر روزہ افطار کرے اور شب میں بعد
غسل جب کہ سب لوگ گھر کے سو جائیں
خوشبو سلگا کر دو رکعت نماز بجا لائے اور
اس کے بعد اس نقش کو حسب قاعدہ پُر کر کے خوشبو سے معطر کرے اور بصورتِ تعویذ اپنے دائیں
بازو پر باندھے۔ انشاءاللہ پھر طبیعت گناہ کی طرف مائل نہ ہوگی۔

۷۸۶

۱۵۶۷	۱۵۷۱	۱۵۷۴	۱۵۶۰
۱۵۷۳	۱۵۶۱	۱۵۶۶	۱۵۷۲
۱۵۶۲	۱۵۷۶	۱۵۶۹	۱۵۶۵
۱۵۷۰	۱۵۶۴	۱۵۶۳	۱۵۵۵

دیگر:۔ نقش مندرجہ ہذا کے اوصاف
بہت گرانقدر ہیں جو عامل پر وقتاً فوقتاً ظہور
پذیر ہوتے رہتے ہیں مختصر یہ کہ جو کوئی اس نقش
کو جمعرات، جمعہ یا اتوار کے دن ساعتِ شمس
میں اصولی طور پر لکھ کر اپنے بازو پر باندھے

۷۸۶

۱۲۸۹۵	۱۲۸۹۸	۱۲۹۰۱	۱۲۸۸۸
۱۲۸۹۰۰	۱۲۸۸۹	۱۲۸۹۴	۱۲۸۹۹
۱۲۸۹۰	۱۲۹۰۳	۱۲۸۹۶	۱۲۸۹۳
۱۲۸۹۷	۱۲۸۹۲	۱۲۸۹۱	۱۲۹۰۲

قیامت کے دن عذاب سے محفوظ رہے گا اس لئے کہ گناہ کی طرف طبیعت راغب ہوگی۔ عبادت الٰہی میں
دل لگے گا۔ توفیق توبہ حاصل ہوگی، نیک کاموں کے کرنے میں رغبت ہوگی اور دوسروں کی سختی
دشنام طرازی کو معاف کر دینا اس کی عادت بن جائے گی۔

دیدار حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

اگر تمنائے زیارت حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے تو

سب سے پہلے غسل کر اگرچہ حاجت غسل نہ بھی ہو اس کے بعد لباس پاک و طاہر زیب تن کر طہارت کا اسقدر خیال رکھ کہ اپنے اس بستر کو بھی طاہر کرے جس پر تو سوتا ہے یا اس روز صرف ایک چادر پر اکتفا کر لیکن طاہر اس کو بھی کرنا پڑے گا اس کے بعد خوشبوئے نفیس سے اپنے کو معطر کر بعدہٗ باوضو دو رکعت نماز بجالا اور اس کے بعد اس نقش کو تحریر کر جس کو خوشبو سے معطر کرنے کے بعد بصورت تعویذ اپنے دائیں بازو پر باندھ لے اور پانچ بار سورہ قدر پڑھنے کے بعد ایکہزار بار سورہ قدر کی تلاوت کر اور آخر

۷۸۶

۲۱۱۳۸	۲۱۱۵۲	۲۱۱۴۸	۲۱۱۴۵
۲۱۱۴۹	۲۱۱۴۴	۲۱۱۳۹	۲۱۱۵۱
۲۱۱۴۳	۲۱۱۴۶	۲۱۱۵۴	۲۱۱۴۰
۲۱۱۵۳	۲۱۱۴۱	۲۱۱۴۲	۲۱۱۴۷

میں پانچ بار پھر درود شریف اور سورہ مذکور کی تلاوت کر پھر دوسرے روز اس تعویذ کو جو اوّل روز بازو پر باندھا ہے بازو پر سے کھول کر آرد گندم میں جو پاک و صاف ہو گولی بنا کر آب رواں میں ڈال دے اور دوسرا تعویذ اسی طرح لکھ کر باندھے اور مثل سابق عمل کرے اسی طرح چالیس روز مسلسل عمل کرے لیکن پابندی وقت اور مقام کا خیال رہے البتہ مقام اور وقت کا تعین عامل کی مرضی پر منحصر ہے۔ ہاں روز اوّل جب دونوں باتوں کا انتخاب اپنی مرضی سے کرلے تب اس میں فرق نہ پیدا ہونے دے انشاء اللہ چالیس کے اندر ہی اندر زیارت کی سعادت خواب میں حاصل ہوگی۔

دیگر:۔ اگر دیدار جناب فخر رسولاں حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا مشتاق ہے تو روزانہ جار نماز پر سورہ مزمل کی بکثرت تلاوۃ کرے۔ انشاء اللہ عالم رویا میں مشرف بزیارت ہوگا۔

دیگر:۔ بعد نماز جمعہ یَا وَدُوْدُ ۔ یَا کَرِیْمُ ۔ ۳۵-۳۵ بار مرتبہ۔ بعدہٗ ۳۵ بار مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اور ۳۵ بار اَحْمَدُ رَّسُوْلُ اللّٰہِ اور یا عَلِیُّ ۱۱۰ بار پڑھے لیکن پہلے ان اسمائے پاک کو ایک کورے کاغذ پر پاک روشنائی سے لکھے اور پڑھتے وقت مکمل نظر اس نوشتہ پر رکھے بعد ختم دو رکعت نماز پڑھے اور زیارت سے مشرف ہونے کی دعا مانگے چند دن کے بعد زیارت سے سرفراز ہوگا۔

دیگر:۔ مشرف بزیارت ہونے کا سب سے زیادہ بہترین عمل ہے۔ بہت سے عاملین

نے اپنی تصانیف وتالیفات میں نمایاں طور پر اس کا تذکرہ کیا ہے لیکن سب سے بہتر طور پر مندرجہ ذیل طریقہ عمل کے بجا لانے کا ہے۔ طلب صادق ہونی چاہیئے انشاءاللہ عالم رویا میں زیارت آنحضور کی نصیب ہوگی۔ چاہیئے کہ مہینے کی نوچندی جمعرات کو دن میں روزہ رکھے بعد افطار شب جمعہ میں غسل کرکے لباس پاک وپاکیزہ پہنے اور پھر باوضو دو رکعت نماز بجا لائے اور اس کے بعد مندرجہ ذیل سات آیات کو تین تین مرتبہ پڑھے اور یہ عمل اکیس ۲۱ روز تک کرے انشاءاللہ اسی درمیان میں زیارت سے فیضیاب ہوگا لیکن یہ امر یاد رکھے کہ طلب صادق ہونی چاہیئے اور وہ آیات یہ ہیں۔

۱:- وَكَفَىٰ بِاللَّهِ وَلِيًّا وَكَفَىٰ بِاللَّهِ نَصِيرًا۔ ۲:- وَكَفَىٰ بِاللَّهِ حَسِيبًا۔ ۳:- وَكَفَىٰ بِاللَّهِ وَكِيلًا۔ ۴:- وَكَفَىٰ بِرَبِّكَ هَادِيًا وَنَصِيرًا۔ ۵:- وَكَفَىٰ بِرَبِّكَ بِذُنُوبِ عِبَادِهِ خَبِيرًا بَصِيرًا۔ ۶:- وَكَفَى اللَّهُ الْمُؤْمِنِينَ الْقِتَالَ وَكَانَ اللَّهُ قَوِيًّا عَزِيزًا۔ ۷:- اللَّهُمَّ صَلِّ عَلَىٰ مُحَمَّدٍ وَآلِهِ أَجْمَعِينَ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ ○۔

اعمال نوروز

معلوم ہونا چاہیئے کہ یوم نوروز ہمیشہ عملیاتی دنیا کے عاملین ۲۱ مارچ کو مناتے ہیں اور اس سلسلہ کو عاملین نے اہل ایران سے حاصل کیا ہے یعنی جس طرح انگریزوں کے یہاں سال کا پہلا دن یکم جنوری مانا گیا ہے اور اہل اسلام عربی مہینے کے لحاظ سے سال کا پہلا دن محرم الحرام کی پہلی تاریخ کو قرار دیتے ہیں۔ اسی طرح اہل فارس نے اپنے سال کا پہلا دن ۲۱ مارچ کو قرار دیا ہے۔ یہ وہ تاریخ ہے کہ آفتاب عالمتاب تمام کرۂ فلک کا دورہ پورا کرکے خط استوا کے عین مشرق میں نقطۂ اعتدال یعنی فلک ثوابت کی شکل برج حمل میں جو ائرۃ البروج کا پہلا برج ہے داخل ہوتا ہے یہی وقت نئے سال کے آغاز کا ہے اور یہی دن ایسا ہے جب شگوفے پھوٹتے ہیں، فصل ربیع کی ابتدا ہوتی ہے اس دن کی اہمیت اور اس کی تفصیل آپ ہماری کتاب "اکسیر العملیات" کے صفحات ۱۹، ۲۰ و ۲۱ پر ملاحظہ فرمایئے۔ ان باتوں کا اس جگہ اعادہ کرنا بلاوجہ کتاب کے حجم کو بڑھانا ہے اور ہمیں یہ منظور نہیں بلکہ ان صفحات پر اور چند مفید اور کارآمد باتوں کو ضبط تحریر میں لانا زیادہ بہتر ہوگا۔ نوروز عالم افروز کی شناخت، وقت تحویل آفتاب وغیرہ آپ اس رسالہ کی پہلی کتاب "اکسیر العملیات" میں دیکھیں۔

ہم یہاں پر یہ تحریر کرنا چاہتے ہیں کہ نوروز کے دن ہمیں اصولی طور پر کیا کرنا چاہیئے چنانچہ ہماری رائیں سب سے زیادہ بہتر یہ ہے کہ اس روز (۱) روزہ رکھے (۲) حسب توفیق صدقہ وخیرات دے۔ (۳) بعد از زوال آفتاب چار رکعت نماز بہ دو سلام پڑھے، پہلی رکعت میں الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۂ قدر پڑھے، دوسری رکعت میں الحمد کے بعد سورۂ کافرون دس مرتبہ پڑھے تیسری رکعت میں الحمد کے بعد دس مرتبہ توحید اور چوتھی رکعت میں الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۂ فلق اور دس مرتبہ سورۂ ناس پڑھے اور بعد نماز سجدہ میں بار صلوات پڑھے۔ (۴) تمام دن یاذوالجلال والاکرام کا ورد رکھے اور تمام دن ورات میں تین سو بار آیۃ الکرسی پڑھے۔ اب یہ بھی واضح کرنا ضروری ہے کہ صلوٰۃ حسب ذیل چند طریقوں سے پڑھی جاتی ہے جن پر مخصوص عاملین عمل کرتے ہیں اور وہ یہ ہیں۔

(۱) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ (۲) اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوٰتِكَ وَصَلَوٰةَ مَلٰٓئِكَتِكَ وَرُسُلِكَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ (۳) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَجِّلْ فَرَجَهُمْ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِ مَلٰٓئِكَتِكَ وَحَمَلَةِ عَرْشِكَ وَجَمِيْعِ خَلْقِكَ وَسَمٰوٰتِكَ وَاَرْضِكَ وَاَنْبِيَآئِكَ وَرُسُلِكَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ (۴) صَلَوَاتُ اللّٰهِ وَصَلَوَاتُ مَلٰٓئِكَتِهٖ وَاَنْبِيَآئِهٖ وَرُسُلِهٖ وَجَمِيْعِ خَلْقِهٖ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَالسَّلَامُ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ۔

(۵) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلّٰی عَلَيْهِ۔

طلب فرزند:-

اگر کوئی شخص صاحب اولاد نہیں ہے اور تمنائے اولاد میں اسکی ساری تدابیر بیکار ثابت ہو چکی ہیں نیز کوئی نقص بھی زن و شوہر میں نہیں ہے تو ان کو چاہیئے کہ وہ اپنی ساری توجہ علاج روحانی کی طرف دیں اس سلسلے میں چند آزمودہ عمل ضبطِ تحریر میں لائے جا رہے ہیں جن کو ذریعہ بنا کر کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے اور اس کی سب سے پہلی کنجی طلب صادق کی ہے یعنی جو چیز اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے مانگی جائے وہ سچے دل سے اس تصوّر کے ساتھ مانگی جائے کہ فی الحقیقت اللہ تعالیٰ کی ذاتِ اقدس کے سوا اور کوئی دوسری ذات ایسی ہے ہی نہیں جو اہم تو درکنار ایک معمولی سی حاجت بھی پوری کرسکے۔ پس اللہ تعالیٰ کی طرف سچے دل سے لو لگائے اور اپنی

خواہش کے بابت پوری ہونے کی دعا کرے۔ یقیناً کامیاب ہوگا۔ طلب اولاد کے خواہشمند حضرات کو میرا مشورہ ہے کہ وہ عروج ماہ کے پہلے جمعہ کو روزہ رکھیں اور بعد نماز جمعہ یہ دعا سات بار پڑھیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِاِسْمِکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط ھُوَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَ الشَّھَادَۃِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَسْئَلُکَ بِاِسْمِکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّا بِاِذْنِہٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَا خَلْفَھُمْ وَ اَسْئَلُکَ بِاِسْمِکَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الَّذِیْ عَنَتِ الْوُجُوْہُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ وَخَشَعَتْ لَہُ الْاَصْوَاتُ وَوَجِلَتِ الْقُلُوْبُ مِنْ خَشْیَتِہٖ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّمَ وَ اَنْ تَقْضِیَ حَاجَتِیْ۔ اس جگہ اپنی حاجت کا نام لیوے اور ہر مرتبہ اپنی حاجت کا نام لے اور شب میں وقتِ مناسب پر اپنی زوجہ سے ہمبستر ہو۔ متواتر چار جمعہ یہ عمل کرے انشاء اللہ اسی درمیان میں حمل قرار پا جائے گا۔

دیگر:- جب زوجہ میں آثار حمل نمودار ہوں تو اس کو قبلہ رو کھڑا کرے۔ پھر پانچ پانچ بار درود اور تین بار آیۃ الکرسی پڑھ کر شکم پر دم کرے اور دائیں پہلو پر ہاتھ رکھ کر ایک دفعہ کہے اَللّٰھُمَّ قَدْ سَمَّیْتُہٗ مُحَمَّدًا پس بعد ولادت مولود کا نام محمد رکھے۔

دیگر:- یہ نقش جلیل القدر آیات کلام ربانی سے متعلق اور بہت بڑے اوصاف کا مالک ہے۔ مختصر یہ کہ عروج ماہ میں بروز پنجشنبہ ساعت مشتری میں لکھ کر اگر زن حاملہ کے گلے میں ڈالا جائے گا تو حاملہ حمل کے تمام آفات سے انشاء اللہ محفوظ رہے گی۔

۷۸۶

۲۲۴۶	۲۲۴۹	۲۲۵۲	۲۲۳۸
۲۲۵۱	۲۲۳۹	۲۲۴۵	۲۲۵۰
۲۲۴۰	۲۲۵۴	۲۲۴۷	۲۲۴۴
۲۲۴۸	۲۲۴۳	۲۲۴۱	۲۲۵۳

دیگر:- ہر گاہ کسی کے اولاد نہ ہوتی ہو اور وہ تمنائے اولاد رکھتا ہو تو اس کو چاہئے کہ زمانہ عروج ماہ میں تین روز متواتر سورہ آل عمران زعفران اور گلاب سے لکھے اور پاک پانی سے محو کر کے عورت کو پلائے اور بعد پلانے کے تینوں شب ہمبستر ہو انشاء اللہ حمل قرار پا جائیگا

مجرب ہے۔ محو شدہ کاغذ کو احتیاط کے ساتھ آبِ رواں میں ڈالے تاکہ بے ادبی نہ ہو۔

دیگر۔ اگر آرزوئے اولاد ہے اور اب تک نعمت اولاد سے محروم ہے نیز زن و شوہر دونوں میں سے کوئی کسی مرض میں مبتلا نہیں ہے تو شوہر کو چاہیئے کہ سورہ فجر پڑھ کر شربت پر دم کرکے پی لے اور پھر زوجہ سے مقاربت کرے انشاء اللہ نعمتِ اولاد سے فیضیاب ہوگا (پہلا عمل خارج از کتاب کردیا گیا ہے)

دیگر۔ جو عورت سات دن روزہ رکھے اور وقتِ افطار اکیس ۲۱ مرتبہ **اَلْمُصَوِّرُ** پانی پر پڑھ کر دم کرکے اس پانی کو پی لیوے انشاء اللہ فرزند نیک صورت سے حاملہ ہوگی۔ بارہا کا آزمودہ ہے۔

دیگر۔ اگر کسی عورت کا حمل قرار نہیں پکڑتا اور ضائع جاتا ہے تو اس کا تدارک یہ ہے کہ وہ وقتاً فوقتاً جب استقرارِ حمل کا یقین ہو جائے تو سورۂ بیّنہ کو لکھ کر پاک پانی سے محو کرے اور زنِ حاملہ کو پلا دے انشاء اللہ حمل اسقاط ہونے اور تمام آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا۔

دیگر۔ معلوم ہونا چاہیئے کہ حفاظت حمل کے لئے حسب ذیل عمل بہتر قرار دیا گیا ہے۔ چنانچہ جب قیام حمل کا یقین ہو جائے تو آیہ منزل کو پوستِ آہو پر لکھ کر حاملہ کو باندھنے کیلئے دیدے اور حاملہ ابتدائے حمل سے چالیس ۴۰ دن تک باندھے رہے اس کے بعد کھول ڈالے پھر تین مہینے کے شروع سے پھر باندھ لے انشاء اللہ حمل سب آفات سے محفوظ رہے گا اور وہ آیہ یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط وایوب اذ نادی ربہ انی مسنی الضر وانت ارحم الراحمین فاستجبنا لہ فکشفنا مابہ من ضر واٰتینٰہ اھلہ ومثلھم معھم رحمۃ من عندنا وذکریٰ للعابدین۔ اس عمل کو باوضو بعد ادائے دو رکعت نماز بجالانا چاہیئے۔

دیگر۔ یہ نقش معظم ایک دوسرے طریقے پہ سورۂ مبارکہ عنکبوت کا ہے طالب فرزند کو چاہیے کہ بساعت مشتری بروز جمعرات اس نقش کو عروج ماہ میں تحریر کرے اور اسی شب میں جب کہ سب لوگ عالم خواب میں ہوں۔۔

۷۸۶

۹۶۴۱	۹۶۴۴	۹۶۴۸	۹۶۱۳
۹۶۴۷	۹۶۳۵	۹۶۴۰	۹۶۴۵
۹۶۳۶	۹۶۵	۹۶۴۲	۹۶۳۹
۹۶۴۳	۹۶۳۸	۹۶۳۷	۹۶۲۹

خود غسل کرکے دو رکعت نماز حاجت پڑھ کر ایک مرتبہ اس سورہ مبارکہ کی تلاوت کرے اور نقش مذکور کو زیر آسمان کھول کر رکھے اور نقش کو ہاتھوں پر لے کر بواسطہ اس نقش کے بارگاہ الٰہی میں دعا کرے اس کے بعد احکام شرعی بجا لاوے، وقت دخول بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کہے تاکہ شیطان شرکت سے باز رہے۔ تین جمعرات یہی عمل کرے انشاء اللہ حمل قرار پاجائیگا۔

دیگر۔ یہ نقش مبارکہ ایک دوسرے طریقہ پر سورۂ طور کا ہے حاجت براری کے لئے مفید ہے چاہیئے کہ اس سورہ مبارکہ کی چالیس بار روزانہ چالیس روز تک بلاناغہ تلاوت کرے۔ مخصوص طلب اولاد میں اس نقش کو یکشنبہ، پنجشنبہ یا جمعہ میں سے کسی روز لکھے لیکن بروقت تحریر نقش دو باتوں کا خیال رکھے ایک تو جب لکھے عروج ماہ میں لکھے زوال ماہ نہ ہو ورنہ اثر ظاہر نہ ہوگا دوسرا ان تین ایام متذکرہ بالا میں جس روز لکھے اسی روز کے ستارے کی ساعت میں لکھے جس دن کا وہ ستارہ حاکم ہے اللہ تعالیٰ اگر چاہے تو نعمت اولاد سے سرفراز فرمائے گا۔ نقش کو بصورت تعویذ ان اصولوں کے تحت جو تعویذات کے ہیں لکھ کر خوشبو سے معطر کرتا ہوا دائیں بازو پر باندھے اور ہر جمعرات کے دن خوشبو سے معطر کرتا رہے۔

۷۸۶

۲۳۶۱۲	۲۳۶۱۵	۲۳۶۱۹	۲۳۶۰۵
۲۳۶۱۸	۲۳۶۰۶	۲۳۶۱۱	۲۳۶۱۶
۲۳۶۰۷	۲۳۶۲۱	۲۳۶۱۳	۲۳۶۳
۲۳۶۱۴	۲۳۶۰۹	۲۳۶۰۸	۲۳۶۲۰

دیگر۔ یہ نقش پاک سورۂ واقعہ کا ہے جو دوسرے طریقہ پر تحریر کیا گیا ہے ایام ہفتہ میں سے علاوہ دوشنبہ منگل اور سنیچر کے کسی دن اس نقش کو سامنے رکھ کر ستتر بار اس سورۃ کی تلاوت کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد نیک سیرت سے اس گھر کو رونق ہوگی۔

۷۸۶

۲۵۸۰۸	۲۵۸۱۱	۲۵۸۱۴	۲۵۸۰۰
۲۵۸۱۳	۲۵۸۰۱	۲۵۸۰۷	۲۵۸۱۲
۲۵۸۰۲	۲۵۸۱۶	۲۵۸۰۹	۲۵۸۰۶
۲۵۸۱۰	۲۵۸۰۵	۲۵۸۰۳	۲۵۸۱۵

دیگر۔ بابت حفاظت حمل۔ یہ نقش بے مثل سورۃ الحاقہ کا ہے یوں تو ہر امر میں کام آتا ہے۔ واضح ہو کہ یہ نقش سورۂ متذکرہ کا دوسرے طریقہ سے تحریر کیا گیا ہے جس

میں فوائد بیشمار ہیں جو وقتاً فوقتاً صاحب تعویذ پر ظاہر ہوتے رہتے ہیں۔ مخصوص زن حاملہ کے گلے میں لکھکر بصورت تعویذ ڈالا جائے تو انشاءاللہ حمل ساقط ہونے اور تمام بلیات سے محفوظ رہے گا اور وہ نقش مکرم یہ ہے .... ←

۷۸۶

۲۴۹۶	۲۴۹۹	۲۵۰۳	۲۴۸۹
۲۵۰۲	۲۴۹۰	۲۴۹۵	۲۵۰۰
۲۴۹۱	۲۵۰۵	۲۴۹۷	۲۴۹۴
۲۴۹۸	۲۴۹۳	۲۴۹۲	۲۵۰۴

دیگر:۔ یہ نقش مکرم سورۂ مبارکہ یٰسین کا جو کہ ایک دوسرے طریقہ پر تحریر کیا گیا ہے جو نہایت زود اثر ہے جملہ مکافات کیلئے گلاب اور زعفران سے لکھ کر پلائیں اگر پینے والا کند ذہن ہوگا تو اس کا ذہن امید سے زیادہ رسائی کرنے لگے گا اور

۷۸۶

۱۰۳۳۷۸	۱۰۳۳۸۱	۱۰۳۳۸۴	۱۰۳۳۷۱
۱۰۳۳۸۳	۱۰۳۳۷۲	۱۰۳۳۷۷	۱۰۳۳۸۲
۱۰۳۳۷۳	۱۰۳۳۸۶	۱۰۳۳۷۹	۱۰۳۳۷۶
۱۰۳۳۸۰	۱۰۳۳۷۵	۱۰۳۳۷۴	۱۰۳۳۸۵

قوتِ حافظہ بہت بلند ہو جائے گی۔ جس عورت کے بچہ نہ پیدا ہوتا ہو لکھ کر پاک پانی سے محو کر کے پلائے انشاءاللہ ولادت بہ آسانی ہوگی، اگر مرد بستہ کو پلایا جائے کشادہ ہوگا اور اگر عامل اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا اس کا عمل ضائع نہ ہوگا۔ اگر کوئی امیر و غریب یا بادشاہ اس کو لکھکر اپنے پاس رکھے گا اس کی حاجت پوری ہوگی۔ کسی نے کسی پر جادو سحر۔ ٹونہ وغیرہ کر دیا ہوگا تو اس کو لکھ کر پلانے سے اس کے اثرات جاتے رہیں گے۔ دشمن اگر آمادہ بہ دشمنی ہے تو صاحبِ نقش پر کامیابی حاصل نہ کر سکے گا۔ اولاد نافرمان کو اگر اس نقش کی سات پلیٹیں چینی کی زعفران اور گلاب کے محلول سے لکھکر پانی یا شربت پاک سے محو کر کے متواتر سات یوم تک پلائی جائیں تو وہ اولاد ناخلف جو ہمہ وقت شمشیر برہنہ نظر آتی تھی اپنی ساری حرکاتِ ناشائستہ سے توبہ کر کے فرمانبرداری حاصل کرے گی۔

دیگر:۔ سورہ آلِ عمران گلاب اور زعفران سے لکھکر زنِ عقیمہ باندھے اور خاوند سے ہمبستر ہو انشاءاللہ عقیمہ نہ رہے گی لیکن یہ خیال رکھنا چاہیئے کہ یہ سورت کلام پاک کی ہے ہر طرح سے احترام لازم ہے بصورتِ تعویذ بعد کرنے سوم جامہ کپڑے میں سی کر عورت

کے دائیں بازو پر باندھے اور شوہر ایک بار اس سورت کو پڑھ کر اور اگر پڑھ نہیں سکتا تو زوجہ کو اسی سورہ کی ہوا دے تب اس سے مناسب وقت اور مناسب مقام پر قربت حاصل کرے انشاء اللہ پھر وہ عورت عقیمہ نہ رہے گی لیکن سب سے پہلے یہ دیکھ لینا ضروری ہے کہ طرفین کسی بیماری میں مبتلا تو نہیں ہیں۔

دیگر:- اگر عورت کو آرزو اولاد کی ہے تو اس کو چاہیئے کہ واسطے حمل رہنے کے بعد فراغت ایام حیض غسل کرے اور پنجشنبہ کو (جو غسل کرنے کے بعد پہلا پنجشنبہ پڑے) روزہ رکھے اور بعد افطار صوم شوہر سے مقاربت کرے اور اس عزیمت کو بروقت ہمبستری اپنے سامنے لٹکا کر برابر اس پر نظر رکھے اس وقت تک جب تک کہ وہ مجامعت سے فارغ نہ ہو اور وہ عزیمتیہ ہے۔ م م م م ط ھ ھ ھ ا علی علی علی علی علی لہ لہ لہ ا ا ا ا ا ا ا ا ا ا ا ا لہ لہ لہ ملولو ھو لغوصنو۔

دیگر بابت زنِ عقیمہ:- عقیمہ یعنی بانجھ عورت کے لئے چاہیئے کہ عروج ماہ میں بروز جمعرات ایک بکری کا بچہ (نر) حاصل کرے اور اس بچہ کو بعد ادائے تکبیر ۱۰۷ بار درود پڑھ کر ذبح کریں اور دیگ میں تھوڑا سا پانی ڈال کر پکائیں اور اس گوشت میں سے عقیمہ عورت جسقدر بھی کھا سکتی ہو کھائے پھر ایک پاک طاہر برتن پر کلمات ذیل کو نہایت خط سے تحریر کرے اور پاک پاکیزہ پانی سے ان کلمات کو محو کر کے زن و شوہر دونوں اس پانی کو پی لیویں پھر دونوں پانچ پانچ صلوات اور سورہ فاتحہ پڑھیں اس کے بعد مقاربت کریں انشاء اللہ حمل قرار پا جائے گا اور وہ کلمات یہ ہیں۔

اَبْجَدُ هَوَّزْ حُطِّیْ کَلَمَنْ سَعْفَصْ قَرَشَتْ ثَخَذْ ضَظَغْ وَقَالَ اِنَّمَا اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ لِاَهَبَ لَكِ غُلَامًا زَکِیًّا قَالَ کَذٰلِكِ قَالَ رَبُّكِ هُوَ عَلَیَّ هَیِّنٌ وَلِنَجْعَلَهٗ اٰیَةً لِّلنَّاسِ وَ رَحْمَةً مِّنَّا وَکَانَ اَمْرًا مَّقْضِیًّا حَمَلَتْهُ بِعَوْنِ اللّٰهِ فَحَمَلَتْ بِلُطْفِ اللّٰهِ فَحَمَلَتْ بِحَوْلِ اللّٰهِ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَکَانًا قَصِیًّا اِنَّمَا اَمْرُهٗ اِذَا اَرَادَ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ کُنْ فَیَکُوْنُ فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوْنَ وَسَلٰمٌ عَلٰی

الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ ط

انشاء اللہ وہ زن پھر زن عقیمہ نہ رہے گی اللہ تعالیٰ اس کی گود کو نعمت اولاد سے بھر دیگا

دیگر:۔ زن عقیمہ کیلئے متواتر ایک ہفتہ سورۂ حجرات کا لکھکر پلانا اس کے عقیم کو زائل کر دیتا ہے۔

دیگر:۔ اگر سورۂ فجر دو جگہ علیحدہ علیحدہ لکھکر ایک ایک سورہ بصورت تعویذ خوشبویات سے معطر کرنے کے بعد موم جامہ کرے اور سیاہ کپڑے میں سل کر زن و شوہر اپنے اپنے بازو پر باندھ لیں اور پھر قربت حاصل کریں۔ اگر کوئی بیماری نہیں ہے تو انشاء اللہ پھر وہ عورت عقیم نہ رہے گی۔

۷۸۶

دیگر:۔ یہ نقش مبارکہ ایک دوسرے طریقہ پر سورۂ فجر کا ہے زن عقیمہ کیلئے بہتر خواص کا مالک ہے لہذا تاریخ و روز سعید میں لکھکر بصورت تعویذ خوشبو سے معطر کرنے کے بعد زن عقیمہ باندھے اور شوہر سے قربت حاصل کرے انشاء اللہ صاحب اولاد ہوگی۔ نقش یہ ہے۔۔۔۔!

۱۲۹۷	۱۳۱۱	۱۳۰۸	۱۳۰۴
۱۳۰۹	۱۳۰۳	۱۲۹۸	۱۳۱۰
۱۳۰۲	۱۳۰۶	۱۳۱۳	۱۲۹۹
۱۳۱۲	۱۳۰۰	۱۳۰۱	۱۳۰۷

دیگر:۔ جس عورت کے لڑکا نہ ہوتا ہو یعنی حمل ہی قرار نہ پاتا ہو تو اس کو چاہیئے کہ سیاہ بلی کے خون سے شیاف لے اور شوہر سے ہمبستر ہو انشاء اللہ حمل قائم ہو جائے گا۔

(نوٹ:۔ مؤلف مانع ہے اس لئے کہ بسا اوقات بہت بڑے خطرات سے دوچار ہونا پڑتا ہے۔ رضی)

دیگر:۔ واسطے قرار پائے حمل کے اسگند ناگوری ایک درہم یعنی ۴ ماشے کے دودھ ہمراہ دو ماہ تک نہار منھ استعمال کرے بادی اور ترش اشیاء سے پرہیز کرے یہ نسخہ زن عقیمہ کو استعمال کرایا جائے انشاء اللہ حمل قرار پا جائے گا۔

تحفظ حمل

اگر کسی زن حاملہ کا حمل ساقط ہو جایا کرتا ہو یعنی گر جایا کرتا ہو یا خطرہ اسقاط پیدا ہو جائے تو اس کو چاہیئے کہ وہ اس آیہ کو لکھے

اور پاک پانی سے دھو کر زن حاملہ کو پلادے یا آیہ مذکورہ کو اصولی طور پر لکھ کر بصورت

تعویذ کمر میں اس طریقہ پر باندھے کہ تعویذ زیر ناف پڑا رہے۔ تعویذ کو موم جامہ کرکے کپڑے میں سل کر کمر میں باندھے۔ انشاء اللہ حمل ضائع ہونے سے محفوظ رہے گا اور وہ آیت یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط ان کل نفس لما علیھا حافظ فلینظر الانسان مما خلق خلق من ماء دافق یخرج من بین الصلب والترائب فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین یا حی یا قیوم یا باقی یا دافع البلیات یا قوی یا قادر یا حفیظ۔

دیگر:۔ اگر خوف اسقاط لاحق ہے یا اسباب اسقاط پیدا ہوچکے ہیں تو چاہیئے کہ حاملہ کے شکم پر انگلی سے نو مرتبہ یَامُبْدِئُ لکھ دے۔

دیگر:۔ سورۂ اخلاص کا پانچ مرتبہ پڑھ کر دم کرنا بھی حمل کو ساقط ہونے یعنی ضائع جانے سے بچاتا ہے

دیگر:۔ نادِعلی کبیر بھی اگر پڑھ کر شکم حاملہ پر پڑھ کر دم کی جائے تو حمل کو ضائع ہونے سے بچاتی ہے۔

دیگر:۔ سورۂ قدر کو مشک و زعفران سے چینی کی رکابی پر لکھے اور حاملہ کو پلائے نیز عزیمت ذیل لکھ کر زن حاملہ کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ حمل ضائع جانے سے محفوظ رہے گا اور وہ عزیمت یہ ہے۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط اِنَّ اللّٰہَ یُمۡسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ اَنۡ تَزُوۡلَا وَلَئِنۡ زَالَتَاۤ اِنۡ اَمۡسَکَہُمَا مِنۡ اَحَدٍ مِّنۡۢ بَعۡدِہٖ اِنَّہٗ کَانَ حَلِیۡمًا غَفُوۡرًا۔

دیگر:۔ چینی کی طشتری پر بوقت ضرورت معہ درود کے سورۃ لَمۡ یَکُنۡ کو لکھے اور پانی سے دھو کر زن حاملہ کو پلادے انشاء اللہ حمل ساقط ہونے سے محفوظ رہے گا۔

دیگر:۔ حروف مقطعات قرآنی کو مشک و زعفران سے چینی کی پلیٹ پر لکھ کر زن حاملہ کو پلانے سے حمل ضائع جانے سے محفوظ رہے گا۔

حفاظتِ مولود

اس عنوان کے تحت جسقدر بھی وظیفہ و وظائف اور نقوش وغیرہ تحریر کئے جارہے ہیں وہ متعدد عاملین کے آزمائے ہوئے ہیں اور نہایت ہی سریع التاثیر ہیں۔ لیکن یہ بات کبھی نہ بھولنا چاہئے کہ طلب صادق ہو اور لوجہ اللہ ہو۔ یہاں پر ہم ایک بات ترجیحی خیال کرتے ہیں کہ خلوق خدا کی بلا معاوضہ خدمت کرنے میں بہت بڑا ثواب ہے جس کی قیمت اگر کوئی ادا کرنا چاہے تو

ادا ہو ہی نہیں سکتی اور نہ عامل کو ضرورت مند سے طلب کرنا چاہیئے البتہ ان مصارف کا لینا میرے نزدیک درست ہے جو ان اشیاء کی خریداری میں صرف ہوتے ہیں جن کی عامل کو بروقت خوانندگی عمل یا تحریر کرنے نقوش ضرورت پڑتی ہے۔ یہاں سے حفاظت مولود کے لئے چند روحانی نسخے لکھے جا رہے ہیں۔

مولود کی حفاظت کیلئے بہتر روحانی علاج یہ ہے کہ بعد نماز فجر پانچ بار درود شریف اوّل اور پانچ بار درود شریف آخر اور درمیان میں تین بار سورۃ اخلاص پڑھ کر روزانہ صبح اور بعد نماز عشاء اتنی ہی مرتبہ اور اسی صورت سے پڑھ کر مولود پر دم کر دیا کرے انشاءاللہ ہر قسم کی آفات و بلیّات سے وہ محفوظ رہے گا۔ بچوں ہی پر منحصر نہیں ہے اس سے بڑے بھی نفع حاصل کر سکتے ہیں اور یہ میرا ایمان ہے کہ دم شدہ ہستی خواہ وہ طفل صغیر ہو یا پیر صد سالہ، طوفان باد و باراں۔ آتش زدگی اور ہر قسم کے جان لیوا حادثات وغیرہ سے محفوظ رہے گا میں خود اس کا اب تک عامل ہوں اور اس پاک بے نیاز کا ہزار ہزار احسان ہے کہ وہ اپنے اس سورۂ جلیلہ کے تصدق میں اس عبد گنہگار کی ہر طرح حفاظت فرما رہا ہے لہٰذا آپ تمام غلط طریقوں کو فراموش کر دیں البتہ عامل جس نے باقاعدہ اس سورۃ کی زکوٰۃ ادا کی ہے وہ خود بھی زیادہ نافع ہو سکتا ہے اور دوسروں کو بھی زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچا سکتا ہے۔ ادائیگی زکوٰۃ کے طریقے کے بابت ہماری دوسری عملیات کی کتابوں یعنی "اکسیر العملیات" اور "تسخیر العملیات" وغیرہ کو ملاحظہ فرمائیں۔

دیگر:- مولود کی حفاظت کیلئے بہتر صورت یہ ہے کہ بوقت صبح صادق بعد ادائے نماز فجر دو رکعت نماز ادا کرکے اسی جائے نماز پر یعنی جس مصلے پر نماز ادا کی ہے بروز جمعرات ساعت مشتری میں پاک روشنائی سے پاک کاغذ پر سورۂ اخلاص لکھ کر مولود کے گلے میں بعد کرنے موم جامہ و معطر کرنے خوشبو سے سیاہ کپڑے میں سل کر ڈال دے انشاءاللہ مولود حفاظت سے رہے گا۔

دیگر:- مولود کی حفاظت کے لئے سورۂ احقاف ایک بہترین سورہ ہے پاک روشنائی سے پاک کاغذ پر خوشبو کی روشنی میں لکھے بعدہٗ مزید خوشبویات سے معطر کرکے بعد کرنے موم جامہ اس سورت کو پڑھ کر تعویذ اور طفل پر دم کر دے اس کے بعد اس تعویذ کو کالے

کپڑے میں سل کر مولود کے گلے میں ڈالے انشاالله وہ ہمہ اقساما کی بلیات اور آفات سے محفوظ رہے گا۔

دیگر:۔ سورۃ البدر کو لکھ کر مولود کے گلے میں ڈالے انشاالله مولود ہر خطرات سے محفوظ رہے گا۔

دیگر:۔ یہ ایک نقش جلیل القدر ہے صاحب نقش پر بہت سی باتیں ہویدا ہوتی ہیں، بہت سی خامیتوں کا مالک ہے مخصوص یہ کہ باقاعدگی سے اگر لکھ کر مولود کے گلے میں مثل تعویذ کے ڈالا جائے تو مولود ہر قسم کی بلیات اور آفات سے محفوظ رہے گا۔

۷۸۶

۴۶۲	۴۳۹	۴۳۶	۴۳۳
۴۳۷	۴۳۲	۴۲۷	۴۳۸
۴۳۱	۴۳۴	۴۴۱	۴۲۸
۴۴۰	۴۲۹	۴۳۰	۴۳۵

دیگر:۔ اس نقش گراں قدر کے اوصاف بہت زیادہ ہیں منجملہ ان کے اگر یہ اصولی طور پر لکھ کر مولود کے گلے میں ڈال دیا جائے تو مولود مخصوص ام الصبیاں اور اسی قسم کی دیگر بلیات اور ہمہ اقسام کی آفات سے محفوظ رہے گا۔ چاہیئے کہ نقش مذکور کو لعد

۷۸۶

۳۷۵۹۷	۳۷۶۱۱	۳۷۶۰۸	۳۷۶۰۵
۳۷۶۰۹	۳۷۶۰۴	۳۷۵۹۸	۳۷۶۱۰
۳۷۶۰۳	۳۷۶۰۶	۳۷۶۱۳	۳۷۵۹۹
۳۷۶۱۲	۳۷ ۶۰	۳۷۶۰۲	۳۷۶۰۷

کرنے موم جامہ ان بخورات کی خوشبو میں معطّر کرے جن کی خوشبو میں یہ نقش مرتب کیا گیا ہے۔ اس کے بعد ہر جمعرات کو اسی خوشبو میں اس کو معطّر ہونا چاہیئے۔

دعائے جوشن صغیر

ہم اپنی کتاب "تسخیر العملیات" اسی نوعیت کی ایک دعا بنام دعائے جوشن کبیر معہ مختصر اسناد کے سپرد قلم کر چکے ہیں اور اس رسالہ میں اس دعا کو لکھ رہے ہیں بسلسلہ اس دعائے مبارکہ کے بھی بہت ہیں مختصر یہ کہ جس غرض جائزہ کے لئے اس دعا کا ورد کیا جائے گا اللہ تبارک وتعالےٰ اس کے ذریعہ سے طلب کنندہ کی آرزو کو پوری کرے گا۔ میرے نزدیک دعائے جوشن صغیر اور جوشن کبیر یعنی ایک بار جوشن کبیر اور ایک بار جوشن صغیر اور ایک بار دعائے

مشغول، اوّل و آخر ۱۴۱-۱۴۱- بار درود بعد نماز عشاء بخورات سلگا کر مقام تنہائی میں بیٹھ کر اکیس ۲۱ روز تک بلا ناغہ بہ پابندی وقت و مقام پڑھنا اتنا بہتر و مبارک ہے کہ اس کی تعریف اس صفحۂ قرطاس پر نہیں کی جا سکتی - اگر پہاڑ کو اپنی جگہ سے ہٹانے کیلئے بھی یہ دعائیں اصولی طریقے سے پڑھی جائیں گی تو وہ بھی اپنی جگہ سے جنبش کرتا ہوا نظر آئے گا، حصول اولاد کشادگی رزق - تباہی دشمن - زبان بندی - خواب بندی - شفائے امراض - برآمدگی حاجات غرض کہ کوئی ضرورت انسانی ایسی نہیں ہے جو ان دعاؤں کے ذریعے پوری نہ ہو سکے - ان دعاؤں کی خواندگی کے کئی طریقے ہیں ان میں سے نہایت سہل طریقہ عمل سطور بالا میں تحریر کیا جا چکا ہے، البتہ دوران وظیفہ خوانی عامل پر پرہیز جلالی و جمالی اور مخصوص پرہیز ہمبستری بھی واجب و لازم ہے ورنہ جو نقصان عامل کو پہونچے گا اس کی تلافی ناممکن ہوگی دعائیں باوضو اندرون حصار پڑھی جائیں گی اور وہ دعائے جوشن صغیر یہ ہے اور اگر چلہ کشی مقصود نہ ہو تو حصار کی ضرورت نہ ہوگی اور دیگر پابندیوں سے بھی آزادی ہے مگر یہ ملحوظ خاطر رہے کہ حاجت براری دیر میں ہوگی -

دعائے جوشن صغیر:- بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اِلٰهِيْ كَمْ مِنْ عَدُوٍّ انْتَضٰى عَلَيَّ سَيْفَ عَدَاوَتِهٖ وَشَحَذَ لِيْ ظُبَةَ مُدْيَتِهٖ وَاَرْهَفَ لِيْ شَبَا حَدِّهٖ وَدَافَ لِيْ قَوَاتِلَ سُمُوْمِهٖ وَسَدَّدَ نَحْوِيْ صَوَائِبَ سِهَامِهٖ وَلَمْ تَنَمْ عَنِّيْ عَيْنُ حِرَاسَتِهٖ وَاَضْمَرَ اَنْ يَسُوْمَنِيَ الْمَكْرُوْهَ وَيُجَرِّعَنِيْ ذُعَافَ مَرَارَتِهٖ فَنَظَرْتَ يَا اِلٰهِيْ اِلٰى ضَعْفِيْ عَنِ احْتِمَالِ الْفَوَادِحِ وَعَجْزِيْ عَنْ مُلِمَّاتِ الْجَوَائِحِ وَعَجْزِيْ عَنِ الْاِنْتِصَارِ مِمَّنْ قَصَدَنِيْ بِمُحَارَبَتِهٖ وَوَحْدَتِيْ فِيْ كَثِيْرِ عَدَدِ مَنْ نَادَانِيْ وَاَرْصَادِهِمْ لِيْ بِمَا لَمْ اُعْمِلْ فِيْهِ فِكْرِيْ فِي الْاِرْصَادِ لَهُمْ بِمِثْلِهٖ فَاَيَّدْتَنِيْ بِقُوَّتِكَ وَشَدَدْتَ اَزْرِيْ بِنَصْرِكَ وَفَلَلْتَ لِيْ شَبَا حَدِّهٖ وَخَذَلْتَهٗ بَعْدَ جَمْعِ عَدِيْدِهٖ وَحَشْدِهٖ وَاَعْلَيْتَ كَعْبِيْ عَلَيْهِ وَوَجَّهْتَ مَا سَدَّدَ اِلَيَّ مِنْ مَكَائِدِهٖ اِلَيْهِ وَرَدَدْتَهٗ فِيْ مَهْوٰى حُفْرَتِهٖ وَلَمْ يَشْفِ غَلِيْلَهٗ وَلَمْ يَبْرُدْ حَرَارَةَ غَيْظِهٖ وَقَدْ عَضَّ عَلَيَّ اَنَامِلَهٗ وَاَدْبَرَ مُوَلِّيًا قَدْ اَخْفَقَتْ سَرَايَاهُ فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا يُغْلَبُ وَذِيْ

اَنَاتِهٖ لَا یَعْجَلُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اجْعَلْنِیْ لِنَعْمَائِکَ مِنَ الشَّاکِرِیْنَ وَ لِاٰلَائِکَ مِنَ الذَّاکِرِیْنَ ۲ اِلٰھِیْ وَکَمْ مِنْ بَاغٍ بَغَانِیْ بِمَکَائِدِہٖ وَ نَصَبَ لِیْ اَشْرَاکَ مَصَائِدِہٖ وَ وَکَّلَ بِیْ تَفَقُّدَ رِعَایَتِهٖ وَ اَضْبَاَ اِلَیَّ اِضْبَاءَ السَّبُعِ لِطَرِیْدَتِهٖ اِنْتِظَارًا لِانْتِھَازِ فُرْصَتِهٖ وَھُوَ یُظْھِرُ لِیْ بَشَاشَۃَ الْمَلَقِ وَ یَبْسُطُ لِیْ وَجْھًا غَیْرَ طَلِقٍ فَلَمَّا رَاَیْتَ دَغَلَ سَرِیْرَتِهٖ وَ قُبْحَ مَا انْطَوٰی عَلَیْهِ لِشَرِیْکِهٖ فِیْ مِلَّتِهٖ وَ اَصْبَحَ مُجْلِبًا اِلَیَّ فِیْ بَغْیِهٖ اَرْکَسْتَهٗ لِاُمِّ رَاْسِهٖ وَ اَتَیْتَ بُنْیَانَهٗ مِنْ اَسَاسِهٖ فَصَرَعْتَهٗ فِیْ زُبْیَتِهٖ وَ اَرْدَیْتَهٗ فِیْ مَھْوٰی حُفْرَتِهٖ وَ جَعَلْتَ خَدَّہٗ طَبَقًا لِتُرَابِ رِجْلِهٖ وَ شَغَلْتَهٗ فِیْ بَدَنِهٖ وَ رِزْقِهٖ وَ رَمَیْتَهٗ بِحَجَرِہٖ وَ خَنَقْتَهٗ بِوَتَرِہٖ وَ ذَکَّیْتَهٗ بِمَشَاقِصِهٖ وَ کَبَبْتَهٗ لِمَنْخَرِہٖ وَ رَدَدْتَ کَیْدَہٗ فِیْ نَحْرِہٖ وَ رَبَقْتَهٗ بِنَدَامَتِهٖ وَ فَتَتَّهٗ بِحَسْرَتِهٖ فَاسْتَخْذَلَ وَ اسْتَخْذَاَ وَ تَضَاءَلَ بَعْدَ نَخْوَتِهٖ وَ انْقَمَعَ بَعْدَ اسْتِطَالَتِهٖ ذَلِیْلًا مَاْسُوْرًا فِیْ رِبْقِ حَبَائِلِهٖ الَّتِیْ کَانَ یُؤَمِّلُ اَنْ یَّرَانِیْ فِیْھَا یَوْمَ سَطْوَتِهٖ وَ کِدْتُ یَا رَبِّ لَوْ لَا رَحْمَتُکَ یَحُلُّ بِیْ مَا حَلَّ بِسَاحَتِهٖ فَلَکَ الْحَمْدُ یَا رَبِّ مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا یُغْلَبُ وَ ذِیْ اَنَاۃٍ لَا یَعْجَلُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اجْعَلْنِیْ لِنَعْمَائِکَ مِنَ الشَّاکِرِیْنَ وَ لِاٰلَائِکَ مِنَ الذَّاکِرِیْنَ ۳ اِلٰھِیْ وَکَمْ مِنْ حَاسِدٍ شَرِقَ بِحَسْرَتِهٖ وَ شَجِیَ بِغَیْظِهٖ وَ سَلَقَنِیْ بِحَدِّ لِسَانِهٖ وَ وَحَرَنِیْ بِقَرْفِ عُیُوْبِهٖ وَ جَعَلَ عِرْضِیْ غَرَضًا لِمَرَامِیْهِ وَ قَلَّدَنِیْ خِلَالًا لَمْ تَزَلْ فِیْهِ فَنَادَیْتُکَ یَا رَبِّ مُسْتَجِیْرًا بِکَ وَاثِقًا بِسُرْعَۃِ اِجَابَتِکَ مُتَوَکِّلًا عَلٰی مَا لَمْ اَزَلْ اَعْرِفُهٗ مِنْ حُسْنِ دِفَاعِکَ عَالِمًا اَنَّهٗ لَنْ یُّضْطَھَدَ مَنْ اٰوٰی اِلٰی ظِلِّ کَنَفِکَ وَ اَنْ لَا تَقْرَعَ الْفَوَادِحُ مَنْ لَجَاَ اِلٰی مَعْقِلِ الْاِنْتِصَارِ بِکَ فَحَصَّنْتَنِیْ مِنْ بَاْسِهٖ بِقُدْرَتِکَ فَلَکَ الْحَمْدُ یَا رَبِّ مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا یُغْلَبُ وَ ذِیْ اَنَاۃٍ لَا یَعْجَلُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ اجْعَلْنِیْ لِنَعْمَائِکَ مِنَ الشَّاکِرِیْنَ وَ لِاٰلَائِکَ مِنَ الذَّاکِرِیْنَ ۴ اِلٰھِیْ وَکَمْ مِنْ

سَحَآئِبِ مَكْرُوْهٍ جَلَّيْتَهَا وَسَمَآءِ نِعْمَةٍ اَمْطَرْتَهَا وَجَدَاوِلِ كَرَامَةٍ اَجْرَيْتَهَا وَاَعْيُنِ اِحْدَاثٍ طَمَسْتَهَا وَنَاشِئَةِ رَحْمَةٍ نَشَرْتَهَا وَجُنَّةِ عَافِيَةٍ اَلْبَسْتَهَا وَغَوَامِرِ كُرُبَاتٍ كَشَفْتَهَا وَاُمُوْرٍ جَارِيَةٍ قَدَّرْتَهَا لَمْ تُعْجِزْكَ اِذْ طَلَبْتَهَا وَلَمْ تَمْتَنِعْ اِذْ اَرَدْتَهَا فَلَكَ الْحَمْدُ يَارَبِّ مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا يُغْلَبُ وَذِيْ اَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْنِيْ لِاَنْعُمِكَ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ وَلِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ ۵ اِلٰهِیْ وَكَمْ مِّنْ ظَنٍّ حَسَنٍ حَقَّقْتَ وَمِنْ عُدْمٍ وَاِمْلَاقٍ جَبَرْتَ وَمِنْ مَسْكَنَةٍ فَادِحَةٍ حَوَّلْتَ وَمِنْ صَرْ مَلَكَةٍ نَّعَشْتَ وَمِنْ مَشَقَّةٍ اَرَحْتَ لَا تُسْئَلُ يَاسَيِّدِيْ عَمَّا تَفْعَلُ وَهُمْ يُسْئَلُوْنَ وَلَا يَنْقُصُكَ مَا اَنْفَقْتَ وَلَقَدْ سُئِلْتَ فَاَعْطَيْتَ وَلَمْ تُسْئَلْ فَابْتَدَأْتَ وَاسْتُمِيْحَ بَابُ فَضْلِكَ فَمَا اَكْدَيْتَ وَاَبَيْتَ اِلَّا اِنْعَامًا وَامْتِنَانًا وَاِلَّا تَطَوُّلًا يَارَبِّ وَاِحْسَانًا وَاَبَيْتُ يَارَبِّ اِلَّا انْتِهَاكَ حُرُمَاتِكَ وَاجْتِرَاءً عَلٰى مَعَاصِيْكَ وَتَعَدِّيًا لِحُدُوْدِكَ وَغَفْلَةً عَنْ وَعِيْدِكَ وَطَاعَةً لِعَدُوِّيْ وَعَدُوِّكَ لَمْ يَمْنَعْكَ يَا اِلٰهِیْ وَنَاصِرِیْ اِخْلَالِیْ بِالشُّكْرِ عَنْ اِتْمَامِ اِحْسَانِكَ وَلَا حَجَزَنِیْ ذٰلِكَ عَنِ ارْتِكَابِ مَسَاخِطِكَ اَللّٰهُمَّ وَهٰذَا مَقَامُ عَبْدٍ ذَلِيْلٍ اِعْتَرَفَ لَكَ بِالتَّوْحِيْدِ وَاَقَرَّ عَلٰى نَفْسِهٖ بِالتَّقْصِيْرِ فِیْ اَدَآءِ حَقِّكَ وَشَهِدَ لَكَ بِسُبُوْغِ نِعْمَتِكَ عَلَيْهِ وَجَمِيْلِ عَادَاتِكَ عِنْدَهٗ وَاِحْسَانِكَ اِلَيْهِ فَهَبْ لِیْ يَا اِلٰهِیْ وَسَيِّدِیْ مِنْ فَضْلِكَ مَا اُرِيْدُهٗ اِلٰی رَحْمَتِكَ وَاتَّخِذُهٗ سُلَّمًا اَعْرُجُ فِيْهِ اِلٰی مَرْضَاتِكَ وَاٰمَنُ بِهٖ مِنْ سَخَطِكَ بِعِزَّتِكَ وَطَوْلِكَ وَبِحَقِّ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الْاَئِمَّةِ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ فَلَكَ الْحَمْدُ يَارَبِّ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَا يُغْلَبُ وَذِیْ اَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْنِیْ لِاَنْعُمِكَ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ وَلِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ ۶ اِلٰهِیْ وَكَمْ مِّنْ عَبْدٍ اَمْسٰى وَاَصْبَحَ فِیْ كَرْبِ الْمَوْتِ وَحَشْرَجَةِ الصَّدْرِ وَالنَّظَرِ اِلٰی مَا تَقْشَعِرُّ مِنْهُ الْجُلُوْدُ وَ

تَفْزَعُ اِلَیْهِ الْقُلُوْبُ وَاَنَا فِیْ عَافِیَۃٍ مِّنْ ذٰلِکَ کُلِّہٖ فَلَکَ الْحَمْدُ یَا رَبِّ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا یُغْلَبُ وَذِیْ اَنَاۃٍ لَّا یَعْجَلُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِیْ لِاَنْعُمِکَ مِنَ الشَّاکِرِیْنَ وَلِاٰلَائِکَ مِنَ الذَّاکِرِیْنَ۔

۷ اِلٰھِیْ وَکَمْ مِّنْ عَبْدٍ اَمْسٰی وَاَصْبَحَ سَقِیْمًا مُّوْجِعًا مُّدْنِفًا فِیْ اَنِیْنٍ وَّعَوِیْلٍ یَتَقَلَّبُ فِیْ غَمِّہٖ وَلَا یَجِدُ مَحِیْصًا وَّلَا یُسِیْغُ طَعَامًا وَّلَا یَسْتَعْذِبُ شَرَابًا وَّلَا یَسْتَطِیْعُ ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا وَّھُوَ فِیْ حَسْرَۃٍ وَّنَدَامَۃٍ وَّاَنَا فِیْ صِحَّۃٍ مِّنَ الْبَدَنِ وَسَلَامَۃٍ مِّنَ الْعَیْشِ کُلُّ ذٰلِکَ مِنْکَ فَلَکَ الْحَمْدُ یَا رَبِّ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا یُغْلَبُ وَذِیْ اَنَاۃٍ لَّا یَعْجَلُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِیْ لِاَنْعُمِکَ مِنَ الشَّاکِرِیْنَ وَلِاٰلَائِکَ مِنَ الذَّاکِرِیْنَ

۸ اِلٰھِیْ وَکَمْ مِّنْ عَبْدٍ اَمْسٰی وَاَصْبَحَ خَائِفًا مَّرْعُوْبًا مَّرْھُوْبًا مُّسَھَّدًا مُّشْفِقًا وَّحِیْدًا وَّجِلًا ھَارِبًا طَرِیْدًا مُّنْجَحِرًا مُّتَحَجِّرًا فِیْ مَضِیْقٍ اَوْ مَخْبَاۃٍ مِّنَ الْمَخَابِیْ قَدْ ضَاقَتْ عَلَیْہِ الْاَرْضُ بِرُحْبِھَا وَلَا یَجِدُ حِیْلَۃً وَّلَا مَنْجًی وَّلَا مَاْوًی وَّلَا مَھْرَبًا وَّاَنَا فِیْ اَمْنٍ وَّاَمَانٍ وَّطُمَانِیْنَۃٍ وَّعَافِیَۃٍ مِّنْ ذٰلِکَ کُلِّہٖ فَلَکَ الْحَمْدُ یَا رَبِّ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا یُغْلَبُ وَذِیْ اَنَاۃٍ لَّا یَعْجَلُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِیْ لِاَنْعُمِکَ مِنَ الشَّاکِرِیْنَ وَلِاٰلَائِکَ مِنَ الذَّاکِرِیْنَ

۹ اِلٰھِیْ وَسَیِّدِیْ وَکَمْ مِّنْ عَبْدٍ اَمْسٰی وَاَصْبَحَ مَغْلُوْلًا مُّکَبَّلًا بِالْحَدِیْدِ بِاَیْدِی الْعُدَاۃِ لَا یَرْحَمُوْنَہٗ فَقِیْدًا مِّنْ اَھْلِہٖ وَوَلَدِہٖ مُنْقَطِعًا عَنْ اِخْوَانِہٖ وَبَلَدِہٖ یَتَوَقَّعُ کُلَّ سَاعَۃٍ بِاَیَّۃِ قِتْلَۃٍ یُقْتَلُ بِہٖ وَبِاَیَّۃِ مُثْلَۃٍ یُمَثَّلُ بِہٖ وَاَنَا فِیْ عَافِیَۃٍ مِّنْ ذٰلِکَ کُلِّہٖ فَلَکَ الْحَمْدُ یَا رَبِّ مِنْ مُّقْتَدِرٍ لَّا یُغْلَبُ وَذِیْ اَنَاۃٍ لَّا یَعْجَلُ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِیْ لِاَنْعُمِکَ مِنَ الشَّاکِرِیْنَ وَلِاٰلَائِکَ مِنَ الذَّاکِرِیْنَ۔

۱۰ اِلٰھِیْ وَکَمْ مِّنْ عَبْدٍ اَمْسٰی وَاَصْبَحَ یُقَاسِی الْحَرْبَ وَمُبَاشَرَۃَ الْقِتَالِ بِنَفْسِہٖ قَدْ غَشِیَتْہُ الْاَعْدَاءُ مِنْ کُلِّ جَانِبٍ بِالسُّیُوْفِ وَالرِّمَاحِ وَاٰلَۃِ الْحَرْبِ یَتَقَعْقَعُ فِی الْحَدِیْدِ مَبْلَغَ مَجْھُوْدِہٖ وَلَا یَعْرِفُ حِیْلَۃً وَّ

لَا يَهْتَدِي سَبِيلًا وَ لَا يَجِدُ مَهْرَبًا قَدْ اُدْلِفَ بِالْجِرَاحَاتِ اَوْ
مُتَشَحِّطًا بِدَمِهٖ تَحْتَ السَّنَابِكِ وَالْاَرْجُلِ يَتَمَنَّى شَرْبَةً مِنْ مَاۤءٍ
اَوْ حَبَّةً مِنْ مَالِهٖ اَوْ نَظْرَةً اِلٰى اَهْلِهٖ وَ وَلَدِهٖ وَلَا يَقْدِرُ عَلَيْهَا وَاَنَا
فِي عَافِيَةٍ مِنْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا يُغْلَبُ وَذِي
اَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْنِي لِنَعْمَائِكَ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ
وَلِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ ١١ اِلٰهِي وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ اَمْسٰى وَاَصْبَحَ فِي ظُلُمَاتِ
الْبِحَارِ وَعَوَاصِفِ الرِّيَاحِ وَالْاَهْوَالِ وَالْاَمْوَاجِ يَتَوَقَّعُ الْغَرَقَ وَالْهَلَاكَ
لَا يَقْدِرُ عَلٰى حِيْلَةٍ اَوْ مُبْتَلًى بِصَاعِقَةٍ اَوْ هَدْمٍ اَوْ غَرَقٍ اَوْ شَرَقٍ اَوْ حَرَقٍ
اَوْ خَسْفٍ اَوْ مَسْخٍ اَوْ قَذْفٍ وَاَنَا فِي عَافِيَةٍ مِنْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ
مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا يُغْلَبُ وَذِي اَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْنِي
لِنَعْمَائِكَ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ وَلِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ ١٢ اِلٰهِي وَكَمْ مِنْ
عَبْدٍ اَمْسٰى وَاَصْبَحَ مُسَافِرًا شَاخِصًا عَنْ اَهْلِهٖ وَوَطَنِهٖ وَوَلَدِهٖ مُتَحَيِّرًا فِي
الْمَفَاوِزِ تَائِهًا مَعَ الْوُحُوْشِ وَالْبَهَائِمِ وَالْهَوَامِّ وَحِيْدًا فَرِيْدًا لَا يَعْرِفُ
حِيْلَةً وَلَا يَهْتَدِي سَبِيْلًا اَوْ مُتَاَذِّيًا بِبَرْدٍ اَوْ حَرٍّ اَوْ جُوْعٍ اَوْ عَطَشٍ اَوْ عُرْيٍ
اَوْ غَيْرِهٖ مِنَ الشَّدَائِدِ مِمَّا اَنَا مِنْهُ خِلْوٌ وَاَنَا فِي عَافِيَةٍ مِنْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ فَلَكَ
الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا يُغْلَبُ وَذِي اَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ
مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْنِي لِنَعْمَائِكَ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ وَلِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِيْنَ ١٣
اِلٰهِي وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ اَمْسٰى وَاَصْبَحَ فَقِيْرًا عَائِلًا عَارِيًا مُمْلِقًا مُخْفِقًا مَجْهُوْدًا
مَهْجُوْرًا خَائِفًا جَائِعًا ظَمْاٰنًا يَنْتَظِرُ مَنْ يَعُوْدُ عَلَيْهِ بِفَضْلٍ اَوْ عَبْدٍ وَجِيْهٍ
هُوَ اَوْجَهُ مِنِّي عِنْدَكَ وَاَشَدُّ عِبَادَةً لَكَ مَغْلُوْلًا مَقْهُوْرًا قَدْ حُمِّلَ
ثِقْلًا مِنْ تَعَبِ الْعَنَاءِ وَشِدَّةِ الْعُبُوْدِيَّةِ وَكُلْفَةِ الرِّزْقِ وَثِقْلِ الضَّرِيْبَةِ
اَوْ مُبْتَلًى بِبَلَاءٍ شَدِيْدٍ لَا قِبَلَ لَهٗ اِلَّا بِمَنِّكَ عَلَيْهِ وَاَنَا الْمَخْدُوْمُ الْمُنَعَّمُ
الْمُعَافَى الْمُكَرَّمُ وَفِي عَافِيَةٍ مِمَّا هُوَ فِيْهِ فَلَكَ الْحَمْدُ يَا رَبِّ مِنْ مُقْتَدِرٍ
لَا يُغْلَبُ وَذِي اَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْنِي لِاَنْعُمِكَ

مِنَ الشَّاكِرِينَ وَلِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِينَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ
ع۱۴ اِلٰهِي وَمَوْلَايَ وَسَيِّدِي وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ اَمْسٰى وَاَصْبَحَ شَرِيْدًا طَرِيْدًا
حَيْرَانًا مُتَحَيِّرًا جَائِعًا خَائِفًا خَاسِرًا فِي الصَّحَارِي وَالْبَرَارِي قَدْ اَحْرَقَهُ
الْحَرُّ وَالْبَرْدُ وَهُوَ فِي ضُرٍّ مِنَ الْعَيْشِ وَضَنْكٍ مِنَ الْحَيٰوةِ وَذُلٍّ مِنَ
الْمَقَامِ يَنْظُرُ اِلٰى نَفْسِهِ حَسْرَةً لَا يَقْدِرُ لَهَا عَلٰى ضُرٍّ وَلَا نَفْعٍ وَاَنَا خِلْوٌ
مِنْ ذٰلِكَ كُلِّهِ بِجُوْدِكَ وَكَرَمِكَ فَلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ مِنْ مُقْتَدِرٍ
لَا يُغْلَبُ وَذِي اَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْنِي لِاَنْعُمِكَ
مِنَ الشَّاكِرِينَ وَلِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِينَ وَارْحَمْنِي بِرَحْمَتِكَ يَا
اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ ع۱۵ اِلٰهِي وَمَوْلَايَ وَسَيِّدِي وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ اَمْسٰى
وَاَصْبَحَ عَلِيْلًا مَرِيْضًا سَقِيْمًا مُدْنِفًا عَلٰى فِرَاشِ الْعِلَّةِ وَفِي لِبَاسِهَا يَتَقَلَّبُ
يَمِيْنًا وَشِمَالًا لَا يَعْرِفُ شَيْئًا مِنْ لَذَّةِ الطَّعَامِ وَلَا مِنْ لَذَّةِ الشَّرَابِ يَنْظُرُ
اِلٰى نَفْسِهِ حَسْرَةً لَا يَسْتَطِيْعُ لَهَا ضَرًّا وَلَا نَفْعًا وَاَنَا خِلْوٌ مِنْ ذٰلِكَ كُلِّهِ
بِجُوْدِكَ وَكَرَمِكَ فَلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا يُغْلَبُ وَذِي
اَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْنِي لَكَ مِنَ الْعَابِدِينَ وَلِا
نْعُمِكَ مِنَ الشَّاكِرِينَ وَلِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِينَ وَارْحَمْنِي بِرَحْمَتِكَ
يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ ع۱۶ اِلٰهِي وَمَوْلَايَ وَسَيِّدِي وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ اَمْسٰى
وَاَصْبَحَ قَدْ دَنَا يَوْمُهُ مِنْ حَتْفِهِ وَقَدْ اَحْدَقَ بِهِ مَلَكُ الْمَوْتِ فِي اَعْوَانِهِ
يُعَالِجُ سَكَرَاتِ الْمَوْتِ وَحِيَاضَهُ تَدُوْرُ عَيْنَاهُ يَمِيْنًا وَشِمَالًا يَنْظُرُ اِلٰى
اَحِبَّائِهِ وَاَوِدَّائِهِ وَاَخِلَّائِهِ قَدْ مُنِعَ مِنَ الْكَلَامِ وَحُجِبَ عَنِ الْخِطَابِ
يَنْظُرُ اِلٰى نَفْسِهِ حَسْرَةً لَا يَسْتَطِيْعُ لَهَا ضَرًّا وَلَا نَفْعًا وَاَنَا خِلْوٌ مِنْ ذٰلِكَ
كُلِّهِ بِجُوْدِكَ وَكَرَمِكَ فَلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ مِنْ مُقْتَدِرٍ لَا يُغْلَبُ
وَذِي اَنَاةٍ لَا يَعْجَلُ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَاجْعَلْنِي لَكَ مِنَ الْعَابِدِينَ
وَلِاَنْعُمِكَ مِنَ الشَّاكِرِينَ وَلِاٰلَائِكَ مِنَ الذَّاكِرِينَ وَارْحَمْنِي بِرَحْمَتِكَ
يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ ع۱۷ اِلٰهِي وَمَوْلَايَ وَسَيِّدِي وَكَمْ مِنْ عَبْدٍ اَمْسٰى

روزانہ ایک نقش لکھ کر نذر آب رواں کر دیا کرے اور یہ عمل پابندی وقت کے ساتھ بلاناغہ چالیس روز تک بجا لاوے۔ انشاءاللہ کیسی ہی حاجت کیوں نہ ہو پوری ہوگی

بابت افزائش زراعت وپھل پھول: اگر کوئی چاہتا ہے کہ اسکی زراعت میں ترقی ہو اور باغ میں پھل پھول بکثرت پیدا ہوں تو اس کو چاہیئے کہ وہ جمعرات کے دن روزہ رکھے اور بعد نماز مغرب بات کرنے سے پہلے ایک

کاغذ پر آیت وَ بَشِّرِ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا قَالُوْا هٰذَا الَّذِیْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا وَلَهُمْ فِیْهَا اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّهُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ لکھ کر وسطِ باغ میں بطور تعویذ کے ایک درخت میں باندھ دیوے اور اس درخت کا ایک پھل کھائے اور اگر پھل نہ ہو تو ایک پتہ لے لے اور تین گھونٹ پانی پی لیوے اور وہاں سے چلا آئے انشاءاللہ باغ و زراعت بہت زیادہ بارآور ہوں گے۔ مجرب ہے۔

باب الاضافت

اس ایڈیشن میں حسب خواہش ناشرین چند مزید زود اثر نسخوں کا اضافہ حالاتِ حاضرہ کے تحت کیا گیا ہے جو ہر ضرورت کے لئے اپنی جگہ پر کارآمد ہے۔

بابت توسیع رزق:۔ نقل ہے جناب حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام برائے برآئے حاجاتِ جائز یاوری بخت و اقبال و توسیع رزق لے ہر روز ہزار بار ان اسماء مبارکہ کو اس ترکیب کے ساتھ پڑھے انشاءاللہ اسکی تمام جائز مرادیں و مطالب برآئیں گے

بروز شنبہ:۔ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ بروز یکشنبہ:۔ یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ
بروز دوشنبہ:۔ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ بروز سہ شنبہ:۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ
بروز چہارشنبہ:۔ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بروز پنجشنبہ:۔ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

بروز جمعہ:۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ

بابت زیادتی روشنی چشم:۔ جسے ضعف چشم ہو تو اسے چاہیئے کہ بعد طلوع آفتاب ہزار بار اَلظَّاهِرُ کہے انشاءاللہ تعالیٰ روشنی زیادہ ہوگی

دیگر برائے جذام وسفید داغ:- اگر کوئی جذام داغ سفید میں مبتلا ہے تو اس کو چاہیئے کہ وہ ایام بیض یعنی تیرھویں چودھویں اور پندرھویں تاریخ کو روزہ رکھے اور وقت افطار سو بار اَلْمَجِیْدُ کہے۔ انشاء اللہ مرض جاتا رہے گا۔

دیگر:- اگر کوئی شخص جذام وبرص میں مبتلا ہے اور علاج کرنے کے باوجود اسے شفا حاصل نہیں ہو رہی ہے تو چاہیئے کہ دعائے مندرجہ ذیل کو ایسے مریض پر پڑھ کر دم کرے اور لکھ کر بصورتِ تعویذ اس کے دائیں بازو پر باندھے وہ دعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یَمْحُوا اللّٰہُ مَا یَشَاءُ وَیُثْبِتُ وَعِنْدَہٗ اُمُّ الْکِتَابِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَاعِلِ الْمَلٰٓئِکَۃِ رُسُلًا اُولِیْ اَجْنِحَۃٍ مَّثْنٰی وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ یا سُم اس کے آگے نام مریض اور اسکی ماں کا لکھے۔

دیگر برائے دفع ہونے جادو کے:- جادو کے باب میں عاملین لکھتے ہیں کہ اگر کسی شخص کو مسحور کر دیا گیا ہو تو اس کے جادو کے اثر کو زائل کرنے کے لئے آیہ مندرجہ ذیل کو نئے کوزہ میں لکھے اور نہار منہ اس کو چٹائے انشاء اللہ سحر باطل ہو جائے گا اور وہ آیہ یہ ہے
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط وَمَنْ یَّخْرُجْ مِنْ بَیْتِہٖ مُہَاجِرًا اِلَی اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ ثُمَّ یُدْرِکْہُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُہٗ عَلَی اللّٰہِ وَکَانَ اللّٰہُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا ط۔

برائے دفع ہونے مرگی:- معلوم ہونا چاہیئے کہ یہ ایسا موذی مرض ہے کہ جو کوئی اس مرض میں مبتلا ہوتا ہے وہ بہت زیادہ پریشان ہوتا ہے اکثر اطباء علاج سے عاجز آجاتے ہیں چاہیئے کہ اس نقش کو خون سے سفید مرغ کے لکھ کر اس کے گلے میں باندھے اور ہر روز اس اسم کو سات بار پڑھ کر مریض پر دم کرے اور لکھ کر پانی سے محو کر کے مریض کو پلاوے دعا یہ ہے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط
اعوذ بالواحد الصادق من بلیتہ بسم اللہ الشافی بسم اللہ الکافی بسم اللہ المعافی بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شی فی الارض

ولا فی السماء و ھو السمیع العلیم بسم اللہ فیک بسم اللہ یشفیک
ما فیک من کل داء یوذیک ومن کل نفثة لعن بک وننزل من القرآن
ما ھو شفاء و رحمة للمؤمنین و لا یزید الظالمین الا خسارا ہ

۱۴	۵	۱۵	۱۴	۵	۱۰	۱۴	۵	۱۷
۱۴	۵	۱۶	۱۴	۵	۱۴	۱۴	۵	۲
۱۴	۵	۱۱	۱۴	۵	۱۸	ع۱۴	۵	۱۳

دیگر۔ واقع بلیّات :۔ واسطے دفع ہونے ہر بلیات کے اس نقش کو لکھے اور گھر کے اندر دیوار پر یا گھر کے صدر دروازے پر لگا دیوے انشاء اللہ تعالیٰ طفیل سے اس نقش کے تمام بلیات و تمام آسیب اس گھر سے اور اس کے باشندوں سے دور ہوں گے۔ نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔

فرعون وہامان الشیطان

الشیطان فرعون وہامان

فرعون وہامان الشیطان

یا بدوح ط ۱۱ ۱۱۱ ط ع ۸۹ ۱۱ ۴۵ ی ۹۱ ۱۷ ع یا بدوح

یا سلجح یا سلجح یا سلجح یا سلجح یا سلجح یا سلجح یا سلجح

فرعون وہامان الشیطان

دیگر۔ برائے دفع ہونے تپ ولرزہ :۔ جس شخص کو جاڑے کے ساتھ بخار آتا ہو تو اس کو چاہیئے کہ بیری کی لکڑی پر یہ تعویذ لکھے اور نیلا سوت باندھ کر گلے میں باندھے انشاء اللہ بخار جاتا رہے گا۔ ۷۲۸۱۶۶۴ ن ورا دفع.

دیگر :۔ یہ نقش واسطے دفع کرنے دیو، جن، بھوت، چڑیل، ارواح خبیثہ و دیگر تمام بلیات وغیرہ کے اکسیر ہے عند الضرورت لکھے اور

۱۳	ع ع	۱۹۱
۷۸	۱۳	ع ۸
۶۲	۸۹	ع ب

مریض کے رانڈ پر باندھے مریض شفا باوے۔ گھر میں لٹکا دے بلائے بد بھاگ جائیں۔

دیگر برائے نافع درد شکم :۔ اگر کسی کے پیٹ میں درد ہے تو اس سے نجات حاصل کرنے کیلئے ارنڈ کے پتے پر اس نقش کو لکھے اور مریض کو چٹاوے فوراً آرام ہو جاوے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۹۱۵۱۳۸۶	۹۱۵۱۳۸۹	۹۱۵۱۳۹۲	۹۱۵۱۳۷۹
۹۱۵۱۳۹۱	۹۱۵۱۳۸۰	۹۱۵۱۳۸۵	۹۱۵۱۳۹۰
۹۱۵۱۳۸۱	۹۱۵۱۳۹۴	۹۱۵۱۳۸۷	۹۱۵۱۳۸۴
۹۱۵۱۳۸۸	۹۱۵۱۳۸۳	۹۱۵۱۳۸۲	۹۱۵۱۳۹۳

دیگر بابت مہربان ہونے مخالفین :۔ اگر کسی شخص کے خود اس کے گھر کے اندر یا باہر مخالفین پیدا ہو گئے یا خود اس کی زوجہ مخالفت پر اتر آئی ہو یا حاکم سخت مزاج سے سامنا ہو تو چاہیئے کہ آیۂ مبارکہ ذیل کو داخل ماہ اپنے یوم طالع و ستارہ متعلقہ کے لحاظ سے اسی ستارہ کی پہلی ساعت میں بخورات کو روشن کر کے لکھے اور شرائط تعویذ کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنے بازو پر باندھ لے انشاءاللہ مخالفین مخالفت کرنا چھوڑ دیں گے اور محبت سے پیش آئیں گے اور وہ دعا یہ ہے :۔

دیگر :۔ برائے حب :۔

نقش مثلث مندرجہ بذا منزل حب میں ایک کامیاب نقش ہے اگر کسی کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا ہے تو اولاً دو رکعت نماز بابت برآمدگی حاجات

۷۸۶

۲۶	۲۱	۲۸
۲۷	۲۵	۲۳
۲۲	۲۹	۲۴

بخلوص نیت ادا کرے اور اپنے ستارے کی ساعت میں اصولی طور پر اس نقش کو بخورات کی روشنی میں لکھ کر بازو پر باندھے اور شخص مطلوبہ کے پاس بہ ارادہ غیر جائز خواہشات کے کر جائے انشاءاللہ وہ مہربانی سے پیش آئے گا۔

دیگر۔ تحفظ از امراض وبائی

عاملین امراض وبائی اور مرگِ مفاجات کے بارے میں ارشاد فرماتے ہیں کہ اگر کہیں امراض وبائی صورت اختیار کر لیں اور مرگ مفاجات کا بازار گرم ہو تو چاہیئے ۱۱۱ بار درود شریف کے ساتھ اتنی بار بعد ادائے دو رکعت نماز برائے دفع ہونے امراض وبائی سورۂ تغابن کا ورد کرے اور یہ عمل چالیس ۴۰ روز تک جاری رکھے انشاءاللہ ان آفتوں سے امان ملے گی۔

دیگر دافع طحال

منقول ہے کہ اگر کسی کو شکایت طحال کے بڑھ جانے یا پتھری پڑ جانے کی پیدا ہو گئی ہو تو اس کا روحانی علاج یہ ہے کہ وہ سورہ الم نشرح کو ۴۱ بار آبِ طاہر پر پڑھ کر دم کرے اور مریض کو نہار منھ پلاوے اور یہ عمل بخلوص اکتالیس ۴۱ دن تک مسلسل جاری رکھے انشاءاللہ مرض متعلقہ سے نجات ملے گی۔

دیگر، تنگدستی دور کرنے کیلئے

اگر کوئی شخص تنگدستی سے پریشان ہے تو اس کو چاہیئے کہ روزانہ بعد نماز صبح سورۃ الفجر اور سورۃ الدہر و سورہ رحمٰن ان ہر سہ مبارک سورتوں ایک ایک بار ورد کرے اور اس کو اپنا روزانہ کا معمول بنالے انشاءاللہ کچھ ہی دنوں کے بعد شکایت باقی نہ رہے گی۔

دیگر بابت شفائے امراض

کیسا ہی سخت اور مہلک مرض کیوں نہ ہو، کوئی دوا کارگر نہ ہوتی ہو تو اس کو چاہیئے کہ باوضو خود اور کسی وجہ سے اگر خود کرنے کے قابل نہ ہو تو کسی دوسرے کے ذریعے سے سورہ مبارکہ فاتحہ کو زعفران خالص سے چینی کی سفید سات ۷ پلیٹوں پر لکھے اور اس آبِ طاہر سے محو کر کے کسی شیشہ کے پاک و پاکیزہ برتن میں رکھ لے اور دن میں کم از کم پانچ بار مریض کو پلادے اگر مریض مرض الموت میں مبتلا نہیں ہے تو انشاءاللہ بہت جلد شفا حاصل ہو جائے گی۔

دیگر بابت یرقان

یہ وہ مرض ہے جس میں ہاتھ، پیر، آنکھ، ناک، کان، چہرہ حتیٰ جسم پر پہنا ہوا سفید کپڑہ بھی پیلا ہو جاتا ہے۔ ایسے مریض

کیلئے روحانی علاج کی طرف متوجہ ہو اور سورۂ مبارکہ لایلاف پڑھ مریض پر صبح و شام پڑھ کر دم کیا کرے انشاءاللہ چند روز کے بعد مریض صحتیاب ہوئے جاگا۔

دیگر، بابت دافع آزار :- جناب حضرت امام محمد باقر علیہ السلام سے وارد ہے کہ جو شخص کسی آزار میں اپنے کو مبتلا دیکھے تو کہے :-

بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ وَ اَهْلِبَيْتِهٖ وَ اَعُوْذُ بِعِزَّتِهٖ وَ قُدْرَتِهٖ عَلٰى مَا يَشَآءُ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ۔

دیگر دافع آشوب چشم :- کسی کو آشوب چشم کی اگر شکایت ہو تو اس کو چاہیئے آب طاہر میٹھے پانی کا کسی کنوئیں سے جس کا پانی برابر استعمال میں لایا جاتا ہو حاصل کرے اور اس پر انیس مرتبہ اَلْحَیُّ پڑھ کر دم کرے اور اسی پانی سے آنکھ متاثرہ کو دھوتا رہے اللہ تبارک و تعالیٰ شفا دے گا

دیگر برائے زیادتی قوتِ حافظہ :- اگر کسی شخص کا حافظہ کمزور ہو گیا ہو اور نسیان میں زیادتی پیدا ہو گئی ہو تو اس کو چاہیئے کہ وہ سورہ مبارکہ حشر کو شیشہ کے پیالے پر لکھ کر آب باراں سے دھو کر پیئے انشاءاللہ صاحب حافظہ ہوگا۔ مجرب ہے۔

دیگر، برائے ردِ سحر و سفلی :- جو کوئی جادو۔ ٹونا۔ سحر اور سفلی کے زیر اثر آگیا ہو اس کو چاہیئے کہ بعد نماز شب و بعد نماز صبح سات۔ سات مرتبہ پڑھے اس دعائے ذیل کو اور مسحور پر دم کرے اور سورۂ یوسف یا سورہ یٰسین کو لکھ کر بصورت تعویذ بازو پر بعد معطر کرنے خوشبو سے باندھے اور وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ وَ بِاللّٰهِ سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِاَخِيْكَ وَنَجْعَلُ لَكُمَا سُلْطَانًا فَلَا يَصِلُوْنَ اِلَيْكُمَا بِاٰيٰتِنَا اَنْتُمَا وَمَنِ اتَّبَعَكُمَا الْغَالِبُوْنَ انشاءاللہ اثرات سحر و سفلی ختم ہو جائیں گے

دنگر! - برائے ردِ سحر اس تعویذ کو اپنے ستارے کی ساعت اور دن میں عروج ماہ کا خیال کرتے ہوئے پوستِ آہو پر لکھے اور بصورت تعویذ اپنے پاس رکھے انشاءاللہ سحر و سفلی کے اثرات سے محفوظ رہے گا اور وہ دعا یہ ہے

بِسْمِ اللّٰہِ وَ بِاللّٰہِ بِسْمِ اللّٰہِ مَاشَآءَ اللّٰہُ بِسْمِ اللّٰہِ وَ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ قَالَ مُوْسٰی مَاجِئْتُمْ بِہِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰہَ سَیُبْطِلُہٗ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ وَیُحِقُّ اللّٰہُ الْحَقَّ بِکَلِمَاتِہٖ وَ لَوْکَرِہَ الْمُجْرِمُوْنَ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَ بَطَلَ مَاکَانُوْا یَعْمَلُوْنَ فَغُلِبُوْا ھُنَالِکَ وَ انْقَلَبُوْا صَاغِرِیْنَ۔

دیگر، برائے دفع ظالم:۔ جب کوئی شخص اپنے دشمن اور بدخواہوں کے مظالم سے تنگ آجائے اور بظاہر ساری تدبیریں اس کے ظلم سے محفوظ رہنے کی ختم ہوچکی ہوں تو اس کو چاہیئے کہ گھر والے شب میں جب سو جائیں تو وہ اٹھے اور دو رکعت نماز پڑھے بعدہٗ اس دعا کو پڑھے اور پڑھتے وقت اس کا خیال رکھے وہ دعا یہ ہے۔ اَللّٰھُمَّ طُمَّہٗ بِالْبَلَاءِ طَمًّا وَ غُمَّہٗ بِالْبَلَاءِ غَمًّا وَ قُمَّہٗ بِالْاَذٰی قَمًّا وَ ارْمِہٖ بِسَھْمٍ لَا مَعَا وَلَہٗ وَسَاعَۃٍ لَا مَرَدَّ لَھَا وَابْحِ حَرِیْمَہٗ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ اَھْلِبَیْتِہٖ عَلَیْہِ وَعَلَیْھِمُ السَّلَامُ وَاکْفِنِیْ اَمْرَہٗ وَقِنِیْ شَرَّہٗ وَاصْرِفْ عَنِّیْ کَیْدَہٗ وَ اَخْرِجْ قَلْبَہٗ وَ سُدَّ فَاہُ عَنِّیْ وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا ھَمْسًا وَ عَنَتِ الْوُجُوْہُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ وَ قَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا قَالَ اخْسَئُوْا فِیْھَا وَ لَا تُکَلِّمُوْنِ صَہٖ صَہٖ صَہٖ صَہٖ صَہٖ صَہٖ صَہٖ اِنَّا جَعَلْنَا فِیْ اَعْنَاقِھِمْ اَغْلَالًا فَھِیَ اِلَی الْاَذْقَانِ فَھُمْ مُقْمَحُوْنَ وَ جَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ سَدًّا وَّ مِنْ خَلْفِھِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰھُمْ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ۔

دیگر برائے عزت درمیان عزیز و اقارب و ہمچشموں کے۔

اگر منظور ہے کہ جملہ عزیز و اقارب اور ہمچشموں میں عزت زیادہ ہو اور بہ نظر الفت دیکھا جائے تو چاہیئے کہ روزانہ بعد نماز صبح ننانوے بار اَلْمَجِیْدُ پڑھا کرے بہ نظر بزرگی دیکھا جائے گا اور عزیز و اقارب اور ہمچشموں میں عزت پائے گا۔

دیگر، واسطے تسخیر اور بر آنے مطالب شرعیہ کے:۔

اگر منظور ہے کہ ہر دل عزیز ہو اور جو مطالب جائز ہوں وہ پورے

ہوتے رہیں تو چاہیئے کہ عبادت الٰہی میں اضافہ کرے اور اوائل ماہ میں بروز جمعرات بساعت مشتری اس دعا کو لکھ کر داہنے ہاتھ میں باندھے پھر جس کے پاس جائے گا انشا اللہ حاجت روا ہوگی دعا یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اَللّٰھُمَّ انی اسئلك یا اللہ یا احد یا واحد یا نور یا صمد یا من ملات ارکان السمٰوات والارض اسئلك ان تسخر لی قلب فلان (اس جگہ بجائے فلان اپنا نام لکھے) بن فلان (اس جگہ بن فلان کے اپنے باپ کا نام لکھے) کما سخرت الحیۃ لموسیٰ علیہ السلام فاسئلك ان تسخر لی قلبہ کما سخرت لسلیمان جنودہ من الجن والانس والطیر تھدیون عون واسئلك ان تلین لی قلبہ کما لینت الحدید لداؤد علیہ السلام وان تذلل لی قلبہ کما ذللت نور القمر لنور الشمس یا اللہ ھو عبدك وابن امتك وانا عبدك وابن امتك اخذت بقدمیہ وبناصیتہ فسجد حتی تقضی حاجتی ھذہ وما ارید انك علیٰ کل شئ قدیر وھو علیٰ ماھو فیھا ھو لا الہ الا ھو الحی القیوم وصلی اللہ علیٰ محمد وآلہ اجمعین الطیبین الطاہرین۔

دیگر برائے کشادگی کار ہا:۔ واضح ہو کہ برائے فتح وکشادگی جملہ کارہائے جائز اور محفوظ رہنے تمام بلاؤں سے جواہر القرآن میں وارد ہے کہ نقش بسم اللہ کو یوں شرف آفتاب میں بھرے اپنے پاس معطر کرکے رکھے اور ہمیشہ باطہارت رہے مجرب ہے۔

الرَّحِیْمِ	الرَّحْمٰنِ	اللّٰہِ	بِسْمِ
بِسْمِ	اللّٰہِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِیْمِ
الرَّحْمٰنِ	الرَّحِیْمِ	بِسْمِ	اللّٰہِ
اللّٰہِ	بِسْمِ	الرَّحِیْمِ	الرَّحْمٰنِ

دیگر!:۔ دافع ام الصبیان ۔ یہ ایک قسم کی بلا ہے جو بعد زچگی غیر ضروری حالت میں طفل نوزائیدہ پر اس وقت مسلّط ہو جاتی ہے جب اس نومولود کے نگراں اس کی حفاظت سے غافل ہو جاتے ہیں جب ایسی بلا کا شکار نومولود ہو جائے تو چاہیئے کہ زچہ خانے میں کوئی سورہ مبارکہ بقرکی بہ آواز بلند باوضو ہو کر تلاوت کرے انشاءاللہ بلا ٹل جائے گی۔

دیگر، دافع قحط سالی :۔ اگر ملک میں قحط سالی کا زور و شور ہو تو اس وقت چاہیئے کہ اندرون ملک ہر جامع مسجد میں سورہ یوسف کی ام یار روزانہ وقت مقررہ پر تلاوت کی جائے انشاءاللہ آثار قحط زائل ہو جائیں گے اور غلہ کی فراوانی ہو گی۔

دیگر، تحفظ از حشرات الارض :۔ جس جگہ حشرات الارض مثل سانپ و بچھو وغیرہ کی کثرت ہو چاہیئے کہ اس آیہ کریمہ کو پڑھ کر دستک دے انشاءاللہ حشرات الارض گزند نہ پہونچا سکیں گے اور وہ آیہ کریمہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط اِنَّهُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّ اَکِیْدُ کَیْدًا فَمَهِّلِ الْکٰفِرِیْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَیْدًا۔

دیگر :۔ مرقوم ہے کہ جس جگہ سانپ اور بچھو وغیرہ کی زیادتی ہو تو وہاں ان کے ضرر سے محفوظ رہنے کیلئے ہڑتال۔ گندھک برگ چنبیلی اور سونٹھ مساوی الوزن لے کر کوٹے اور اس میں بکری کی مینگنی ملاکر بیر کے برابر گولی بنا کر سایہ میں خشک کرے اور پھر جہاں پر سانپ بچھو زیادہ ہوں وہاں پر اس کی دھونی دے سب بھاگ جائیں گے۔

دیگر، تحفظ از ہیضہ :۔ جہاں ہیضہ کی شکایت پیدا ہو گئی ہو یا اس نے وبائی صورت اختیار کرلی ہو تو وہاں کے ساکنین کو چاہیئے کہ وہ اس درود شریف کو بکثرت پڑھیں تاکہ اس موذی مرض کے اثرات سے محفوظ رہ سکیں۔ اور وہ درود شریف یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ

كُلِّ دَآءٍ وَدَوَآءٍ وَبِعَدَدِ عِلَّةٍ وَّشِفَاءٍ۔

دیگر بابت روکنے پیشاب بحالت خواب: اگر لڑکا سوتے میں بستر پر پیشاب کر دیا کرتا ہو تو چاہیئے کہ اس دعا کو پوست آہو پر لکھ کر باندھے انشاءاللہ یہ عادت قبیحہ جاتی رہے گی اور وہ دعا یہ ہے۔

هف هف هد هد هف هف هات هات انا له كف كف كف هف هفقا هفف مهم سعرلم قل هو الله احد الغالب من حيث يستحسر العدو ابليس شيخ لبني ادم كما الذى سجد لآدم الملآئكة باذن الله انه كريمه بنت كريمة ولد یہاں نام مریض اور اس کے باپ کا لکھے ۵ ۵ ۵ ۵ ۵ ۵ ۵ شد دت بسوره بسوره ضفه صفه ختمت بخاتم سليمان بن داؤد الله رب العٰلمين۔

دیگر:۔ ہرگاہ اگر قے بہت آتی ہو تو چاہیئے کہ سورہ الطارق کو پانی پر تین بار پڑھ کر دم کرے اور پیئے انشاءاللہ شکایت جاتی رہے گی۔

دیگر:۔ اگر کوئی شخص مرض پیچش میں مبتلا ہو کر بہت زیادہ پریشان ہے۔ علاج سے کوئی فائدہ نہیں ہو رہا ہے۔ تو چاہیئے کہ سورہ والشمس کو لکھے اور دھو کر پیئے انشاءاللہ شفا ہو گی۔

دیگر برائے درد شقیقہ و درد نیم سر:۔ وارد ہے کہ یہ دعا لکھ کر مقام درد پر لٹکاوے انشاءاللہ شفا ہو گی اور وہ دعائے مبارکہ یہ ہے۔ بشرط اعتقاد لکھے بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ لَسْتَ بِالٰهٍ استحد ثناه ولا برب يبيد ذكره ولا معك شركاء يقضون معك ولا كان قبلك اله ندعوه وَنتعوذ به ونتضرع اليك وندعك ولا اعانك على خلقنا من احد فنشك فيك لا اله الا انت وحدك لا شريك لك عاف نام مریض وہاں کا لکھے وصلى الله على محمد وآل محمد عليهم السلام

دافع ضعف چشم منقول ہے کہ اگر ضعف چشم کی شکایت کسی کو ہو گئی ہو تو اس کو چاہیئے کہ بعد از طلوع آفتاب باوضو ہزار بار الظاہر کہے اور آہستہ آہستہ دونوں آنکھوں پر انگلیاں پھیرتا جائے انشاء اللہ تعالیٰ آنکھوں میں روشنی قوت پکڑے گی اور اگر آب زعفران پر یہی اسم مبارک ہزار بار دم کر کے صبح۔ دوپہر اور شام کو چند قطرے ڈالا کرے تو یہی نتائج برآمد ہوں گے۔

دافع درد نیم سر برائے دفع ہونے درد نیم سر کہ عموماً جس کو لوگ آدھا سیسی بھی کہتے ہیں یہ عمل بہت مفید اور آزمودہ ہے درد میں کمی ہوگی اور تیسرے روز بالکل جاتا رہے گا تین روز تک گیارہ مرتبہ روزانہ کے حساب سے آفتاب کے برآمد ہوتے کے وقت اور مریض کے مقام درد پر دم کرے اور وہ عمل یہ ہے سکالی چڑی کلچڑی کالا پھل کھائے۔ برکت محمد صاحب سے آدھا سیسی جائے۔

دافع درد دنداں اگر کسی کے دانت میں شدت کے ساتھ درد ہو رہا ہو اور تکلیف ناقابل برداشت ہو تو اس کو چاہیئے کہ باقاعدہ جلیا کہ اوراق ماسبق میں ہدایات تحریر کی جا چکی ہیں　۴　۵۵۵۷۴۵۴

لکھے اور مقام درد پر دانت کے نیچے

رکھے ان شاء اللہ تعالیٰ سکون ہوگا اور　عـ۱　۵۵۵　۲۵۵

درد جاتا رہے گا۔

دافع ام الصبیان ام الصبیان کے بابت واقف کاران علم روحانیات اپنی اپنی کتابوں میں اس طرح رقم فرماتے ہیں کہ ام الصبیان نام ہے ایک بلا کا جس کو دیونی بھی کہتے ہیں اور متعدد ہاتھ پیر اور سر ہوتے ہیں اس کا کام یہ ہے کہ وہ زچہ خانے سے ولادت کے بعد ہی سے طفل نوزائیدہ کو حاصل کرنے کی کوشش کرتی ہے اور موقع پا کر اپنا دودھ اس بچے کو پلا کر اس قدر ناکارہ کر دیتی ہے کہ بچہ میں ماں کا دودھ پینے کی صلاحیت باقی نہیں رہتی اور بچہ ۲۴ گھنٹے کے اندر ہی بھوکا پیاسا راہی ملک بقا ہو جاتا ہے۔ چنانچہ اولاً احتیاطی

تدابیر تو یہ ہیں کہ زچہ خانہ اور بچے کو کبھی تنہا نہ چھوڑے اور اسپند (لوبان) کی دھونی سلگایا کرے کہ اس سے ارواح خبیثہ اور شیاطین کسی قسم کا نقصان نہ پہنچا سکیں گے اور اس کی خوشبو سے بچنے کے لیے دور دور رہیں گے اور اس دعائے مبارکہ کو پاک روشنائی سے پاک کاغذ پر لکھ کر بعد کرنے موم جامہ تعویذ مسی بتواکر اس میں رکھ کر سیاہ دھاگے میں پرو کر طفل مذکور کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ شر ام الصبیان و شیاطین و دیگر بلاؤں سے محفوظ رہے گا اور وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ قَالُوْا تَاللّٰهِ لَقَدْ اٰثَرَكَ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَاِنْ كُنَّا لَخٰطِئِيْنَ قَالَ لَا تَثْرِيْبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ وَهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ○ اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا وَاْتُوْنِيْ بِاَهْلِكُمْ اَجْمَعِيْنَ ○

تحفظ بلیات از ہفت سلام

علمائے روحانیات ارشاد فرماتے ہیں کہ کسی کو اگر یہ منظور ہو کہ وہ تمام سال ہمہ اقسام کی بیماریوں اور جملہ بلیات اور آفات سے محفوظ رہے تو اس کو چاہیئے کہ وہ بروز نوروز مشک و زعفران اور گلاب کے محلول سے کورے چینی کے برتن پر لکھ کر پیئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام سال کسی آفت و آزار میں مبتلا نہ ہوگا۔ وہ سلام یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِى الْعٰلَمِيْنَ

سَلٰمٌ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ سَلٰمٌ عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ

سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِيْنَ

سَلٰمٌ هِىَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ

مداوائے تکالیف از آب نیساں

علماء اس باب میں اس طرح رقمطراز ہیں۔ اور اس روایت کو ابن عباسؓ سے یوں منسوب کرتے ہیں کہ وہ بیان کرتے ہیں کہ ایک روز جب کہ میں مسجد میں بیٹھا تھا کہ ناگاہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے۔

میں نے سلام کیا آپ نے بعد جواب سلام ارشاد فرمایا کہ میں تم کو ایک دعا سکھلا دوں کہ جس سے تم اپنے درد کا درماں آپ کر لو اور تم کو کسی طبیب کی ضرورت نہ پیش آوے اور جس کو کہ جبرئیل نے بحکم خلاق عالم ابھی مجھے سکھایا ہے۔ میں نے عرض کیا کہ وہ کیا ہے آپ نے فرمایا کہ پاک برتن میں بارش کے اس پانی کو لے لو جس کو آب نیساں کہتے ہیں۔ پھر اس پانی پر ستر بار سورہ فاتحہ۔ ستر بار آیت الکرسی۔ ستر بار انا انزلنا۔ ستر بار قل یا ایھا الکافرون۔ ستر بار سورہ اخلاص ستر بار قل اعوذ برب الفلق اور ستر بار قل اعوذ برب الناس اور ستر بار صلوٰۃ بھیجے بعد ازاں اس پانی کو سات روز تک پے در پے پیئے۔ جان لو تم کہ اس خدا نے مجھ کو بحق پیغامبر بھیجا کہ مجھ سے جبرئیلؑ نے کہا کہ اللہ عزوجل اٹھالے اس بیماری کو جس میں وہ شخص مبتلا ہے اور اس نے اس پانی کو پیا۔ اور وہ تمام تکالیف درد وغیرہ جو اس کے رگ و پے میں سرایت کر چکا ہے اس کو دور کر دے اور اگر کوئی زحمت اس کے نام لوح محفوظ میں لکھی ہے تو خداوند تعالیٰ اس کو حک کرا دے اور جان لو تم کہ اس خدا نے مجھ کو ساتھ پیغمبری کے بھیجا ہے کہ جس آدمی کے لڑکا نہیں ہوتا ہے اور چاہتا ہے کہ صاحب اولاد ہو تو وہ معہ اپنی زوجہ منکوحہ کے اس پانی کو اسی طرح جیسا کہ بیان کیا گیا ہے۔ پیئے انشاء اللہ تعالیٰ صاحب اولاد ہو گا۔

دافع شب کوری

شب کوری جس کو رتوندھی بھی کہتے ہیں بڑا موذی مرض ہے اس مرض میں مبتلا مریض کو شب میں کچھ بھی نظر نہیں آتا لیکن صبح ہوتے ہی اس کی بصارت پھر بحال ہو جاتی ہے۔ دن بھر آنکھوں میں روشنی قائم رہتی ہے اور غروب ہوتے ہوئے آفتاب کے ساتھ پھر کمی پیدا ہونا شروع ہو جاتا ہے اور شب میں بصارت معدوم ہو جاتی ہے۔ چنانچہ ایسی صورت جب کسی کے حق میں پیدا ہو جائے تو اس کو چاہیئے کہ وہ اس دعا کو بخلوص نیت لاتعداد پڑھے اپنی انگلیوں پر دم کرے اور آہستہ آہستہ آنکھوں پر ملے انشاء اللہ کچھ ہی دنوں بعد شفا ہو جائے گی اور وہ دعا یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ يَا سَمِيْعُ يَا قَرِيْبُ يَا مُجِيْبُ يَا سَمِيْعَ الدُّعَاءِ يَا لَطِيْفُ لِمَا يَشَاءُ اُحْفُظْ عَلَيَّ بَصَرِيْ ۔

دافع دیوانگی

باب دیوانگی کے روحانی نسخہ جات میں علماء فرماتے ہیں کہ باقاعدہ دو رکعت نماز حاجت بعد ادائے نماز فجر قبلہ رخ اسی مصلیٰ پر بیٹھ کر پاک کورے کاغذ پر سورہ مبارکہ قاف کو لکھے اور اس کو آب طاہر سے محو کر کے دیوانے کو پلادے انشاء اللہ تعالیٰ دیوانگی جاتی رہے گی۔ یہ عمل متواتر تین روز تک کرے مجرب ہے۔

دافع ضعفِ نفس

عملیات کی کتابوں میں علمائے روحانیات لکھتے ہیں کہ اگر کسی کو ضعف نفس کی شکایت پیدا ہو گئی ہو تو وہ باوضو کچھ دنوں تک سورہ مرسلات کی تلاوت کرے انشاء اللہ نفس قوت پکڑے گا اور حول دل کی اگر شکایت پیدا ہو گئی ہے تو وہ جاتی رہے گی۔

دافع درد ہمہ اقسام

اگر کوئی شخص فالج۔ درد عرق النساء۔ صرع۔ یرقان۔ لقوہ ناسور میں سے کسی بھی مرض میں مبتلا ہو تو اس کو چاہیئے کہ وہ سورہ فاتحہ کو پاک برتن پر لکھے اور روغن بلسان سے اس برتن کو دھودے اور پھر اس روغن پر سورہ مذکورہ کو ستر بار پڑھ کر دم کرے اور امراض بالا میں سے کسی میں استعمال کرے درد وغیرہ ہو تو مالش کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ شفایاب ہو گا۔

دافع صرع

کتابوں میں زیادہ تر یہ لکھا ہوا پایا گیا کہ جو کوئی سورہ سجدہ کو لکھ کر بصورت تعویذ اپنے پاس رکھے تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ مرض صرع سے محفوظ رہے گا۔

دافع لقوہ

جو کوئی شخص مرض لقوہ میں مبتلا ہو اس کا سب سے بہترین علاج یہ ہے کہ وہ سورہ مبارکہ اذا زلزلت کو طشت آہن میں لکھے اور مریض لقوہ اس میں نظر کرے ان شاء اللہ شفا ہو گی اور منہ جو ٹیڑھا ہو گیا ہے۔ سیدھا ہو جائے گا۔

دافع ناسور

جس کسی کو ناسور ہو گیا ہو اس کے لیے سب سے بہتر علاج روحانی یہ ہے کہ وہ سورہ اعلیٰ کو پڑھ مریض پر دم کرے شفا پادے

دافع برص

جو کوئی مرض برص میں مبتلا ہو تو اس کو چاہیئے کہ وہ آیت الم یکن کو بطہارت لکھے اور بصورت تعویذ پہنے تمامی قیود کو مدنظر رکھتے ہوئے اور اسی آیت کو خشک وزعفران اور اصلی عرق گلاب سے محلول تیار کرکے لکھے اور آب طاہر سے محو کرکے دن میں تین بار اس کو پیئے انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی - تینوں چیزیں خالص ہوں گی - ملاوٹ جائز نہ ہوگی -

زیادتی قوت حافظہ

علماء روحانیات ناقل ہیں اور اس روایت کو جناب حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منسوب کرتے ہیں کہ ارشاد فرمایا ان حضرت نے اگر کسی کا حافظہ کمزور ہو گیا ہو اور اس کو کوئی بات یاد نہ رہتی ہو تو اس کو چاہیئے کہ وہ تین روز تک سورہ یٰس کو گلاب وزعفران سے لکھے اور دھو کر پیئے - اللہ تبارک وتعالیٰ چاہے تو اس کا حافظہ ایسا تیز ہو کہ جو بات دیکھے سنے یا جو مضمون حفظ کرنا چاہے تو وہ اس کے ذہن پر اس طرح نقش ہو کہ خود یاد کرنے والا حیرت میں آجائے -

برائے تولد اولاد

اگر کوئی عورت بانجھ ہو، اس کے اولاد نہ ہوتی ہو تو اس کو چاہیئے چالیس لونگوں پر سات سات بار ایک ایک لونگ پر یہ آیت پڑھے اور ایک لونگ وقت شب کھا لیا کرے اور یہ عمل بعد فراغت غسل حیض شروع کرے اور شب میں اپنے خاوند سے ہمبستر ہو - انشاء اللہ صاحب اولاد ہوگی لیکن اس پر یہ پابندی لازم ہے کہ بعد کھانے لونگ کے نہ کھانا کھائے نہ پانی پیئے یعنی کہ کوئی چیز نہ کھائے -

"اَوْ کَظُلُمٰتٍ فِیْ بَحْرٍ تا لفظ نُوْرًا -"

دیگر

جو عورت لاولد ہو یعنی اس کے حمل ہی نہ قرار پاتا ہو - علاج معالجہ بھی بیکار ثابت ہوا ہو تو اس کو چاہیئے وہ روحانی علاج کی طرف متوجہ ہو تو اس باب میں حکماء فرماتے ہیں کہ ہرن کی جھلی حاصل کرے اور اس پر زعفران اور گلاب سے آیت لکھے - بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُیِّرَتْ بِہِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِہِ الْاَرْضُ اَوْ کُلِّمَ بِہِ الْمَوْتٰی بَلْ لِّلّٰہِ الْاَمْرُ جَمِیْعًا ۵ -

دافع جادو

ابن ابی حاتم نے لیث سے روایت کی ہے کہ جس کسی پہ جادو کر دیا گیا ہو تو ان تینوں آیات مندرجہ ذیل کو آب طاہر پہ پڑھ کر اولاً دم کریں۔ پھر تھوڑا پانی اس پہ ڈال دیں اور چند گھونٹ اس کو پلا دیں۔ انشاء اللہ اثر جادو کا جاتا رہے اور وہ اچھا ہو جائے گا اور آیات مبارکہ یہ ہیں۔

دو آیت سورہ یونس کی فَلَمَّا اَلْقَوْا سے مجرمون ہ تک۔

آیت سورہ اعراف کی فَوَقَعَ الْحَقُّ سے رَبِّ مُوسٰی وَهَارُوْنَ ہ تک

ایک آیت سورہ طہٰ کی اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سَاحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى تک۔

فرمانبرداری اولاد اور لونڈی و غلام

علماء فرماتے ہیں کہ اگر کسی کا غلام یا لونڈی شوخی کرے اور اپنے آقا کی فرمانبرداری نہ کرے یا کسی کی اولاد نافرمان ہو تو والدین سے گستاخی کرنے پر آمادہ ہو تو آیت مندرجہ ذیل کو پڑھ کر اس کے کان میں پھونکے شوخی و جذبہ گستاخی مبدل بہ تابعداری و اطاعت ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

دافع شراب خوری

اگر کوئی شرابی اپنی شراب خوری سے باز نہ آتا ہو تو اس شراب نوشی کی عادت کو ترک کرانے لیے سورہ مومنون کو کپڑے لکھے اور اس شرابی کے باندھے۔ شراب کا پینا تو در کنار انشاء اللہ اس کی بو سے نفرت کرنے لگے گا۔

حاوی ہونا دشمنوں پر

اگر کسی کی یہ تمنا ہو کہ وہ اپنے دشمنوں پہ فتح یابی حاصل کرے اور ہمیشہ حاوی رہے تو اس کو چاہیئے کہ سورہ ہود کو پوست آہو پر لکھے اور اپنے پاس رکھے خدائے عزوجل اس کو قوت و نصرت عطا فرمائے اگر سو آدمی جنگ کے مقابل ہوں تو ان تمام آدمیوں پہ مظفر و منصور ہو گا۔ وہ لوگ اس سے دور رہیں گے اور ہاتھ پیر ان کے سست ہو جائیں گے۔ اس کی ہیبت اور دلیری سے حواس باختہ ہوں گے اور اس کے

نہ جا سکیں گے اور جس جماعت پر یہ نعرہ مارے گا کوئی سامنے نہ ٹھہر سکے گا سب کے سب بھاگ جائیں گے
اگر کوئی اس سورہ کو زعفران خالص سے لکھے اور دھو کر تین دن صبح کے وقت پئے رات کے وقت
ایک قوت اس کے دل میں ظاہر ہوگی اور تمام زندگی وہ کسی سے خوف نہ کھائے گا بفرمان خدا عزوجل
سب پر غالب آوے گا۔

بیان علم قیافہ!

یوں تو بہت سی کتابیں اس علم کے متعلق عالم وجود میں آچکی ہیں اور آئندہ بھی اپنے جدید تجربات
کے ساتھ نہ معلوم اور کتنی کتابیں شائع ہوں گی لیکن اپنی کتب بینی کے پیش نظر اس عنوان کے تحت اس
سے بہتر تحریر میری نظر سے نہیں گزری چنانچہ بغرض استفادہ سپرد قلم کر رہا ہوں کچھ اپنی واقفیت
اور کچھ اس اوراق پارینہ کی راہنمائی کو مدنظر رکھتے ہوئے قیافہ شناسی میں مزید نکات کی آگاہی کی گئی
ہے جو اپنی جگہ پر اہم ہے افسوس ہے اس امر کا کہ مصنف اور کتاب کے نام سے لاعلم ہوں ورنہ شکریہ
ضرور ادا کرتا (معذرت کے ساتھ)۔

علامات سر

اگر کسی کا سر گول اور بڑا ہے۔ ساتھ ہی اس کے موئے سر بھی گھنے ہیں تو
یہ علامت عقل و دانائی، اولوالعزمی، بہادری اور سخی ہونے کی ہے
البتہ جس کا سر چھوٹا ہے اور موئے سر کم ہیں۔ ٹیڑھا میڑھا ہے تو یہ علامت جہالت
کم عقلی۔ کدورت۔ بغض و عناد۔ کینہ توزی۔ بغض للہی رشک و حسد کی ہے۔ ایسے آدمی
اپنے فائدے کو سب سے پہلے مدنظر رکھتے ہیں اور دوسروں کو نقصان پہنچانے میں دریغ
نہیں کرتے۔

ہے اور اگر کان کی لو پر گوشت ہے تو یہ علامت دولت مندی کی ہے۔

علاماتِ چشم

اگر آنکھ بڑی اور پتلیاں سیاہ ہیں تو یہ علامات شرم و حیا کسر نفسی اور سستی کی ہے اور آنکھیں چھوٹی ہوں تو دلیل ہے سبکساری و کم فہمی کی ہے اور اگر آنکھیں اندر کی طرف دھنسی ہوئی ہوں تو اس امر کی دلیل ہے کہ ایسی ہستی تکبر بدی۔ خیانت اور بد طینتی کی مالک ہوگی۔ آنکھوں کی بدترین قسم کی وہ آنکھ ہے۔ جس کو ارزق کہتے ہیں یہ آنکھ بخل و بے حیائی۔ بغض و حسد مکر و حیلہ و شہوت پرستی کی حامل ہوتی ہے۔ اگر سفید حصہ آنکھ میں سُرخ ڈورے نظر آئیں تو زیادتی شہوت پر دلالت کرتی ہے۔ آنکھیں متوسط ہیں تو علامات ہیں بزرگی۔ نیک بختی۔ معاملہ فہمی، شیریں سخنی۔ دور اندیشی۔ اخلاق حمیدہ کی فراوانی کی۔

علامات ناک

اگر کسی کی ناک لمبی (لانبی) اور پتلی ہو تو سبکی اور خفت پر دلالت کرتی ہے ناک کے سوراخ اگر بڑے ہیں تو یہ علامت شہوت پرستی کی ہے ایسا آدمی غیض و غضب کا بھی جذبہ رکھتا ہے اور اگر ناک ٹیڑھی ہے تو دلالت کرتی ہے نفاق امور پر اور ایسی ناک شرتی ہے اور اگر ناک کا سرا مثل طوطے کی چونچ کے ہے دولت مند ہونے کی۔ متوسط ناک علامت رکھتی ہے۔ شر و فساد سے دور رہنے کا لیکن ایسے آدمی کے حالات یکساں نہ رہیں گے۔ کبھی بلندی کبھی پستی کبھی تنگی اور کبھی فراخی۔ واللہ اعلم۔

علاماتِ لب

اگر کسی کے لب (ہونٹ) لانبے ہیں تو دلالت ہے حماقت کی کینہ پروری اور طبیعت کے غلیظ ہونے کی اور اگر ہونٹ باریک (پتلے) ہیں تو یہ علامت ہے شیریں سخنی۔ معاملہ فہمی۔ بذلہ سنجی کی اور اگر لب سرخ ہیں۔ تو یہ علامت ہے نیک بختی اور خوش اخلاقی کی اور اگر لب نیلے یا سیاہی مائل ہیں تو یہ علامت ہے بد نفسی۔ بد نصیبی اور شرتی ہونے کی اور اگر لب سفید ہیں تو یہ علامت مرض کی گواہی دیتی ہے یعنی ایسی ہستی کی زندگی زیادہ تر بیماری و آزاری کی کرب و بے چینی میں گزرتی ہے اس کی پریشان حالی برقرار رہتی ہے۔

علامات پیشانی

اگر کسی شخص کی پیشانی چوڑی ہو اور بے لکیر ہو یعنی ماتھا سپاٹ ہو تو یہ علامت غرور، تکبر، دروغگوئی، نفس پرستی پر دلالت کرتی ہے برخلاف اس کے پیشانی متوسط، شکن آلود، علامات محبت سچائی، عقل و فہم کی فراوانی، تدابیر صادقہ اور صاحب غیرت ہونے کی ترجمانی کرتے ہیں۔ علمائے نامدار اس بات پر یک زبان ہیں کہ پیشانی پر جو لکیریں نمودار ہوتی ہیں وہ صاحب شکن حضرات کے عمر کی غمازی کرتی ہے اور اس کی دریافتگی کا طریقہ اس طرح پر ہے کی علماء نے فی لکیر دس سال عمر کی قید مقرر کی ہے یعنی اگر کسی کی پیشانی پر ایک لکیر ظاہر ہوتی ہے تو اس کی دس سال ہوگی۔ دو میں بیس سال اور تین میں تیس سال اسی طرح سے فی لکیر دس کا اضافہ کرکے اس کو سالوں میں شمار کر لیا جاتا ہے۔ اور تنگ پیشانی دلالت کرتی ہے اس بات پر کہ ایسا شخص بے حیائی، نادانی، کم عقلی، فسادی، حسدی، عسرت و ہلاکت اور افلاس و طوطا چشم خصلت کا مالک ہوگا۔

علاماتِ ابرو

اگر کسی کی بھویں (ابرو) بہت بڑی لانبی اور کھنچی ہوئی ہوں تو علامت ہے درشتی و تند خوئی، غرور، تکبر، جہالت اور خود پسندی کی اور اگر دونوں ابرو باہم ملے ہوں تو دلالت کرتے ہیں اس امر پر کہ ایسی ہستی مہربانی، الفت و محبت کی حامل ہوگی ایسے مرد عورتوں کی طرف اور ایسی عورتیں مردوں کی طرف زیادہ رغبت رکھیں گی اور ایسے تمام حضرات (مرد و عورت) جن کے ابرو متوسط، چوڑے اور لانبے و سیاہ ہوں فہم و فراست، سخاوت، سنجیدگی کے مالک ہوں گے اور ابرو کا سرا ناک کی طرف سے باریک ہو۔ اس بات کی علامت رکھتا ہے کہ ایسی ہستی فتنہ انگیز ہوگی اور اونچی ہو تو علامت تکبر کی ہے۔

علاماتِ گوش

علماء فرماتے ہیں کہ اگر کسی کا کان بڑا ہے تو یہ علامت اچھائی قوت حافظہ و طول عمر میل و ملاپ کے فروغ دینے کی علامت ہے اور اگر کان چھوٹا ہے تو علامت اس بات کی ہے کہ اگر ایسی ہستی جاہل و نادان ہوگی ہر بات و ہر کام اس کے نادانی اور کوتاہ اندیشی پر مبنی ہوں گے جہالت ہر قدم پہ کارفرما ہوگی۔ متوسط کان عقل و دانائی اور نیک بختی کی علامت

علاماتِ دہن

اگر دہن کشادہ ہو تو دلیل ہے شجاعت و راستگوئی کی۔ جھوٹ سے نفرت اور سچی باتوں سے رغبت ہوگی اور تنگ دہن والی ہستی۔ خوف و ہراس۔ غیبت و حسد۔ چغلخوری ایسے مذموم حرکات کی حامل ہوگی ایسی عورت مرد سے اور ایسا مرد عورت سے زیادہ تر مباشرت کا خواہش مند ہوگا۔

علاماتِ دندان

اگر کسی زن و مرد کے دندانہائے (دانت) بڑے اور نزدیک ہوئے تو یہ دلالت کرتے ہیں شرارت کی اور بہت چھوٹے جو ہوں گے تو یہ علامت ہوگی بردباری کی اور اگر دانت ٹیڑھے اور ناہموار ہیں تو مکر و فریب اور حیلہ سازی۔ بہانہ بازی۔ خود غرضی اور موقع پرستی ہونے کی بشارت دیتے ہیں اور اگر دانت اوسط درجہ کی ہموار ہیں تو یہ علامت بزرگی۔ بردباری فائدہ پہنچانے والی تدابیر۔ نیک بختی۔ عدالت و امانت کے تحفظ کے حامل ہوتے ہیں تیس سے تبیس دانتوں والے لوگ دولت اور فارغ البالی اور تیس سے کم والے حضرات افلاس و فلاکت کی زندگی بسر کرتے ہیں۔

علاماتِ زبان

علمائے علم قیافہ زبان کے بارے میں ارشاد فرماتے ہیں کہ ان لوگوں کی خصلت بردباری و نیکی اور شیریں کلامی اختیار کرتی ہے جن کی زبان سرخ ہو اور جن لوگوں کی زبان زرد یا سیاہی مائل ہو۔ وہ بدکلامی۔ چغلخوری۔ دروغ گوئی کی حامل ہوگی ایسی زبان نحوست میں اپنا ثانی نہیں رکھتی۔

علاماتِ زنخ

زنخ تھوڑی کو کہتے ہیں اس کے بابت مرقوم ہے کہ باریک تھوڑی والے لوگ مبارک قدم ہوتے ہیں اور ایسے تمام لوگ جن کی تھوڑی پر گوشت ہوتا ہے یہ دلیل ہے جہل و تکبر۔ زبان درازی کی اور متوسط تھوڑی والے لوگ عقیل۔ ہنرمندی۔ جہاندیدہ۔ بردبار۔ متحمل مزاج۔ پختہ کار۔ مجبتی۔ ملنسار۔ معاملہ فہم۔ سخی اور انصاف پسند ہوتے ہیں۔ لغو اور لایعنی باتوں سے پرہیز کرتے ہیں۔

علاماتِ گردن

منقول ہے کہ ایسے لوگ جن کی گردنیں کوتاہ ہیں مگر اور خیانت کے حامل ہوتے ہیں اور گردن پتلی اور لانبی حماقت پر دلالت کرتی ہے اور اگر گردن پر گوشت لانبی ہے تو یہ علامت ہے صدق وصفا عدل وانصاف اور صاحب تدبیر ہونے کی اور گردن پر اگر خط نمایاں ہو تو درازی عمر کی علامت رکھتا ہے اور اگر دو خط نمودار ہوا ہے تو علامت ہے سربلندی کی اور اگر تین خط ہویدا ہیں تو دولت مند ہونے کی خبر دیتے ہیں۔

علاماتِ چہرہ

چہرہ پر گوشت کا زیادہ ہونا اس امر پر دلالت کرتا ہے کہ ایسے لوگ کاہل۔ خبط الحواس۔ نسیان کے شکار جاہل سخت مزاج۔ وفا سے بیگانہ اور اپنے ہر قول وفعل پر قائم نہ رہنے والے ہوتے ہیں۔ کم گوشت والے چہرے محبتی۔ وفاداری۔ نیک خوئی۔ منصف مزاجی اور ہمدردی کے حامل ہوتے ہیں۔ چہرے پر سرخی کا ہونا اس امر پر دلالت کرتا ہے کہ صاحب چہرہ خوبصورت اور نیک خیالات کا مالک ہے برخلاف اس کے کہ زرد چہرہ امراض کو جلد قبول کرنے کا عادی ہوتا ہے اور بے وفائی کا خوگر ہوتا ہے۔

علاماتِ داڑھی

داڑھی بھی قیافہ شناسی میں ایک خاص اہمیت کی حامل ہے چنانچہ علمائے علم قیافہ اس باب میں اس طرح رقمطراز ہیں کہ اگر داڑھی گھنی اور ہموار ہوگی تو دلیل ہے خوش مزاجی، دور اندیشی، بردباری، صاحب علم اور مبارک قدم ہونے کی برخلاف اس کے کہ داڑھی چھیدری ہے تو دلالت ہے بدبختی۔ جہالت فتنہ پروری کی اور اگر داڑھی بہت زیادہ لانبی اور ناہموار ہے تو حماقت اور نادانی پر دلالت کرتی ہے۔

علاماتِ کتف

کتف مونڈھے یا کندھوں کو کہتے ہیں چنانچہ حکماء فرماتے ہیں۔ کہ اگر انسان کے دونوں کندھوں پر بال ہیں تو علامت ہے اقبال مندی فارغ البالی اور صاحب دولت ہونے کی اور اگر دونوں مونڈھے (کندھے) صاحب اور متوسط ہیں تو نشاندہی کرتے ہیں۔ عقلمندی۔ اقربا پروری اور صاحب مال ومتاع ہونے کی۔

علاماتِ بغل

اگر بغل گوشت سے بھری ہوئی اور اپنے حدود کے اندر بالوں سے پُر ہے تو یہ علامت ہے نیک بختی و فراخی رزق کی۔ برخلاف اس کے اگر بغل ابھرے پن سے گریزاں اور خشک بالوں سے بخیل ہے تو یہ علامت ہے بدبختی نحوست۔ تنگدستی اور پریشان حالی کی۔

علامات بازو

اگر بازو بھرے بھرے مچھلیاں ابھری ہوئی اور سخت ہیں تو یہ علامت ہے بہادری۔ جانفشانی سخت گیری۔ قوت فیصلہ کی مضبوطی۔ محنت و مشقت سے دلچسپی رکھنے کی اور برخلاف اس کے اگر بازو چھوٹے مچھلیوں کے ابھار میں کمی تو بہ علامت علمائے علم قیافہ کے نزدیک کم ہمتی پسپائی۔ بزدلی اور نحوست و بدبختی کی ہے۔

علامات سینہ

اگر کسی کا سینہ کشادہ اور گوشت سے اصولاً بھرپور ہوگا تو یہ علامت ہے علو ہمتی۔ نیک بختی۔ غربا پروری۔ ہمدردی اور جذبات پاک و پاکیزہ رکھنے کی اور اگر سینہ تنگ و خالی از طم ہے تو یہ علامت ہے تنگدلی اور بدبختی و نحوست کی۔ اور اگر سینہ پر بال ہوگا تو یہ علامت صاحبِ علم و دانش ہونے اور جوانمردی کی۔

علاماتِ پستان

دونوں پستان اگر برابر اور بڑے و لٹکے ہوئے نہیں ہیں تو یہ علامت اس امر پر دلالت کرتی ہے کہ اولاد میں کثرت نہ ہوگی البتہ جس قدر بچے ہوں گے کم ہوں گے۔ جذبۂ شہوت اوسط رہے گا۔ فارغ البالی ہمکنار ہوگی ایام زندگی مطمئن انداز میں بسر ہوں گے اور اگر ایک پستان چھوٹا اور دوسرا بڑا ہوگا تو یہ علامت نحوست۔ بدبختی اور زبوں حالی کی ہے۔

علاماتِ شکم

پیٹ کے علامات کے بابت علمائے علم قیافہ کے خیالات تحقیق و تجربات کی بنا پر کچھ اس طرح ہیں کہ اگر پیٹ بڑا ہے تو دلیل ہے حماقت کی۔ حرام خوری۔ اور مفت کے مال کا دلدادہ ہوگا۔ سودی رحجان کی طرف زیادہ مائل رہے گی بے ایمانی مقدر بن جائے گی۔ عقل و سوجھ بوجھ کا فقدان ہوگا۔ بے مروتی غالب رہے گی۔ دوستوں کا قحط رہے گا۔ زندگی

سکون پذیر ہوگی۔ اور اگر پیٹ متوسط ہے تو دلیل دانشمندی عقل و عقول کی زیادتی۔ ہوش و تدبر کی بہتات ہو۔ علماء لکھتے ہیں کہ اگر کسی کے شکم پر ایک خط ہوگا تو اس کی موت تلوار یا آلۂ دھار سے ہوگی۔ اور اگر کسی کے شکم پر دو پیچ خط ہوں تو دلیل اس امر کی ہے کہ وہ عورتوں کی صحبت سے خوش رہے گا اور اگر دو یا تین خط پیٹ کے اوپر ہوں تو یہ علامت عقل و علم ہوشیاری اور اگر کوئی خط شکم پر نمودار نہ ہو تو علامت اس امر کی ہے کہ وہ صاحب اقبال ہوگا اور اگر ناف بڑی و گول ہے تو یہ علامت دولت و سخاوت کی ہے۔

علاماتِ پُشت

اس علامت پشت کے بابت دانشوران اس طرح گویا ہیں کہ اگر پشت پیچھے سے برابر ہے تو یہ علامت ہے تکبر اور غرور کی۔ اور اگر پیٹھ ٹیڑھی ہے تو بد اخلاقی کی علامت ہے اور اگر پیٹھ ٹیڑھی ہے تو بد اخلاقی کی علامت ہے اور اگر پیٹھ دراز ہے تو نحوست کی دلیل ہے اور اگر پیٹھ متوسط ہے تو علامت سعادت و نیک بختی کی ہے۔

علاماتِ قد

اگر طول و طویل ہے تو دلالت کرتا ہے احمق پن پر فتنہ انگیزی۔ شر پسندی خود سری۔ جہالت ایسے آدمی کا شیوہ ہوگی اور قد درمیانہ دلالت کرتا ہے حکمت و دانائی۔ معاملہ فہمی دور اندیشی پر صاحبان عقل و دانش کا قول ہے کہ قد وہ اچھا ہے کہ انگلیوں سے ناپنے پر صاحب قد ۱۲۰ انگل سے کم نہ ہو۔

علاماتِ کفِ دست

"کفِ دست" ہاتھ کی ہتھیلی کو کہتے ہیں اس عضو انسانی کے بابت علم قیافہ کہتا ہے کہ ہاتھ کی دو ہتھیلی پر گوشت اور گلابی رکھتی ہے تو دلالت ہے اس امر کی کہ ایسا آدمی دولت مند اور خیالات کا پاکیزہ ہوگا اور اگر ہتھیلیاں زرد ہیں تو دلالت فسق و فجور کی ہے اور اگر دونوں ہتھیلیاں سفید و سیاہی مائل ہیں تو یہ علامت بد بختی کی ہے۔ اور اگر خطوط ہتھیلیوں کے بدرجہ اوسط نمایاں ہیں تو درجہ سعادت رکھتے ہیں ورنہ بصورت کم و زیادہ منزل نحوست کے مسافر ہیں۔

علاماتِ انگشت

اگر ہاتھوں کی انگلیاں لانبی ہیں تو یہ علامت ہے طویل عمری کی اگر پتلی و نرم ہیں تو نیک بختی کی نشانی ہے اور اگر یہی انگلیاں ٹیڑھی ہیں تو بدبختی پر دلالت کرتی ہیں اور اگر انگلیوں کو باہم ملاتے میں درمیان میں جوف نمایاں ہوں۔ تو یہ علامت فقیری اور فضول خرچی کی ہے اور اگر درمیان ہر دو انگلیوں جوف نہ ظاہر ہوں تو اقبال مندی اور صاحبِ دولت ہونے کی علامت ہے۔

علاماتِ ناخن

اگر ناخن سرخ ہیں تو علامت عقل و دانائی و فراخ دستی کی ہے اور اگر رنگ زرد سیاہ ہے تو تنگدستی و بدبختی پر دلالت کرتا ہے۔

علاماتِ آواز

اگر آواز بھاری اور اونچی ہے تو بہادری اور عزم کی پختگی پر دلالت کرتی ہے اور اگر باریک و نرم ہے تو علامت اخلاق کو ظاہر کرتی ہے اور اگر غنغناہٹ ہے تو دلیل تکبّر ہے اور اگر آواز ناگوار سماعت ہے تو دلیل حماقت اور بدطینتی اور اگر آہستگی و نرمی کی آواز ہے تو عقل و دانائی کی بشارت ہے اور جلدی جلدی بات کرنا بدخلقی کی علامت ہے۔

علاماتِ رفتار

اگر رفتار ٹیڑھی ہے تو اول درجہ کی بدتمیزی پر دلالت کرتی ہے تیز رفتاری قہر و غضب اور جہالت کی علامت ہے قد لانبا رکھنا دلیل جہالت و حماقت کی ہے۔ میانہ روی۔ پاکبازی، شرم و حیا نیک چلنی۔ سرخروئی اور نیکو کاروں کی علامت ہے۔

علاماتِ ذکر

اگر ذکر ٹیڑھا ہے تو دلالت فسق و فجور کی ہے اور آگے کا حصہ موٹا اور پیچھے کا پتلا ہے تو علامت مجلوقیت اور غیر فطری طریقے کا استعمال ہے اور اگر سیدھا اور فربہ ہے تو قوت کی فراوانی پر دلالت کرتا ہے اور اگر اوپر ذکر کے رگیں نمودار ہوں تو علامت عسرت و افلاس کی ہے۔

علاماتِ خصیہ

اگر ایک خصیہ بڑا اور دوسرا چھوٹا ہے تو شہوت کی زیادتی کا سبب بنے گا عورتوں کی طرف رغبت زیادہ

ہوگی اور اگر دایاں خصیہ چھوٹا ہے تو ایسے شخص کے نطفے سے لڑکے زیادہ پیدا ہوں گے اور اگر بایاں خصیہ بڑا ہے تو لڑکیاں زیادہ پیدا ہوں گی اور بعض حکماء نے لکھا ہے کہ چھوٹا فوتہ نشان تونگری اور بڑا مفلسی کی علامت ہے۔

علاماتِ ران وساق پا

اگر ران گوشت سے بھری ہوئی ہو تو عورتوں کے ساتھ عیش وعشرت پر دلالت کرتی ہے اور ران پر بالوں سے بھری ہے اور بال لمبے ہیں تو پا پیادہ کثیر السفر ہونے کی علامت ہے اور اگر پنڈلی بہت لانبی ہے تو دولت دشمنی اور تکبر پر کرتی ہے اور اگر بہت چھوٹی ہے تو غربت اور افلاس کا پتہ دیتی ہے اور اگر بدرجہ اوسط ہے تو دلالت کرتی ہے سخاوت و بہادری مخلصی اور نیک نیتی پر۔

علاماتِ ٹخنہ

ٹخنہ پر گوشت کا ہونا دلیل آسودگی اور ٹخنوں پر بالوں کا ہونا قلت اولاد اور اگر کسی کے دونوں ٹخنے متوازن نہ ہوں یعنی ایک بڑا اور دوسرا چھوٹا ہو تو اس کی زندگی اکثر محبس میں گزرے گی۔ ٹخنہ اونچا اور ٹیڑھا نشان افلاس و پریشانی کا ہے۔

علامات ایڑی

اگر ایڑی چھوٹی اور ملائم ہے تو علامت فارغ البالی دولت مندی شہرت۔ نیکنامی پر محیط ہے اور ایڑی بڑی ٹیڑھی اور سخت ہے تو دلیل ہے مفلسی، مصیبت اور پریشانی کی۔

علاماتِ کف پا و پشت پا

اگر کسی کے پشت پا اونچے ہیں تو یہ علامت نیک بختی اور سعادت مندی کی ہے اور اگر کف پا زرد وسیاہ ہیں تو قلتِ اولاد اور علامت فسق وفجور کی ہے اور اگر کف پا لال ونرم ہیں تو یہ علامت عقل مندی اور صاحب دولت مندی ہونے کی ہے۔

علامات موئے سر

اگر سر کے بال سخت ہیں تو علامت بہادری اور مستقل مزاجی کی ہے اور اگر بال نرم ہیں تو خوف پر دلالت کرتے ہیں اور اگر سختی متوسط ہے تو دلیل ہے خوبیوں کی جو ظاہری

اور باطنی کی وغیرہ وغیرہ

علامات موئے صدر اگر سینے پر بال مثل گھاس کے اُگے ہوں تو یہ علامت ہے سفلے پن چغلخوری۔حاسدی اور کمینہ پن اور اگر بال تھوڑے اور ملائم ہیں تو دلالت کرتے ہیں نیک مزاجی۔ملنساری۔لطافت۔دانائی وغیرہ پر۔اور اگر بال بزنگ زرد ہیں تو یہ دلیل ہے حماقت کی۔اور اگر کسی کے مسام سے ایک بال اُگے تو دلیل دولت کی ہے۔دو دلیل ہنرمندی تین۔صاحب عبادت اور چار اُگنے پر علامت مفلسی۔قلانچی پر دلالت کرتی ہے۔

علامات رنگ رنگ سرخ خون چھلکتا ہوا، علامت جلد بازی ورزدرد رنجی رنگ سبزی مائل، دلیل بباطن بدی۔رنگ سرخ وسپید دلیل اخلاقی مجسمہ۔محبتی۔کفایت شعاری کا اظہار کرتی ہے۔رنگ سیاہی مائل علامت بد اخلاقی اور رنگ گندمی دلالت کرتا ہے۔خوش اخلاقی۔عقل ودانائی اور نیک بختی پر۔　(واللہ اعلم بالصواب)

تمت بالخیر

نیازمند

سید رضی حسین